کُتب خانہ و ادارۂ تحقیق مخطوطاتِ مشرقی حکومت آندھرا پردیش

وضاحتی فہرستِ مخطوطاتِ اُردو
(شاعری)

جلد دوم

مرتبہ

مسز رفعت رضوانہ

ریسرچ اسسٹنٹ شعبۂ تحقیق اُردو

تصحیح و نظر ثانی

پروفیسر اشرف رفیع

شعبۂ اُردو. جامعۂ عثمانیہ

مدیر اعلیٰ

این آر وی پرساد ایم اے.

ناظم کتب خانہ و ادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی حکومت آندھرا پردیش

۱۹۹۴ء

سلسلۂ مطبوعات کتب خانہ وادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی، حکومت آندھرا پردیش ۴۲

وضاحتی فہرست مخطوطات اردو

(شاعری)

جلد دوم

مرتبہ

مسز رفعت رضوانہ
شعبہ اردو تحقیق
کتب خانہ وادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی، حکومت آندھرا پردیش

کاتب .... محمد عتیق الرحمن
اشاعت اول .... مارچ ۱۹۹۴ء
تعداد .... (۵۰۰)
قیمت ....

مطبع .... ریر پرنٹرس

۱۷-۳-بی-۱۴۷ یاقوت پورہ حیدرآباد ۵۰۰۰۲۳

ملنے کا پتہ

ناظم، کتب خانہ وادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی، حکومت آندھرا پردیش
رتن محل بلڈنگ 5.8.591 عابد روڈ حیدرآباد ۱
۱۹۹۴ء

A Descriptive Catalogue of Urdu Manuscripts

(Poetry)

Vol. II

Compiled by

Mrs. Rafat Rizwana

(Research Assistant Urdu Wing)

General Editor

N.R.V. PRASAD, M.A.,

DIRECTOR.

Published By

ANDHRA PRADESH GOVERNMENT ORIENTAL MANUSCRIPT LIBRARY AND RESEARCH INSTITUTE, HYDERABAD.

1994

A Descriptive Catalogue of Urdu Manuscripts Vol. II

A.P.G.O.M.L. & R.I. Serial No.43

No. of Copies : 500 Price : Rs.

Printer By

RARE Printers,

17-3B-414, Yakutpura, Hyderabad, 500023, A.P.

فہرست

پیش لفظ	(انگریزی)	ڈاکٹر این. آر. وی. پرساد
تعارف	(انگریزی)	پروفیسر اشرف رفیع
حرفِ آغاز		پروفیسر اشرف رفیع
عرضِ حال		مسز رفعت رضوانہ

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ نمبر
١	منتخبات	١
٢	بیاضیں	٤٧
٣	رسائل	١٠٧
٤	غزلیات	١١٠
٥	قصائد	١١٩
٦	کلام الشعراء	١٤٨
٧	کشکول	١٥٨

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ نمبر
٨	مجموعہ	١٧٤
٩	مخمسات	٢١٢
١٠	مراثی	٢٢٤
١١	واسوخت	٢٣٦
١٢	متفرقات	٢٤٨
١٣	اشاریہ	٣٠٣

نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
	منتخبات	
١	انتخاب اساتذہ	١
٢	انتخاب اشعار	١٢
٣	انتخاب دیوان جرأت	١٤
٤	انتخاب کلام شعرائے اُردو	١٧
٥	انتخاب کلام شعرائے اُردو	٢٣
٦	انتخاب کلام رز اقتیل و انشاؔ	٢٥
٧	اشعار منتخب	٢٧
٨	اشعار متفرق ہندی	٢٩
٩	اشعار متفرق ہندی	٣٠
١٠	منتخب اشعار و غزلیات شعرائے اُردو	٣٢
	بیاضیں	
١	بیاض اشعار	٣٧
٢	بیاض اشعار	٤٠
٣	بیاض اشعار (نعت)	٤٣
٤	بیاض اشعار	٤٥

سلسلہ نشان	نام کتاب	صفحہ نمبر
۵	بیاض اشعار	۴۷
۶	بیاض اشعار	۴۸
۷	بیاض اشعار	۴۹
۸	بیاض اشعار	۵۰
۹	بیاض اشعار و غزلیات	۵۱
۱۰	بیاض اشعار فارسی و اردو	۵۲
۱۱	بیاض اشعار متفرق	۵۴
۱۲	بیاض اشعار متفرق	۵۶
۱۳	بیاض متفرق اشعار	۵۸
۱۴	بیاض متفرق اشعار	۶۰
۱۵	بیاض اہل ماتم	۶۱
۱۶	بیاض جنگ اشعار	۶۳
۱۷	بیاض قصائد	۶۹
۱۸	بیاض قصائد	۷۲
۱۹	بیاض قصائد	۷۳
۲۰	بیاض قصائد	۷۴
۲۱	بیاض قصائد و اشعار	۷۵
۲۲	بیاض قصائد سودا	۷۷
۲۳	بیاض قصائد کمال	۷۹
۲۴	بیاض کلام الشعراء	۸۰
۲۵	بیاض کلام الشعراء	۸۳
۲۶	بیاض کلام شعرائے فارسی اردو	۸۴
۲۷	بیاض کلام جعفر و شعرائے دکنی	۸۵
۲۸	بیاض کلام سراج و متفرق اوراق	۸۶
۲۹	بیاض مجمع الاشعار	۸۸
۳۰	بیاض مجمع الاشعار (شعرائے اردو قدیم)	۹۲
۳۱	بیاض مجموعہ اشعار و قصائد	۹۴
۳۲	بیاض شیدا	۹۶
۳۳	بیاض غزلیات	۹۸
۳۴	بیاض منور	۱۰۱
۳۵	بیاض مہتاب الدولہ درخشاں	۱۰۳

نشانِ سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
٣٦	بیاض منقبت	١٠٦
	رسائل	
١	رسالہ حکمی نامہ (متفرق غزلیات)	١٠٧
٢	رسالہ غزلیات	١٠٨
٣	رسالہ کلام ریختہ	١٠٩
	غزلیات	
١	غزلیات ہندی و فارسی	١١٠
٢	غزلیات و قصائد	١١٢
٣	غزلیات معصوم	١١٣
٤	گلدستہ غزلیات	١١٧
	قصائد	
١	قصائد اُردو	١١٩
٢	قصائد نقاد (نعتیہ غزلیات)	١١٩
٣	قصائد سودا	١٢٣
٤	قصائد سودا	١٢٨
٥	قصائد سودا	١٣١
٦	قصائد سودا	١٣٣
٧	قصائد سودا	١٣٦
٨	قصائد نوید	١٣٨
٩	قصیدہ تہنیت عید الضحیٰ	١٤١
١٠	قصیدہ در مدح سلیمان جاہ	١٤٣
١١	قصیدہ کمال	١٤٦
	کلام الشعراء	
١	کلام الشعراء	١٤٩
٢	کلام الشعراء	١٥٠
٣	کلام ایجاد	١٥٢
٤	کلام برہان	١٥٤
٥	کلام واسق	١٥٦
	کشکول	
١	کشکول	١٥٨
٢	کشکول	١٦٣
٣	کشکول	١٦٥

نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
۴	کشکول	۱۶۷
۵	کشکول	۱۶۹
۶	کشکول	۱۷۰
۷	کشکول	۱۷۱
	مجموعہ	
۱	مجموعہ اشعار	۱۷۴
۲	مجموعہ اشعار	۱۷۷
۳	مجموعہ اشعار	۱۷۹
۴	مجموعہ اشعار متفرق	۱۸۱
۵	مجموعہ اشعار تعویذات	۱۸۳
۶	مجموعہ تواریخ مہر	۱۸۴
۷	مجموعہ سلام سراج	۱۸۸
۸	مجموعہ سلام فاخر	۱۹۰
۹	مجموعہ کلام عاجز و بلاتی	۱۹۲
۱۰	مجموعہ مثنویات و قصائد	۱۹۳
۱۱	مجموعہ مراثی	۱۹۵
۱۲	مجموعہ مراثی	۲۰۱
۱۳	مجموعہ مراثی	۲۰۶
۱۴	مجموعہ واسوخت	۲۰۸
	مخمسات	
۱	مخمس بہ ہجو بشیر الملک و افیون نامہ	۲۱۲
۲	مخمسات	۲۱۴
۳	خمسہ مدح علی کرم اللہ وجہہ	۲۱۷
۴	مسدس کلیان داس	۲۱۹
۵	مسدس مکھن لعل	۲۲۰
	مراثی	
۱	مرثیہ اُردو	۲۲۴
۲	مرثیہ امام حسینؑ	۲۲۵
۳	مرثیہ انیس	۲۲۶
۴	مرثیہ جات	۲۲۸
۵	مرثیہ جات	۲۳۰

نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
۶	مراثی	۲۳۲
۷	مراثی	۲۳۳
	واسوخت	
۱	واسوخت امانت	۲۳۶
۲	واسوخت امانت	۲۳۹
۳	واسوخت امیر مینائی	۲۴۱
۴	واسوخت سودا	۲۴۵
	متفرقات	
۱	بزم فرحت	۲۴۸
۲	ترجمہ رباعیات عمر خیام	۲۵۰
۳	تصانیف مرزا محمد تقی جلد پنجم	

نشان سلسلہ	نام کتاب	صفحہ نمبر
	اور دیوان زور	
	میر تراب علی زور (در یک جلد)	۲۵۳
۴	تصانیف مرزا محمد تقی جلد ششم	۲۶۳
۵	خزینۂ سخن	۲۷۷
۶	زمانۂ آشوب	۲۸۱
۷	شہر آشوب	۲۸۳
۸	فغان دہلی	۲۸۵
۹	فہرست جان سخن	۲۹۳
۱۰	قطعات تاریخی بمسرت	
	والیی شاہانہ	۲۹۵
۱۲	نوید بہار	۲۹۸

۱ اشاریہ ۳۰۴

PREFACE

The Oriental Manuscripts Library & Research Institute has in its collection nearly 1,700 Urdu manuscripts which contain valuable information of the political, social and economic conditions of the Deccan during the period from 16th century to the late 19th century A.D. A descriptive catalogue Vol.I was brought out as early as 1988. Still lot of material was left-over which is now being brought out in Vol. II.

Being the court language, Urdu has enjoyed a pre-eminent status and as a result of the royal documents and firmans have remained ne[illegible] and the source of many non-Urdu knowing research scholars. It has been a much-wanted demand from the research scholars to [illegible] complete descriptive catalogue of the Urdu manuscripts existing in the Oriental Manuscripts Library & Research Institute. In response to the above demand, it is decided to bring out a catalogue of the remaining Urdu manuscripts available in Oriental Manuscripts Library & Research Institute in Vol. II. When entrusted the above task, Smt. Rafat Rizwana, Research Assistant working in the Urdu Wing of Oriental Manuscripts Library & Research Institute has willingly taken up the above work and completed it to the extent possible to her. She deserves to be congratulated for her maiden venture and hope that the research scholars who are interested to make use of the library for the

source material in Urdu existing in the Oriental Manuscripts Library & Research Institute will be greatly benefited by it. I also thank, the other staff working in Oriental Manuscripts Library & Research Institute who have co-operated with me in the above work. I also thank, M/s Rare Printers for taking great pains in printing the catalogue in a neat form.

N.R.V. Prasad, M.A.,

Director.

INTRODUCTION

Precious treasures of our language and literature lying in an official, semi official, personal and private libraries are un-noticed from men of letters and Research scholars. Moreover, it is difficult for students and Research scholars to have access to these libraries unless we have the keys of their almirahs and boxes i.e. Catalogues. Practically, it is not possible to cover all the Linguistic and literary treasures of our language. Bibliographies, and Catalogeus are in a way keys to our libraries to have an access to the knowledge and learning contained in their collections.

The basic purpose of a catalogue or a bibleography is to satisfy the academic needs of a reader. These are the tools for selection of relevant books helpful in the study and research of the topic. These tools provide information about the treasures of knowledge preserved in the libraries. A descriptive catalogue gives more details information about contents of a book. Than the formalities or even an annoted bibliography.

The first of all orientalist deverted their attention for the preparation of descriptive catalogue. In 1793 S. Barthai published

"Hindustani Kitabon Ki Fehrist" (a catalogue of Hindustani books). The year is also important because Gilchrist has first published a Lexicon from Calcutta entitled "Hindustan English Dictionary" with the help of Hunter. In the first decade of the 19th Century i.e. 1809. Charles Stewart prepared a catalogue of Tipu Sultan's Library. After some sixteen years Longes' Catalogue was published in 1825. Just three years later, Wilson has prepared the catalogue of Oriental Manuscripts belonging to Lt. Colonal Colen Mackenzi. The last ring of the chain is the British Museum Catalogue of Oriental Manuscripts published in 1846.

The catalogue prepared by Spranger is a descriptive catalogue giving comparatively more details about the books etc This was easy for Spranger because he was well versed in Arabic, Persian and Turkish lanaguages. In 1847 when he was appointed as Additional Assistant to the Resident at Lucknow, he had utilised this opportunity and prepared a detail catalogue of the King's of Awadh Library. The Awadh catalogue comprised of 655 pages contains full particulars and notes about 732 manuscripts in Arabic, Persian and Urdu. This catalogue has been published in 1854 from Calcutta. On the demise of Garsan D'Tasi (3rd September 1878) his true deciple Franso Delvincal prepared a details descriptive catalogue of his collection on the pattern of Awadh catalogue which was published from Paris in 1879. This catalogue is comprised of 280 pages (inclusive of appendices covering 2975 manuscripts and printed books in Hindustani (Urdu), Sanskrit, Arabic, Persian and Turkish.

In the 20th century Ethe and Dr. Bloomhart prepared two catalogue of Oriental Manuscriptss preserved in the India Office Library and the Edinbraugh University. These Catalogues are incomplete in many respects.

So far we have mentioned the catalogue prepared by the Orientalists. Prof.Abdul Qader Sarwari of Osmania University has ventured to prepare catalogue of manuscripts in the Osmania University Library. This is perhaps the first descriptive catalogue of 67 Urdu manuscripts prepared and published by an Indian scholar. In its preface, Prof.Sawari writes " "Perhaps so far no one has attempted to prepare a descriptive catalogue of Urdu Manuscripts in the Urdu language. This catalogue is, therefore, the starting point of such attempts".

The second work of this kind published from Hyderabad is the descriptive catalogue of Moulvi Naseeruddin Hashmi entitled "EUROPE MEIN DECCANI MUKHTUTAT (Deccani manuscripts in Europe). The book contains a detail introduction and survey of 159 manuscripts. In his works Naseeruddin Hashmi presented a critical study of the catalogues prepared by Ethe and Bloomhart, and tried his best to rectify their mistakes. The contemporary work of cataloguing is the descriptive catalogue of the Asifia library, Hyderabad Deccan prepared in Persian by Tasudduq Hussain Kazimi and Abbas Hussain Kazimi, Librarians of Asifia Library, Hyderabad. Then Dr.Syed Mohiuddin Quadri Zor has prepared descriptive catalogues of the manuscripts of Idara-e-Adabiyate Urdu. These

were entitled as "TAZKIRA-E-MUKHTUTAT" printed and published by the Idara-e-Adabiyate Urdu.

The late Mr.Naseeruddin Hashmi has done a lot of work in traceing the other collections of libraries in Hyderabad and bring them to light. With deep study and tremendus labour he has prepared descriptive catalogues of Central Record Office (Andhra Pradesh State Archieves) and Arachaeological Museum of Hyderabad. and Salarjung Museum Library. He had also completed the cataloguing of the State Central Library, Hyderabad, A.P. (Erstwhile, Asifia State Library) in 1950. This catalogue was to be published by Anjuman-e-Taraqui Urdu but for want of funds its publication was delayed. After a decade its revised publication could be brought out by the Anjuman in 1961.

In 1971 Andhra Pradesh Oriental Manuscripts Library and Research Institute was establisned. Its fundamental collection is comprised of the manuscripts and reference works transfered from the Asifia State Library, Hyderabad. The total number of the Manuscripts (Paper & Palm leaves) comes to 23161, of these Manuscripts pertaining to subjects of Arts Social Sciences and literature. 76% of the collection is in Urdu, Arabic and Persian languages. Oriental Manuscripts Library is one of the most famous libraries in India for its precious and rare collections of manuscripts. A number of research scholars from all over the world visit Oriental Manuscripts Library, refer its collections and successfully search out the valuable and rare meterial about their

topic.

Dr.V.V.L. Narsimha Rao, the then Director of Oriental Manuscripts Library & Research Institute felt the necessisty for preparation of a descriptive catalogue according to modern norms of library science to fulfil the needs of scholars. He has taken personal interest and got prepared and publised a descriptive catalogue of Urdu Manuscripts Vol. I in 1988. The present descriptive catalogue is the second valume which deals with generes of Urdu poetry, collection of poetical works, and different types of verses etc. Details of which are given in the list of contents. This volume covers ( ) manuscripts arranged subjectwise according to Duvy Decemil classification extended schedules of the Osmania University compiled by Dr.Nizamuddin, Head, Dept. of Persian and Senior Librarian of Osmania University. These manuscripts have been arranged under the subject headings by their titles in alphabetical order. Incase, there are more than one copies of the manuscript they have been arranged in chronological order by the dates of compilation of the works or by the date of their transcription.

The pattern of this catalogue is as follow :

1. The title of the manuscript.
2. (i) Name of the poet/author (inverted)
   (ii) Takhallus (poetic name) with indication ( )
   (iii) Date of demise (poet/author)
3. (i) Manuscript number

(ii) Accession numner

(iii) Call number (left blank as the collection is yet to be classified)

4. Subject : poetry and its subdivision.

5. Bibliagraphic description and special features.

   i. Number of folios

   ii. Size in cm.

   iii. Lines on a page

   iv. Paper (Indian/Europian) and water marks.

   v. Script, (Naskh Nastaleeq, Shakista etc.)

   vi. Lining and decoration.

   vii. Seals, Autographs etc.

6. Transcription

   i. Name of scribe

   ii. Place of transcription

   iii. Year of transcription/completion (both in Hijra & A.D.)

7. Contents :

8. Beginnign

9. Ending

10. Colaphon

11. Note (short note about the manuscript along with biography of the poet/author and necessary particulars.)

A few manuscripts of this catalogue are eighter rare or valuable. They also contain literary historical and social information for example:

I. Qatat-e-Tarikhi ba-masrrath Wapasi Shahana uz Delhi (MS 1295)

To commomrate H.E.H. the Nizam return from his Royal tour of Delhi, the nobles, Ministers, Businessmen and Officials of Hyderabad had erected decorative arches for hearty reception of Nizam VII in Hyderabad city. Chronograms were written or pasted on those arches. This manuscript deserves editing and publication. It will disclose interesting cultural and historical facts and love and affection of Hyderabadis towards their ruler.

II. Majmua-e-Tawarikh -e-Mehr (Ms. 1434).

This manuscript contains important literary, historical and cultural information, apart from a short biography of the poet Wazeeruddin Mohammed Mehr which is not yet edited and published.

III. Kashkole (Ms.3854)

This manuscript contains unpublished verses of some important poets. These are Ghazals, Noahe, Marthiae, Salams, Manaqib and riwayateen.

In certain Hand books (Bavazeen) Kashkole and Majmuaat (poetical collections) we find poetical works by poets not yet published. These poets are Siraj Aurangabadi, Mirza Dabeer, Meer Khaleq , Meer Munis and others. Unpublished have been pointed out in this catalogue after considerable research. This newly found material has been pointed out for future study. Similarly some new poetical names are also appearing in this catalogue.

A.P.G.O.M.L.& R.I. HYDERABAD.

Mr. N.R.V. Prasad, Director of the Oriental Manuscripts Library and Research Institute has taken personal interest for publication of this reference work for the research scholars and orientalists. Dr.M.A.K.Fatimy, Reseach Officer and Librarian of Abul Kalam Azad Oriental Research Institute, Hyderabad has imparted his professional kowledge and advice in the compilation of this catalogue. The present volume is the result of the incessent efforts made by Mrs.Rafat Rizwana. She is also doing her Ph.D., research in Osmania University under my supervision.

Mr Mir Karamat Ali, (Research Officer) Oriental Manuscript Library and Research Institute has extended his co-operation in this reference work. I am personally indebted to Dr.V.V.Krishna Shastri for assigning me with the task of supervision and review for the descriptive catalogue Vol-II also.

(PROF. ASHRAF RAFI)
Department of Urdu,
Osmania University,Hyd-7.

حرفِ آغاز

ہماری زبان اور اس کے ادب کے کئی اہم اور بیش قیمت خزانے دنیا بھر کے سرکاری، نیم سرکاری، خانگی اور شخصی کتب خانوں میں اہلِ قلم کی نگاہوں سے پوشیدہ، الماریوں، صندقوں میں بند پڑے ہیں۔ ان پوشیدہ خزانوں تک کسی طالبِ علم اور محقق کی رسائی آسان کام نہیں۔ جب تک ان خزانوں کی کنجیاں ہمارے ہاتھ نہ آجائیں اس وقت تک ہماری زبان اور ادب کا کسی اصولی حیثیت سے احاطہ ممکن نہیں۔ کتابیات، فہرست کتب (BIBLEOGRAPHY) اور کیٹلاگ (CATALOGUE) ایک لحاظ سے لائبریریوں کی کنجیاں ہیں، جن سے علم و ادب کے خزانے کھل جاتے ہیں۔

فہرستِ کتب اور کیٹلاگ کا بنیادی مقصد قاری کی علمی ضرورتوں کو پورا کرنا اور حصول مقصد یا تحقیق کے لئے موزوں کتابوں کے انتخاب میں مدد دینا اور علم و ادب کے اُن ذخیروں سے آگاہ کرنا ہے، جو کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ وضاحتی فہرست (DESCREPTIVE CATALOGUE) کتابوں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

وضاحتی فہرست سازی کی طرف سب سے پہلے مستشرقین (orientalists) نے توجہ کی ہے۔ ایس بارتھل میورڈم نے ۱۷۹۳ء میں "ہندستان کی کتب کی فہرست"

شائع کی ہے۔ یہی وہ اہم سال ہے جب گلکرسٹ نے پہلی انگریزی ہندستانی ڈکشنری ہنٹر کی مدد سے تیار کر کے کلکتہ سے شائع کی تھی۔ انیسویں صدی کے اوائل یعنی ۱۸۰۹ء میں چالس اسٹیوارٹ نے کتب خانہ ٹیپو سلطان کی فہرست مرتب کی۔ اس کے سولہ سال بعد ۱۸۲۵ء میں لانگے کی فہرست شائع ہوئی۔ تین برس بعد ۱۸۲۸ء لفٹنٹ کرنل کولن میکنزی کے مشرقی مخطوطات کی فہرست ایچ ولسن نے مرتب کی۔ اس سلسلہ کی آخری کڑی برٹش میوزیم کے مشرقی مخطوطات کا کیٹلاگ ہے، جو ۱۸۴۶ء میں شائع ہوا۔

اسپرنگر کا کیٹلاگ نسبتاً تفصیلی کیٹلاگ ہے، جسے وضاحتی فہرست کتب کا پہلا روپ کہا جا سکتا ہے۔ اسپرنگر کو عربی، فارسی اور ترکی میں مہارت حاصل تھی۔ ۱۸۴۷ء میں جب وہ لکھنؤ میں ریذیڈنٹ کے اڈیشنل اسسٹنٹ مقرر ہوئے تو انہوں نے موقع سے فائدہ اٹھا کر شاہان اودھ کے کتب خانے کی ایک جامع فہرست مرتب کی۔ اودھ کیٹلاگ کے (۳۲۷) عربی، فارسی اور اردو مخطوطات کا تذکرہ (۶۵۵) صفحات میں کیا گیا ہے۔ یہ فہرست ۱۸۵۴ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی۔ اس فہرست کے نمونہ کو پیش نظر رکھ کر گارساں دتاسی کے انتقال کے بعد (۳ ستمبر ۱۸۷۸ء) اس کے شاگرد رشید فرانسوا دلونکل نے دتاسی کے کتب خانے کی تفصیلی فہرست تیار کی۔ یہ فہرست پیرس میں ۱۸۷۹ء میں شائع ہوئی۔ یہ کیٹلاگ مع ملحقات (۲۸۰) صفحات پر مشتمل ہے، جس میں ہندستانی (اردو) سنسکرت، عربی، فارسی اور ترکی کے (۲۹۷۵) قلمی و مطبوعہ نسخے شامل ہیں۔

بیسویں صدی میں انڈیا آفس لائبریری اور اڈنبرا یونیورسٹی کے کتب خانوں کی فہرستیں ایتھے اور ڈاکٹر بلوم ہارٹ نے مرتب کیں۔ ان فہرستوں میں بہت سی خامیاں

رہ گئی تھیں۔

اب تک جن فہرستوں کا ذکر آیا ہے، وہ تمام مختلف زبانوں کی مشترکہ اور مستشرقین کی مرتبہ فہرستیں تھیں۔ ۱۹۲۹ء میں پروفیسر عبدالقادر سروری نے جامعہ عثمانیہ کی (۷۶) اردو قلمی کتابوں کی فہرست مرتب کی تھی۔ شاید یہ اردو میں پہلی وضاحتی مطبوعہ فہرست ہے، جسے کسی ہندستانی اسکالر نے مرتب کیا ہے۔ اپنی "تفصیلی فہرست اردو مخطوطات" کی تمہید میں سروری صاحب لکھتے ہیں:

"اردو زبان میں اردو مخطوطات کی فہرست لکھنے کی کوشش شاید کسی نے اب تک نہیں کی اس لئے یہ فہرست گویا اس قسم کی کوششوں کا آغاز ہے۔"

اس کے بعد ہاشمی صاحب کی کتاب "یورپ میں دکھنی مخطوطات" شائع ہوئی جس میں (۱۵۹) مخطوطات کا تفصیلی تعارف و جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں ہاشمی نے بلوم ہارٹ اور ایتھے کی مرتبہ فہرستوں پر تنقید کرکے ان کی اصلاح بھی کی ہے۔

تقریباً اسی زمانے میں تصدق حسین کاظمی اور عباس حسین کاظمی نے آصفیہ اسٹیٹ لائبریری حیدرآباد دکن کی چار فہرستیں فارسی میں تیار کیں۔ پھر ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور نے ادارہ ادبیات اردو کے مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں بعنوان "تذکرہ مخطوطات" مرتب کرکے شائع کیں۔

مولوی نصیر الدین ہاشمی مرحوم نے کتابوں کے پوشیدہ ذخیروں کو عوام

سے متعارف کروانے کے سلسلہ میں کئی اہم کام انجام دیئے ہیں۔ اسٹیٹ سنٹرل ریکارڈ آفس اور عجائب خانہ حیدرآباد اور کتب خانہ سالار جنگ کے اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں انہوں نے بڑی محنت اور دیدہ ریزی سے تیار کیں۔ اسٹیٹ سنٹرل لائبریری کی فہرست سازی کا کام انہوں نے ۱۹۵۰ء میں مکمل کر لیا تھا۔ یہ فہرستیں انجمن ترقی اردو کی طرف سے شائع ہونے والی تھیں۔ لیکن مالیہ کی کمی کے باعث اس کی اشاعت کا انتظام نہ ہو سکا۔ نظرثانی کے بعد یہ فہرستیں ۱۹۶۱ء میں شائع ہوئیں۔

۱۹۷۱ء میں آندھرا پردیش اورینٹل مینکرپٹ لائبریری اور ریسرچ انسٹیٹوٹ قائم کیا گیا۔ اس لائبریری کا بنیادی ذخیرہ اسٹیٹ سنٹرل لائبریری سے منتقل ہونے والے مخطوطات پر مشتمل ہے۔ یہاں اب تمام مخطوطات اور تاڑ پتر کی جملہ تعداد (۲۳۱۶۱) ہے، جس کے ۷۶ فیصد مخطوطات اردو، عربی اور فارسی زبان و ادب کے علاوہ مختلف علوم و فنون سے متعلق ہیں۔ یہ لائبریری قدیم مخطوطات اور کم یاب و نایاب مخطوطات کی وجہ سے ملک بھر کے مشہور لائبریریوں میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ یہاں ہر روز کئی پیاسے تلاشِ علم و ادب میں دنیا بھر سے آتے ہیں۔ اور گوہرِ مقصود ساتھ لے جاتے ہیں۔ ان تشنگانِ علم و تحقیق کے مطالعہ کی سہولت کے لئے ایک جدید ترین وضاحتی فہرست کی ضرورت کو ڈاکٹر وی۔ ایل۔ نرسمہاراؤ ڈائرکٹر اورینٹل مینکرپٹ لائبریری نے ۱۹۸۸ء میں محسوس کیا تھا۔ اپنی شخصی دلچسپی سے "وضاحتی فہرستِ مخطوطاتِ اردو" جلد اوّل کی ترتیب اور اشاعت کا انتظام بھی کیا تھا۔

زیرِ نظر وضاحتی فہرست کی جلد دوم، مختلف اصناف شاعری، منظومات، مجموعۂ کلام

اور متفرق اشعار پر مشتمل ہے۔ جس کی تفصیل، فہرست مضامین میں دی گئی ہے۔
اس فہرست میں (   ) مخطوطات شامل ہیں۔ فہرست کی ترتیب عثمانیہ یونیورسٹی میں رائج ڈیوی اشاریہ درج بندی کے توسیعی جدول مرتبہ ڈاکٹر نظام الدین کے مطابق کی گئی ہے۔

اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست جلد دوم میں مندرجہ ذیل عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت ہر مخطوطہ سے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۱۔ مخطوطہ کا نام
۲۔ (الف) شاعر/مصنف کا نام
(ب) تخلص
(ج) تاریخ وفات (شاعر/مصنف)
۳۔ (الف) مخطوطہ کا نمبر
(ب) داخلہ نمبر
(ج) طلب نمبر (ابھی ان مخطوطات کی لائبریری سائنس کے اصولوں پر درجہ بندی نہیں ہوئی ہے اس لئے فی الوقت طلب نمبر کی خانہ پری نہیں ہو سکی۔
۴۔ مضمون (SUBJECT) شاعری اور اصناف شاعری۔
۵۔ کیفیت وخصوصیات کی سرخی کے تحت!

(الف) اوراق کی تعداد

(ب) تقطیع (سائز سنٹی میٹر میں)

(ج) مسطر

(د) کاغذ (دیسی یوروپی معہ آبی نشان)

(ھ) خط (نسخ / نستعلیق / شکستہ وغیرہ)

(و) جدول، تزئین

(ز) مہریں اور آٹو گراف وغیرہ

۶ - کتابت کی سرخی کے تحت!

(الف) کاتب کا نام

(ب) مقام کتابت

(ج) سنہ تصنیف / سنہ کتابت (ہجری اور عیسوی میں) درج ہے

۷ - مخطوطہ کے مندرجات

۸ - مخطوطات میں موجود ابتدائی شعر

۹ - آخری شعر

۱۰ - ترقیمہ

۱۱ - آخر میں حسب ضرورت ایک وضاحتی نوٹ کا اضافہ بھی کیا گیا ہے جس میں شاعر / مصنف کی مختصر سوانح اور ضروری معلومات درج کی گئی ہیں.

اس فہرست میں شامل بعض مخطوطات، نادر و نایاب ہیں اور کئی ایک

تاریخی، ادبی اور سماجی اعتبار سے اہمیت کے حامل ہیں مثلاً

۱۔ قطعات تاریخی بمسرت واپسی شاہانہ از دہلی (مخطوطہ نمبر ۱۲۹۵) ۱۹۲۸ء میں نواب میر عثمان علی خاں آصف سابع دہلی گئے تھے واپسی کے موقع پر اعلیٰ حضرت کے استقبال کے لئے شہر حیدرآباد میں امرا، وزراء، تاجروں اور سرکاری محکموں کی طرف سے نحو بصورت خیر مقدمی کمانیں لگائی گئی تھیں۔ ان کمانوں پر قطعات تاریخی بھی لکھوائے گئے تھے۔ یہ مخطوطہ اگر مرتب کر کے طبع کر دیا جائے تو کئی دلچسپ حقیقتیں سامنے آ سکتی ہیں۔

۲۔ مجموعہ تواریخ مہر۔ (مخطوطہ نمبر ۱۴۳۴) یہ نسخہ بھی تاریخی، سماجی اور ادبی اہمیت کا حامل ہے جو ابھی تک منظر عام پر نہیں آیا ہے۔ اس نسخہ سے خود مصنف ذوالفقار الدین مہر کے حالات زندگی پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

۳۔ کشکول (مخطوطہ نمبر ۳۸۵۴) اس میں بعض اہم شاعروں کا کلام، غیر مطبوعہ غزلیں، نوحے، مرثیے، سلام، مناقب اور روائتیں ملتی ہیں۔

بعض بیاضوں، کشکول اور مجموعات میں مشہور شاعروں کا غیر مطبوعہ کلام موجود ہے۔ جیسے سراج اورنگ آبادی، مرزا دبیر، میر یونس اور میر خلیق وغیرہ۔ بڑی تحقیق کے بعد ان شعراء کے غیر مطبوعہ کلام کی نشاندہی فہرست میں کی گئی ہے۔ اور دستیاب شدہ نئے مواد کو قلمبند بھی کیا گیا ہے۔ اسی طرح اس فہرست میں بعض شعراء کے نام پہلی مرتبہ منظر عام پر آرہے ہیں جس کی طرف اس فہرست کی مرتب مسز رفعت رضوانہ اپنے عرض حال میں اشارے دیں گی

وضاحتی فہرست مخطوطات اردو جلد دوم کی تیاری میں ڈاکٹر ڈی۔ وی۔ کرشنا شاستری ناظم کتب خانہ و ادارہ تحقیقِ مخطوطات مشرقی کی شخصی دلچسپی شامل رہی ہے۔ اس فہرست کی تیاری میں ڈاکٹر مصطفیٰ علی خاں فاطمی ریسرچ آفیسر و لائبریرین، ابوالکلام آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ حیدرآباد کے گرانقدر فنی رہنمائی اور مشورے شامل رہے ہیں۔ جن کے لئے اظہارِ تشکر ضروری ہے۔

اس فہرست کی ترتیب و تیاری میں مسز رفعت رضوانہ نے انتھک محنت کی ہے جس کی قدر دانی ضروری ہے۔ یہ کام پایۂ تکمیل کو نہیں پہونچتا اگر جناب کرامت علی صاحب ریسرچ آفیسر کا بھرپور تعاون حاصل نہ ہوتا۔

اشرف رفیع
پروفیسر، شعبہ اُردو۔ عثمانیہ یونیورسٹی

عرضِ حال

کتب خانہ وادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی حکومت آندھرا پردیش کی وضاحتی فہرست مخطوطات اُردو (دواوین وکلیات) جلد اول ۱۹۸۶ء میں چھپ چکی ہے۔ لیجئے اب وضاحتی فہرست مخطوطات اُردو کی جلد دوم حاضر ہے۔

مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ جلد اول میں کچھ خامیاں رہ گئی ہیں۔ اس فہرست کو مستند ذرائع سے مرتب کرنے کی ممکنہ کوشش کی گئی ہے۔ لیکن یہ دعویٰ حرف آخر نہیں ہے کہ جو کچھ بھی اس میں لکھا گیا ہے وہ سب صحیح ہے اور اس میں کوئی خامی نہیں ہے۔

ہمارے پیش نظر، شکستہ، خستہ، کرم خوردہ، اور پھٹی ہوئی بیاضوں کا انبار رہا ہے۔ اس علمی وادبی دولت کو بچانے کے لئے جن جن مشکلات سے دو چار ہونا پڑا وہ اہل علم حضرات سے مخفی نہیں۔

متعدد مخطوطات میں جو تحریریں ملی ہیں وہ شکست آمیز خط میں ہیں جن کا پڑھنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ کہیں سرورق پر کچھ نام نظر آتا ہے اور جب بیاض کھولتے ہیں تو کچھ اور ہی باتیں نظر آتی ہیں۔ اس طرح جس دیدہ ریزی اور عرق فشانی سے تحقیق کی یہ منزلیں طئے کرنی پڑی ہیں اس کا بیان کرنا مناسب نہیں ہے۔ مثال کے طور پر ایک بیاض کی ابتداء میں حیدرآباد کے ایک علم دوست عرشی صاحب جن کے بارے میں

کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس اچھا کتب خانہ تھا۔ وہ بیاض کی ابتداء میں لکھتے ہیں کہ اس بیاض میں جن شعراء کا انتخاب کیا گیا ہے۔ وہ محمد حبیب اللہ ذکا مدراسی نے کیا ہے۔ تذکروں میں ثابت ہے کہ ذکا تخلص کے نام کے کئی شاعر تھے۔ جن میں خوب چند ذکا اور محمد حبیب اللہ ذکا مشہور ہیں۔ اول الذکر کا انتخاب نایاب ہے اور پرانے تذکروں میں کہیں کہیں ملتا ہے۔ آخر الذکر ذکا حیدرآبادی مدراسی، مرزا غالب کے شاگرد تھے۔ خط و کتابت کے ذریعہ سے غالب کے آخری زمانے میں شاگردی اختیار کی۔ غالب کو ذکا کے اردو شعر پسند نہیں آئے۔ ذکا کی کتاب "خاش و خماش" ہے۔ (بقول ضیاء الدین شکیب صاحب اس میں فارسی کا کلام ہے) جس میں ذکا کی تحریر کا عکس بھی ہے۔ اس انتخاب کی تحریر کو عکس کی تحریر سے ملایا گیا تو دونوں تحریروں میں زمین آسمان کا فرق پایا گیا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ جہاں جہاں مقطع میں ذکا تخلص آیا ہے وہ مٹا دیا گیا ہے۔ ذکا کے جو شعر ہیں وہ بہت ہی کمزور اور گھسے پٹے ہیں۔ کافی تحقیق اس سلسلہ میں کی گئی اور اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ ذکا (شاگرد غالب) کا انتخاب نہیں ہو سکتا۔

زیر نظر فہرست کو فہرست سازی کے اصولوں کے مطابق مرتب کرنے کی امکانی طور پر کوشش کی گئی ہے۔ مصنف کے حالات زندگی پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور خاطر خواہ انتخاب بھی پیش کیا گیا ہے۔ اگر کوئی انتخاب مطبوعہ ہو تو اس کو دوسرے بیاضوں، کشکول، کلام الشعور وغیرہ یا دوسرے قسم کے مخطوطات سے تقابل کیا گیا ہے۔ اور اگر غیر مطبوعہ ہے تو اس کی تحقیق کرکے نشاندہی کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر پروفیسر عبدالقادر سروری صاحب نے "کلیات سراج" مرتب کرکے شائع کیا ہے ایک بوسیدہ بیاض میں سراج کا کچھ کلام مخمس کی صورت میں ملا۔ جب اس مخمس کو مطبوعہ نسخہ سے ملایا گیا تو اشعار کی ترتیب میں اختلاف

پایا گیا اور کچھ بند ایسے غیر مطبوعہ بھی ملے جو مطبوعہ کلیات میں نہیں ہیں۔

مرزا دبیرؔ اقلیم مرثیہ گوئی کے بادشاہ مانے جاتے ہیں جب اور جہاں پر انیسؔ کا نام لیا جاتا ہے انیسؔ کے دوش بدوش دبیرؔ کا نام بھی لیا جاتا ہے۔ دبیرؔ کے مرثیوں کی ۲۰ جلدیں "دفتر ماتم" کے نام سے آج سے کوئی سو سال پہلے چھپ چکی ہیں۔ لیکن ہندستان کے کسی کتب خانے میں بیسوں جلدیں یکجا طور پر نہیں ملتی ہیں۔ ایک بیاض میں غزل کی زمین میں ان کا ایک شاندار اور غیر مطبوعہ مرثیہ ملا۔ اس کا انتخاب دیا گیا ہے۔ تاکہ مرثیہ پر کام کرنے والوں کے لئے یہ مرثیہ فن اور زبان کے اعتبار سے مددگار ثابت ہو سکے۔

شہرۂ آفاق مثنوی نگار میر حسنؔ کے بیٹے میر خلیقؔ نامی مرثیہ گو شعراء میں گذرے ہیں۔ ان کی شہرت کے لئے یہ دو اوصاف ضامن ہیں ایک یہ کہ وہ میر حسنؔ کے بڑے صاحبزادے اور میر انیسؔ کے والد تھے۔ محمد حسین آزادؔ نے "آب حیات" میں ان کی غزل کے صرف دو شعر لکھے ہیں۔ اور تذکروں میں بھی ایک دو ہی شعر ملتے ہیں۔ ایک بیاض جو خستہ اور کرم خوردہ ہے اس میں میر خلیقؔ کی پوری ایک غزل دستیاب ہوئی ہے جس کو قلمبند کیا گیا ہے۔ میر خلیقؔ کے منجھلے صاحبزادے میر محمد نواب مونسؔ تھے یعنی انیسؔ کے منجھلے بھائی ان کی بھی غزلیں بیاضوں میں ملتی ہیں جس کو اس فہرست میں محفوظ کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ مونسؔ مرثیہ گو کے نام سے مشہور ہیں۔ ایک اور بیاض کی حالت ناگفتہ ہے۔ اس میں عظیمؔ تخلص کا نام ملتا ہے۔ یعنی مرزا عظیم بیگ۔ بقول نساخؔ ان کا انتقال ۱۲۲۱ھ میں ہوا۔ اور یہ میر تقی میرؔ، سوداؔ اور میر حسنؔ وغیرہ کے ہم عصر تھے۔ ایک اور عظیم مرزا دبیرؔ کے شاگرد تھے۔ اول الذکر عظیم کی زبان بہت ہی پرانی ہے اور ان کو دبیرؔ کے شاگرد عظیم

سے کوئی نسبت نہیں ہے۔ کافی تحقیق کے بعد یہ پتہ چلا کہ یہ مرثیہ مرزا عظیم بیگ کا ہی ہے۔ آج تک عظیم کا کوئی مرثیہ کہیں نظر سے نہیں گذرا ہے۔ اس لئے اس مرثیہ کو پیش کیا گیا ہے۔

ان شعراء کے علاوہ ایسے بھی شعرا ملے ہیں جن کے نام پہلی مرتبہ منظر عام پر آئے ہیں۔ مثال کے طور پر اشہر، مذنب، سنی، مولائی، فوس، مزمل، بلہار لاذری، بہجت، مجرد، اسلا۔ وغیرہ وغیرہ۔ جن کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔ چند کی غزلیں نمونے کے طور پر دی گئی ہیں۔

لچھمی نارائن شفیق فارسی میں شفیق تخلص کرتے تھے۔ انہوں نے "چمنستان شعراء" کے نام سے تذکرہ شعرائے اردو لکھا۔ شفیق اردو میں بھی شعر کہتے تھے اور بہت عمدہ شعر کہتے تھے۔ اردو میں صاحب تخلص کرتے تھے۔ بیاضوں میں صاحب کا اردو کلام بھی ملا ہے جس کا نمونہ درج کیا گیا ہے۔

میر حسن علی تجلی اردو کے سرتاج الشعراء میر تقی میر کے داماد اور بھانجے تھے۔ میر کا اردو کا دیوان چہارم انہوں نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے جو راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانے میں موجود ہے۔ اس میں میر کے بارے میں کچھ ایسی تحریریں بھی ہیں جو تاریخی دستاویز سے کم نہیں۔ بیاضوں میں تجلی کی کئی غزلیں ملی ہیں۔ کتب خانہ ہذا کی یہ خوش قسمتی ہے کہ اس میں تجلی کا مکمل دیوان مخطوطہ کی شکل میں محفوظ ہے جس کو پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری صاحب ترتیب دے رہے ہیں۔

محققین کی سہولت کی خاطر فہرست جلد اول کو ابجد کے حساب سے ترتیب دیا گیا تھا۔ اور یہی اصول اس میں بھی اپنایا گیا ہے۔ یعنی یہ جلد بھی حروف تہجی کے حساب

سے مرتب کی گئی ہے۔ اس میں (۱۱۶) مخطوطات کو شامل کیا گیا ہے۔

آخر میں میرا یہ خوشگوار فریضہ ہے کہ میں ان تمام اصحاب کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے اس فہرست کی ترتیب کے آغاز سے کر آخر تک میری مدد کی۔ بطور خاص میں پروفیسر اشرف رفیع صاحبہ شعبہ اُردو عثمانیہ یونیورسٹی، ڈاکٹر مصطفیٰ علی خان فاطمی ریسرچ آفیسر ولائبریرین ابوالکلام آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ حیدرآباد اور پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری صاحب کی تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔

ڈاکٹر وی۔ ایل۔ نرسمہا راؤ صاحب، ڈاکٹر وی۔ وی۔ کرشنا شاستری صاحب سابق ناظم کتب خانہ ہٰذا کی شفقت، رہنمائی اور ہمت افزائی ہمیشہ میرے ساتھ رہی جس کے لئے میں ان دونوں ہستیوں کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کرتی ہوں۔

موجودہ ناظم کتب خانہ جناب این آر وی پرساد صاحب کی بھی ممنون ہوں۔ جناب کی توجہ اور نگرانی میں اس فہرست کی اشاعت عمل میں آئی۔

جناب میر کرامت علی صاحب ریسرچ آفیسر شعبہ ہٰذا کی بھی میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔ مس تنویر فاطمہ (فارسی پنڈت) شعبہ ہٰذا بھی میرے شکریہ کے مستحق ہیں کہ موصوفہ نے فہرست کی پروف ریڈنگ اور اشاریہ کی تیاری میں میری مدد کی۔

رفعت رضوانہ
ریسرچ اسسٹنٹ
(شعبہ اُردو تحقیق)
کتب خانہ و ادارۂ تحقیق مخطوطات مشرقی۔ حیدرآباد

انتخاب اساتذہ

(اردو و فارسی)

مخطوطہ نمبر: ١٨٥١ داخلہ نمبر ٣٨٠٢٧

فن : شاعری/انتخاب کلام جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (٢٥) تقطیع (٢×١٩) سم سطر (١٦) مکمل، کاغذ (دیسی)
خط (نستعلیق)

کتابت : کاتب - مقام -

مندرجات: اس میں اردو کے ١٨٦ شعرا اور فارسی کے ١٥ شعرا کے کلام کا انتخاب موجود ہے ابتدائی ٢٢ صفحات شعرا کی فہرست پر مشتمل ہے اس کے پہلے صفحہ میں "انتخاب اساتذہ اردو و فارسی" از "حضرت حبیب اللہ ذکا مدراسی" ہے اس کے نیچے ایک دستخط ہے جس میں نام "عرشی عفی عنہ" ہے تاریخ ٢١ صفر ١٣٧٠ھ لکھا ہوا ہے لیکن یہ ٢٢ صفحات بیاض کی ابتدا میں الگ سے لگائے گئے ہیں یہ کاغذات حال ہی کے معلوم ہوتے ہیں عرشی صاحب نے یہ فہرست ١٣٧٠ھ م ١٩٥١ء میں مرتب کیا ان کا ایک بڑا کتب خانہ ناپلی میں تھا ان کا انتقال حال میں ہوا ہے ابو النماء مدسید محمد عبد الرزاق عرشی صاحب مجلس احیا العلوم حیدر آباد دکن کے معتمد تھے" اور "خمخانہ مہنود" کے مولف تھے اور یہ نسخہ کتب خانہ ہذا میں موجود ہے نمبر ١٥٠٥ جدید)
بیاض قدیم ہے منتخب اشعار کے اوپر شاعر کے نام اور تخلص کو لال روشنائی سے لکھا گیا ہے اور کہیں کہیں اشعار بھی لال روشنائی سے لکھے گئے ہیں جہاں

بھی ذکا تخلص ہے مٹادیا گیا ہے یہ شہادت کہیں بیاض میں نہیں مل رہی ہے کہ یہ انتخاب حبیب اللہ ذکا کا ہی ہے یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ عرشی صاحب نے کس بنیاد پر ذکا کو حبیب اللہ ذکا بتایا ہے غالباً اس لئے مرتب کا نام ذکا بتایا ہے کہ بیاض میں بعض مقامات پر راقمہ (کذا) غزل کی ابتدا میں لکھا ہوا ہے مثال کے طور پر صفحہ ۲۶ میں غزل کے (۱۰) شعر ہیں مطلع یہ ہے

دولتِ وصل سے تھا اس کے جو سکھ رات مجھے
آج پداو (کذا) وہی ہے حالت سکرات مجھے

مقطع یہ ہے:-

ایسے اشعار زبس دل کو (تخلص مٹایا گیا) بہاتے ہیں
ورد ہے تیرے ہی دیوان کا سب اوقات مجھے

ایک اور غزل کا مطلع اور مقطع یہ ہے

شام و سحر ہے اس گلی نورس کی بات چیت
تا بولیں نہ گفتگو کو میری رس کی بات چیت
گر دوسری غزل ہو رقم تو کروں...... (تخلص مٹایا گیا ہے)
تیرے سمند خامہ کے میں کس کی بات چیت

حبیب اللہ ذکا مسلم الثبوت اور مستند شاعر تھے۔ نیلور سے حیدرآباد آئے اور آخر عمر تک حیدرآباد میں ہی رہے وہ سالار جنگ اول کے دارالانشاء میں ملازم ہوئے تھے اسی زمانہ میں خط و کتابت کے ذریعہ انھوں نے مرزا غالب کی شاگردی قبول کی، غالب ان کی بہت قدر کرتے تھے اور ان ہی کے توسط سے ۱۸۶۲ء میں دیوان غالب (اردو) کلیات غالب

اور ایک قصیدہ نواب سالار جنگ کی مدح میں سالار جنگ کو بھیجا تھا۔ مجموعہ "خطوطِ غالب" میں ذکا کے نام غالب کے متعدد خطوط ہیں کتاب "غالب اور ذکا" از ضیاء الدین شکیب حیدرآبادی (غالب اکاڈمی نئی دہلی فروری ۱۹۷۲ء) شکیب صاحب نے اس میں "خاشی ذخماش" (فارسی دیوان) ذکا کا بھی حوالہ دیا ہے اور اس کے مندرجات کا بھی ذکر ہے اور حبیب اللہ ذکا کی صرف ایک غزل (فارسی) کا ذکر کیا ہے اور یہ غزل کتاب کے صنٹ اور صنٹ کے درمیان خود ذکا کے ہاتھ کی تحریر کردہ ہے جس پر مرزا غالب کی اصلاح بھی ہے جب اس تحریر کو بیاض کی تحریر سے ملایا گیا تو زمین اور آسمان کا بین فرق پایا۔ دکن میں اردو از نصیر الدین ہاشمی صاحب نے حبیب اللہ ذکا کا ترجمہ دیا ہے جس کو بیاض کے ذکا سے تقابل کیا گیا کوئی اور ذکا ہے لہٰذا بیاض کا انتخاب کسی بھی صورت میں حبیب اللہ ذکا کا نہیں ہو سکتا ہے اس بات کا اس طرح بھی تصدیق ہوتی ہے کہ اگر ذکا کے ہاتھ کا انتخاب ہوتا تو اس میں غالب کا کلام اردو یا فارسی ضرور ہوتا۔ اگر ذکا نے انتخاب کیا ہوتا تو وہ انتخاب صحیح اور درست ہوتا مثال کے طور پر بیاض کے صٓ۲ میں شرف الدین علی خاں سلام کے نام یہ شعر درج ہے۔

حدیثِ زلف چشم یار سے پوچھ
درازی رات کی بیمار سے پوچھ

جب کہ یہ شعر میاں شرف الدین علی خاں تخلص پیام کے بیٹے نجم الدین علی خاں سلام کا ہے اور میر تقی میر نے اپنے تذکرہ نکات الشعراء صٓ۱۳۰ مطبوعہ اتر پردیش اکاڈمی ۱۹۷۲ء میں درج ہے۔

اس کی ابتدا میں خاں آرزو کا یہ شعر ہے

ہر صبح آوے ہے وہ تیری برابری کو — کیا دن لگے ہیں دیکھو خورشید خاوری کو

میر نے نکات الشعراء میں مصرع اولیٰ یوں لکھا ہے

ہر صبح آدتا ہے تیری برابری کو

تذکروں میں حبیب اللہ ذکا کے علاوہ چار شاعروں کے نام ملتے ہیں جن کا تخلص ذکا ہے۔
بہر کیف انتخاب کسی کا بھی ہو بہت اچھا ہے اور اس کی اہمیت اس لئے بھی ہے کہ اس میں بہت سے شعرا کا انتخاب نام اور تخلص کے ساتھ شامل ہے بیاض کے چند شعرا کے اشعار اور نام نمونے کے طور پر پیش کئے جاتے ہیں۔

احسان ۔ عبدالرحمن خاں۔ ـــــ

اس میں بھی دراندازوں نے سو رخنے نکالے
احسان نے جو اس رخنۂ دیوار کو دیکھا

ہادی ۔ میر محمد جواد علی خاں ـــــ

تو گرفتار ہوں کچھ رسم مجھے یاد نہیں
اس لئے لب پہ میرے نالہ و فریاد نہیں

والہ ۔ مرحمت خاں ۔ ـــــ

لیئے جو بندوں میں ہر ذرہ ایکبار تجھے
تو خلق میں ہو خدائی کا اعتبار تجھے

مدحت ۔ ـــــ

لے گئی ہجر تیری گور میں یار آخر کار
روز فرقت نے دکھایا شب تار آخر کار

خستہ ۔ غلام قطب الدین ـــــ

جلوہ اس مہ نے جو ناگاہ لب بام کیا
روز خورشید درخشاں کا دیں شام کیا

میر حسن دہلوی ہے

دی تھی یہ دعا کس نے میرے دل کو الہٰی
اجڑے یہ گھر ایسا کہ پھر آباد نہ ہوئے

شعرا کے ناموں کی فہرست مرتبہ عرشی صاحب بیاض کے صفحات کے لحاظ سے درست ہے پہلے اردو کا انتخاب ص۱ سے ص۳۰ تک ہے اس کے بعد فارسی کا انتخاب ص۳۱ سے ص۳۲ تک اس کے بعد پھر اردو کا انتخاب ص۳۲ سے ص۶۸ تک ہے فہرست ییش کی جارہی ہے

ص۱ ۔ لادری ۔ ذکا ۔ خاں آرزو ۔ شاہ مبارک آبرو

ص۲ ۔ شرف الدین علی خاں پیام ۔ امیر خاں کابلی ۔ میر محمد حاتم حاتم محمد یار خاکسار ۔ میر سجاد

ص۳ ۔ میر سجاد ۔ شرف الدین علی خاں ۔ سلام

ص۴ ۔ لراقیم ۔ عبدالرحمن (خاں) احسان (حافظ عبدالرحمن خوش محرکہ زیبا)

ص۵ ۔ میرامانی اسد ۔ خاقانی الہند یکا سید ابراھیم ذوق ۔ سرب سنگھ دیوانہ

ص۶ ۔ سرب سنگھ دیوانہ ۔ آتش

ص۷ ۔ وحشت ۔ فرید صاحب شفقت ۔ محمد باقر حزیں ۔ یوسف میر محمد جواد علی خاں ہادی ۔ ہدایت خاں ہدایت ۔ مرحمت خاں کا تخلص (درد نہیں) والہ ہے (بیاض میں بھی والہ ہی ہے)

ص۸ تخلص پڑھا نہیں جارہا ہے) ظہور اللہ خاں نوا ۔ محمد زماں نثار ۔ میر تقی ۔۔۔

ص۹ میر تقی ۔ میر نظام الدین ممنون

ص۱۰ ۔ میر نظام الدین ممنون ۔ الٰہی بخش خاں معروف ۔ مشہور ۔ مدحت

محمود خاں محمود ۔

ص۱۱ ۔ نواب محبت خاں محبت ۔ شیخ ود اللہ محب (شیخ ولی اللہ صحیح نام ہے)

مرزا علی لطف ۔ حسام الدولہ گویا ۔ محمد قیام الدین قائم (کذا) ۔ غلام ضامن کرم

ص۱۲ غلام ضامن کرم ۔ جعفر علی حسرت ۔ عنایت اللہ جام ۔ میر حسن دہلوی ۔

خواجہ حسن حسن ۔ محمد پناہ خان حکیم ۔ غلام قطب الدین خستہ

ص۱۳ غلام حسن خاں خیال ۔ مولوی شمس الدین لف (کذا) (فقیر اور لطیف میر

شمس الدین) خوش معرکہ زیبا میں ہے لیکن دونوں کے ترجموں میں بیاض کا شعر نہیں پایا گیا) کتب خانہ ہذا

میں مولوی شمس الدین فقیر کے کئی مخطوطات فن بلاغت اور مثنویات میں موجود ہیں ۔ تجلہ (کذا) کا شعر بھی

سخن شعرا ۔ خوش معرکہ زیبا میں تجلی یا تجلی کے ترجمے میں نہیں پایا گیا یہ کون سا تخلص ہے

صلاح الدین تمکین ۔ میر حسن تسکین ۔ میر قلندر بخش جرأت ۔ مرزا نجف علی خاں جنون ۔ خواجہ احسن اللہ

خاں بیان ۔ انشاء اللہ خاں انشا ۔ شرف الدین علی خاں پیام ۔ خواجہ امین احسان ۔ اعظم خاں

(اعظم خاں اعظم اور اسلم خاں عاشق کے ترجمہ میں بیاض کا شعر نہیں ملا (خوش معرکہ زیبا) یہ کونسے

اعظم خاں ہے نہیں معلوم) میر شبیر علی افسوس ۔ خواجہ امین ۔ محمد اسمٰعیل امین ۔ محمد بقا اللہ خاں

(بقا) (شیخ محمد بقا اللہ اکبرآبادی) سخن شعرا خوش معرکہ زیبا وغیرہ میں یہی نام ہے ۔)

ص۱۶ محمد بقا اللہ خاں (خداوردی خاں بیتاب ۔ برادر خورد سعادت یار خاں

رنگین ۔ شاگرد نظام الدین ممنون کبھی ظریف بھی تخلص کرتے تھے اس لئے یہاں تفصیل دی گئی ہے

یہ نام فہرست میں شامل تھا ہے اور یہ نامور شاعر کے برادر ہیں) ان کے ترجمے سخن شعراء میں بیاض کا یہ شعر شامل ہے ۔ میر محمد سدار (کذا) (میر محمدی بیدار ہے) ۔ محمد غنی تنہا ۔ (محمد غنی تخلص تنہا) خوش معرکہ زیبا میں بیاض کا شعر ملتا ہے) خیراتی خاں ۔ دلسوز ۔ اجابت خاں ۔ ثابت (سخن شعرا میں اصالت خاں ثابت کے ترجمہ میں بیاض کا شعر ملتا ہے بیاض میں نام غلط دیا گیا ہے ۔) جان علی (خوش معرکہ زیبا میں ۔ میر جان علی تخلص جان ۔ شاگرد میر بتلایا ہے ۔ اور ان کے ترجمہ میں بیاض کا شعر درج ہے ۔

ص ۱۷ب مرزا محمد خاں دیوانہ ۔ خوب چند ذکا ۔ سید ابراہیم ذوق ۔ غلام محمد اقدم ۔ سبحان قلی بیگ راغب ۔ میر محمد لشکر رنج ۔ برہان الدین راز ۔

ص ۱۸ میر جیون (راز) بیاض میں زار اور تین تذکرے میں مجمع الانتخاب کے ترجمہ میں بھی میر جیون زار ہی ہے فہرست میں راز غلط ہے) شیخ مہدی علی ذکی ۔ مرزا مغل سبقت ۔ مرزا محمد حسین ۔

ص ۱۹ب عظیم الدولہ سرور ۔ احمد حسین شاد ۔ محمد نذیر الدین حسن ۔ شائق محمد شفیع (الناسخ کے تذکرہ میں محمد شفیع نام شفیع تخلص کے ترجمہ میں بیاض کا شعر ملتا ہے بیاض میں تخلص نہیں دیا گیا ہے) مرزا سیف علی شگفتہ ۔ مرزا محمود بیگ غفور ۔ کرامت علیخان شہیدی

ص ۲۰ ظفر یاب خاں صاحب (نواب) منوسل صفا ۔ میر عزت اللہ خاں عشق غضنفر علی خاں (غضنفر علی خاں لکھنوی) غضنفر تخلص ۔ شاگرد جرأت ۔ سخن شعراء میں ان کے ترجمے میں بیاض کے غضنفر کا شعر ملتا ہے ۔ املا غلط لکھا گیا ہے خوش معرکہ زیبا کے ترجمہ میں یہ شعر نہیں ملتا ہے) غضنفر کے ایک شعر کے بعد ایک غزل کے (۹) شعر ہیں لیکن ابتداء میں بھی تخلص مٹایا گیا ہے اور مقطع کا تخلص بھی مٹا دیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ

یہ کس کی غزل ہے) (فہرست میں اس کی کوئی صراحت نہیں ہے)

ص ۲۱ ۔ غزل (نامعلوم) ۔ خواجہ حیدر علی آتش ۔

ص ۲۲ ۔ میر قلندر بخش جراتؔ ۔ مولوی تاج الدین بہجتؔ ، محمد حسینی ۔ نزہتؔ

(قاسم نے نغز میں بہجت کا نام عبد المجید بتایا ہے اور کسی تذکرے میں یہ تخلص نہیں ملتا ہے اور نغز میں ۔ بھی ان کے ترجمے میں بیاض کے اشعار نہیں مل رہے ہیں یہ کونسے بہجت ہیں نہیں معلوم)

ص ۲۳ شفقی ذہین سلمہ'

ص ۲۴ جراءت

ص ۲۵ عبدوں (کذا) ذہین (کسی تذکرے میں نہیں ملا) مومن خاں مومنؔ ۔ سید محمود وفا

ص ۲۶ لراقیم

ص ۲۷ نزہت

ص ۲۸ بہجت ۔ غزل

ص ۲۹ بہجت ۔ غزل

ص ۳۰ ۔ شفقی خاتر ۔ مولوی بہجت

"فارسی انتخاب"

ص ۳۱ امیر خسرو ۔ تحقیق طلب)

ص ۳۲ ابو طالب کلیم ۔ لادری (کون ہیں کسی تذکرے میں نہیں مل رہے ہیں)

خواجہ آصفی ۔ شرف الدین خاں سہارنپوری ملا نظیری نیشاپوری

ص ۳۳ . شیخ ناصر علی شہرت ۔ مرزا صائب ۔ امیر بخش رسا ۔ شیدا
برہان ۔ مرزا صائب
ص ۳۴ محمد افضل سرخوش

اردو انتخاب

ص ۳۴ مشفقی ذہین۔
ص ۳۵ جرأت ۔ میر شمس الدین فیض ۔ گرم
ص ۳۶ انشاالله خاں انشا ۔ لراقیمہ ۔ جرأت ۔ لراقیمہ
ص ۳۷ معروف ۔ نزہت
ص ۳۸ میر تقی ۔ میر نظام الدین ممنون ۔ جرأت ۔ مرزا علی بخت ۔ اخفری
حقیقت۔
ص ۳۹ نزہت ۔ قطعہ ذکا تخلص (واضح ہے) لادری
ص ۴۰ میر تقی ۔ لادری ۔ سید صاحب ۔ ذوق
ص ۴۱ لادری ۔ خواجہ آتش
ص ۴۲ لراقیمہ
ص ۴۳ جرأت ۔ نزہت
ص ۴۴ محبت ۔ جرأت
ص ۴۵ جرأت
ص ۴۶ لراقیمہ
ص ۴۷ لراقیمہ ۔ قادر بیگ عزیز ۔ نزہت

ص۴۸ شاہ صفر ۔ لراقمہ

ص۴۹ لراقمہ

ص۵۰ لراقمہ

ص۵۱ تاب ۔ بہجت ۔ لادری

ص۵۲ مرزا نظام الدین ممنون ۔ لراقمہ

ص۵۳ تاب ۔ ممنون ۔ لادری ۔ خاں صاحب

ص۵۴ خاں صاحب ۔ امام بخش ناسخ ۔ ذکا ۔ سوز

ص۵۵ خالی ہے

ص۵۶ غزل "آج" عنوان ہے

ص۵۷ غزل "آج" کا مقطع یہ ہے۔

مت برا مانو کہ آج قطب الدین کا

جو ہوا سو یہ خطا متذر سے کیا کرے پیا
کذا

ص۵۸ لراقمہ

ص۵۹ خاں صاحب

ص۶۰ خاں صاحب

ص۶۱ تا ص۶۵ لراقمہ

ص۶۶ رفعت سلمہٗ ۔ شاداب سلمہٗ ۔ جرأت ۔ لادری ۔ مصحفی

ص۶۷ لادری مشفق، عشق ۔ لراقمہ

ص۶۸ لراقمہ ناسخ ۔ ممنون

بیاض کی ابتدا لادری ہی کے شعر سے ہوتی ہے

ابتدا : دیکھ شاہین و باز کی صورت
بہائے میر کے فاختے اڑ گئے (کذا)

آخری صفحہ پر "لراقمہ" کی ایک غزل ہے جس کا مطلع اور مقطع یہ ہے (ذکا)

مطلع : آپ نے یوں بھوں جو تانی ہے
تیغ کیا میرے پر لگائی ہے

مقطع : پانی کی چاہ میں ڈوبا ہے رواج
(کذا) ڈاکوا ڈول اس کی زندگانی ہے

اختتام : مضمون کا ایک شعر یہ ہے
تیرا جو رشک حوریاں آئینہ بن گیا
کلبہ ہمارا رشک پری خانہ بن گیا

اس سے قبل ناسخ کا ایک شعر یوں ہے۔
حسن بھی کیا چیز ہے اے بیخبر ٹک غور کر
اپنے بندوں کو خدا دیوے ہے لائچ حور کا

جب کہ دیوان ناسخ کے تین مخطوطات جو کتب خانہ ہذا میں موجود ہیں بنمبر یہ ہیں۔
نمبر ۱۲۸۶ مکتوبہ ۱۲۲۶ھ ۔ نمبر ۱۳۲۵ مکتوبہ ۱۲۹۹ھ نمبر ۱۵۵۲ میں مندرجہ بالا شعر یوں ہے۔

حسن بھی کیا چیز ہے زاہد ذرا انصاف کر
اپنے بندوں کو خدا دیتا ہے لالچ حور کا

انتخاب اشعار

مصنف :

سنہ ھ م سنہ ع

مخطوطہ نمبر ٦٣ داخلہ نمبر ۳۴۴ ے

فن : شاعری (انتخاب) ۔ شاملات از دیوان درد

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۰) تقطیع (۲۰½ × ۱۰½) سم سطر (۱۴) مکمل / کاغذ (دیسی) خط شکستہ آمیز

کتابت : کاتب - مقام - سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات : اس میں کسی کی رباعی، کسی کے چند شعر ہیں ۔ صفحہ اول میں اُمید کے بعد قبول کا ایک شعر دیا گیا ہے اور وہ شعر یہ ہے ؎

حاضری بن محل نہیں کھاتا
بیگمی ہے بغیر شعلہ کا

تذکرہ نکات الشعرا ص ۲۹ مطبوعہ اتر پردیش اردو اکاڈمی میں یہ شعر مرزا غنی بیگ کشمیری کے بیٹے مرزا گرامی کے ترجمے میں دیا گیا ہے۔ لیکن تذکرہ میر حسن ص ۱۳۶ مطبوعہ اتر پردیش اردو اکاڈمی میں یہ شعر مرزا غنی بیگ تخلص قبول کے ترجمے میں نقل کیا گیا ہے تذکرہ مخزن نکات ص ۵۲ مولفہ محمد قیام الدین قائم چاندپوری مطبوعہ اتر پردیش اکاڈمی لکھنؤ سنہ ۱۹۸۵ء میں یہ شعر گرامی کے نام درج کیا گیا۔

نکات الشعرا مولفہ میر سنہ ۱۱۶۵ھ اور مخزن نکات سنہ ۱۱۶۸ھ میں مرتب ہوئے تھے دونوں تذکرے میر حسن کے تذکروں سے قدیم ہیں اس لیے یہ شعر گرامی ہی کا ہے

بیاض کے شعرا کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

امیر خسرو - بیدل - اشتیاق - امید - قبول - مخلص - آبرو - سعادت - سودا - کلیم - سجاد - ولی - عزلت - فغاں - حاتم - سراج - داؤد - تاباں - شوق - دانا - حجام - مضمون - سلام - ضیا - ہدایت - بیدار - راقم - میر - بسمل - ساحل - قدرت - اور ایکدل - ان شعرا کے کلام کے بعد دو صفحے سادے ہیں پھر دو فارسی شعر درج ہیں۔ خط چونکہ شکست آمیز ہے اس لئے بہ آسانی پڑھا نہیں جاسکتا۔ ابتدا میں امیر خسرو کے دو شعر ہیں ان کو نکات الشعرا کی مدد سے پڑھا گیا ابتدا ان ہی سے ہوتی ہے اختتام میں میر کے دو شعر دیئے جارہے ہیں اس لئے کہ آسانی سے پڑھے گئے۔

ابتدا : زر گر پسرے چوں ماہ پارا
کچھ گھڑئے سنوارئے پکارا
نقد دل من گرفت وبشکست
پھر کچھ نہ گھڑا نہ کچھ سنوارا

اختتام : قصد اگر امتحان ہے پیارے
اب تلک نیم جان ہے پیارے
میر عمداً بھی کوئی مرتا ہے
جان ہے تو جہان ہے پیارے

انتخاب دیوانِ جرأت

مخطوطہ نمبر ۳۸۴۵ داخلہ نمبر ۲۸ × ۴۴

فن :۔ شاعری ۔ انتخاب جدید

کیفیت و خصوصیات اوراق (۱۳۸) تقطیع (۲۲ × ۱۲) سم سطر (۸) **مکمل** / کاغذ (دیسی) ورق ۹۶ تا ۱۱۸ کبودی خط (نستعلیق) مطلا / منقش / تصاویر / جدول مہریں آٹوگراف ۔

کتابت : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔
سنہ کتابت ۱۸۷۵ء

مندرجات ابتدا میں جرأت کی غزلیات کا انتخاب ہے اس کے بعد مندرجہ ذیل شعرا کی

منتخب غزلیں ۔ رباعیات ۔ قصائد ۔ ابیات ۔ فردیات ۔ بیت ۔ قطعات تاریخ
مخمس اور مستزاد وغیرہ شامل ہیں۔

غزلیات (فارسی) قدسی ۔ منصور حلاج ۔ شمس تبریز ۔ ظفر ۔ فصیح ۔ امیر خسرو ۔

رباعیات: عمر خیام ۔ طوسی ۔ حافظ ۔ صائب ۔ خسرو ۔ طاہر ۔ بیدل ۔ طبیب ۔
طالب ۔ ظہوری ۔ عطار ۔ عراقی ۔ غزالی ۔ عالی ۔ عارف ۔ عذری ۔
ساقی ۔ درد

قصائد : عبدالواسع ۔ حکیم سنائی ۔ صائب ۔ زیب النساء ۔ قدسی ۔ یکرنگ ۔
ملا عیشی ۱۲۶۴ھ

ابیات : سودی ۔ بیدل ۔ سرخوش ۔ خسرد ۔ لچھمی نرائن شفیق ۔ کلیم ۔ درد ۔ حسن
دہلوی ۔ کرمانی ۔ ماہ لقا ۔ حکیم سنائی ۔ موسوی

فردیات : اسیر ۔ حافظ ۔ فردوسی ۔ نظری ۔ بیدل ۔ نسیم ۔ ثنائی ۔ غازی ۔ واصل
منعم ۔ الہام ۔ ابوتراب ۔

بیت : قدسی ۔ شاعر ۔ صائب ۔ شیدا ۔ شہرت ۔ اسیر ۔ سودا ۔
نواب شجاع الملک صفدر جنگ ۱۱۸۲ھ

قطعاتِ تاریخ : مسند نشینی نواب غلام محمد غوث خاں امیر الہند ۱۲۵۱ھ مسند نشینی محبوب
علی بادشاہ ۔ بادشاہان چغتائی ۔ وفات افضل الدولہ
۱۲۸۵ھ ۔ کلیم ۱۰۶۱ھ ۔ غنی کشمیری ۱۰۷۹ھ ۔ عبیدی ۔ ولادت
بابر بادشاہ ۔ برج شمن در قلعہ لاہور ۔ شادی مستقیم جنگ ۔ محبت
ارکاٹ کے نواب اور شاعروں سے متعلق ہیں۔

مخمس : بیدلؔ

مناجات : سعدیؔ
منقولات : حضرت شیخ برہان الدین سہروردی - عطارؔ - جامیؔ - حافظؔ - نظامیؔ

مستزاد : سوداؔ - نظیرؔ - نورجہاں - جراتؔ - بیدلؔ - ظہوریؔ

سوال : صائبؔ اور ناصرؔ - جواب - صائبؔ - آصف جاہ جواب شاہ دہلی - نور جہاں بیگم - حیات بیگم۔

زائچہ : روداد دربار شاہ اودھ ۱۲۶۸ھ

طغرہ : ۱۱۹۲ھ - ناد علی اور بارہ اماموں کے نام ہیں۔

فہرست جنگی سامان (روم اور روس) شمس الاخبار مورخہ ۲۶ اپریل ۱۸۷۵ء روزِ دوشنبہ - ضرب سکّہ جدید حیدرآباد نظام الملک آصف جاہ بہادر ۱۲۷۵ھ اور نام اوزان شامل ہیں۔

ابتدا : سر تن سے مرے تو نے ستم گار اُتارا
آخر کو محبت میں مجھے مار اُتارا

اختتام : سرے کہ از تو بہ پیچید بریدہ باد چوں زلف
دے کہ از تو بگردد سیاہ باد چوں خال
ہر کہ شد خاک نشین برگ و برے پیدا کرد
سر نہ شد دانہ چو با خاک سرے پیدا کرد

نوٹ : جراتؔ کا سنِ وفات ۱۲۲۴ھ ہے قلمی دیوان نوازش بخط نوازش میں جراتؔ کا قطعہ تاریخ وفات موجود ہے اس کی تصدیق مشہور محقق جناب قاضی

عبدالودود صاحب مرحوم نے بھی کی ہے

○

انتخاب کلام شعرائے اردو

مخطوط نمبر ۳۴۵۸ داخلہ نمبر ۳۶۶۸۲

فن : شاعری۔ انتخاب کلام (جدید)

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۳۴) تقطیع (۱۰×۱۶½) سطر (۱۰) مکمل / کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)

کتابت : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات : اس میں بہت سے شعراء کی منتخب غزلیں ہیں۔ پہلی مرتبہ ایسے شاعروں کے کلام کا انتخاب دیا گیا ہے جن کے حوالے تذکروں میں ملتے ہیں لیکن کلام نہیں ملتا۔ مثلاً مولانا محمد حسین

آزاد نے آب حیات میں میر مستحسن خلیق کے حالات لکھے ہیں صفحہ ۳۸۷ میں لکھتے ہیں کہ "افسوس کہ ان (خلیق) کی پوری غزل ہاتھ نہیں لگی دو شعر یاد ہیں وہی لکھدیتا ہوں"۔ اسکے بعد آزاد نے میر خلیق کی غزل کا مطلع اور مقطع دیا ہے۔ "خوش معرکہ زیبا" میں بھی اس غزل کے دو ہی شعر دیئے گئے ہیں۔ بیاض میں غزل کے پانچ اشعار ہیں۔ صفحہ ۲

اشک جو چشم خوں فشاں سے گرا
تھا ستارا کہ آسماں سے گرا
اس پہ جل جل کے گل کباب ہوا
رات بلبل جو آشیاں سے گرا
شیشۂ دل تو چور ہو جاتا
کوئی پتھر نہ آسماں سے گرا
میں نے آنکھوں سے لے لیا اسکو ۱؎
پھول جو دست باغباں سے گرا
ہنس دیا یار نے جو رات خلیق
کھا کے ٹھوکر اس آستاں سے گرا

۱؎ خوش معرکہ زیبا میں یہ مصرع یوں ہے۔
ع۔ میں نے آنکھوں پر رکھ لیا اسکو

بیاض چونکہ پرانی ہے اور اس کے اکثر و بیشتر حصہ روشنائی میں تیزاب زیادہ ملانے سے چور چور ہو رہا ہے اس لئے چند شعرا کی غزلیں پیش کی جا رہی ہیں جو اہم بھی ہیں اور نمونے کے طور پر محفوظ بھی رہ سکیں۔ ابتدا میں بیدل کی غزل ہے۔

تمہارا دل اگر ہم سے بھرا ہو ہے
تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے
ہماری کچھ نہیں تقصیر لیکن
سب ہی تم کو کہیں گے بے وفا ہے
ہوسے میوا اس قدر بیزار ہم سے
کیو ہم نے تمہارا کیا کیا ہے
وہ احمق ہے کہا ہے جس نے تم سے
ملو جس سے تمہارا دل ملا ہے
عبث بیدل کرو مت آبرو کو
مسافر ہے شکستہ ہے گدا ہے

فسوس کے کچھ شعر یہ ہیں تذکرے فسوس کے بارے میں خاموش ہیں بیاض میں فسوس واضح طور پر پڑھا جا سکتا ہے جیسے

شب وصل روز فراق کے مجھے رندہ نہ ایک ذری رہی
مئے عشق کا یہ نشہ نہ چڑھا کہ مدام بے خبری رہی
نہ فقط تیرے سر راہ پر یہ لگے تھے آدمیوں کے ٹھٹ
تجھے دیکھا ہے چلتے ناز سے تو کھڑے ہی کتنے دری رہی
بھویں اپنے ناز سے ٹک چڑھا جوں ہی آن کر وہ کھڑا ہوا
نہ تو حور کر سکے سامنا نہ مقابل اس کے پری رہی

تن زار سے میرے جب تلک دم واپسیں نہ نکل چکا
تیری تیغ رے بت جنگجو میرے حلق پر ہی دھری رہی
نہ چھوٹا کہیں سے بھی ایک ذرہ اسے دھوتے دھوتے تھکے سبھی
ترے تیغ خون فسوس سے جو بھری تھی سو وہ بھری رہی

تجلی ۔ میر حسن علی تجلی ۔ میر کے بھانجے اور داماد ۔ کلیم کے بیٹے تھے غزل کے پانچ شعر میں ۔ کتب خانہ ہذا میں تجلی کا کلیات بھی ہے اس میں غزل کے (١٠) شعر ہیں ۔ ؎۱

طرب کا رنگ رخ گل پہ آشکار آیا
کلی کھل گئی جوں ہی وہ گلعذار آیا
تڑپ کے جان نکل جائے گی ابھی صیاد
نہ کہیو باغ میں پھر موسم بہار آیا
ملا میں خاک میں مر مر کے آہ پر تو بھی
نہ بیقراری دل کتیئں قرار آیا
میری وفا پہ تجھے روز شک تھا اے ظالم
یہ سر پہ تیغ ہے لے اب تو اعتبار آیا
یہ شوق دیکھو بس مرگ بھی تجلی نے
کفن میں کھول دیں آنکھیں سنا جو یار آیا

فدوی کی غزل کے چند شعر یہ ہیں ۔

دل تڑپتا ہے صبح و شام تیرا
یا الٰہی ہے کس سے کام تیرا

؎۱ ۔ مخطوطہ دیوان تجلی میں (دیباں) ہے

کون لیوے تو نام عاشق کا
اب تو منہ میں یہ سب کے نام تیرا
جان سے ہو گیا بدن خالی
جسم رہ جاوے گا تمام تیرا
قابلِ بندگی نہیں تو نہیں
کب گلی آئے یہ غلام تیرا
یار ایسا نہ پاوے گا فدوی
دیکھ لیتا گر اسکو کام تیرا

اُمید کی غزل کا مطلع اور مقطع ہے۔

ہزار شکر کہ خط صبح یار کا کھینچا
کہ اس کے ہاتھ ہی دارومدار کا کھینچا
اُمید اپنی طبیعت تو باغ باغ ہوئی
پیام جب کہ تب اس گلعذار کو پہنچا

اس بیاض میں شامل شعرا کی فہرست یہ ہے۔

بیدل۔ امیر۔ امجد۔ احسن۔ آشفتہ۔ ایمان۔ افسوس۔ الفت۔ اظفری۔ امید مراد۔ تسلی۔ تجلی۔ جوان۔ حاتم۔ خلیق۔ رضا۔ راسخ۔ رند۔ سراج۔ سلطان۔ نثار سودا۔ ولی۔ سوز۔ عزت۔ فغاں۔ فدوی۔ قلندر۔ قاسم۔ کمال۔ مسکین۔ مظہر مفتون۔ میر۔ مجنون۔ مصحفی۔ نثار۔ نالاں۔ ہوس۔ آصف۔ شرر۔ تاباں۔ طاہر دائم۔ مضمون۔ آخر میں سودا کا دو اسونت ہے اختتامی شعر اسی کا ہے۔

ابتدا : **تمہارا دل اگر ہم سے بھرا ہے**

تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے

اختتام : خوش کنی خاطر سودا یہ لگا ہے **سہل است**

سوئے رو گوتہ خیمے زلو گا ہے **سہل است**

روشنائی کی تیزابیت نے واسوخت کے بند کو چور چور کردیا ہے جس کا پڑھنا بہت دشوار ہے

کتب خانہ ہذا میں سودا کا ایک اور واسوخت (نمبر ۵۹۹۰) محفوظ ہے کاتب کا نام کہیں درج (بیاض نمبر ۲۸۵۲) نہیں ہے مخطوطہ زیادہ پرانا نہیں ہے اس میں اور ایک بیاض میں بھی اسی طرح آخری شعر درج ہے البتہ مخطوطہ دیوانِ سودا۔ مکتوبہ سنہ ۱۲۳۰ھ مخزونہ کتب خانہ ہذا میں واسوخت کا آخری شعر یوں ہے۔

بگیے جانب سودا گیہ وگا ہے کا قیت

بلک از لطف با دنیم نگا ہے کا فست

مطبوعہ نسخوں میں شعر یوں ہے

نگیے جانب سودا گیہ وگا ہے باقیت

بلک از رطف بادنیم نگا ہے باقیت

○

انتخاب کلام شعراءِ اُردو

مخطوطہ نمبر ۱۱ داخلہ نمبر ۲۹۲ ے

فن۔ شاعری انتخاب کلام۔ (شاملات از ۱۲۲ تذکرہ تحفۃ السحر (فارسی)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۳) تقطیع (۲۸ × ۱۶½) سر سطر (۱۶) مکمل / کاغذ (دلیسی)
خط (نستعلیق) شکستہ آمیز

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات: اس میں بہت سے شعرا کا انتخاب ہے بہت سے ایسے شعرا کا کلام بھی ہے جو ابھی تک منظر عام پر نہیں آئے ہیں۔ زیادہ تر لچھمی نرائن شفیق کا کلام ہے وہ اردو میں صاحب تخلص کرتے تھے۔ مخطوطہ بڑی دیدہ ریزی سے مرتب کیا گیا ہے اس میں ہم ردیف اور متحد المضامین 'غزلیں' درج کی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر ولی کی مشہور غزل کا مطلع یہ ہے ص ۱۶

خوب رو خوب کام کرتے ہیں۔
یک نگاہ میں غلام کرتے ہیں

اب اسی مطلع پر صاحب کی یہ غزل دیکھئے۔

خوب رو جب خرام کرتے ہیں ؛ یک جہاں قتل عام کرتے ہیں
چشم بد در سب ہلال ابرو ؛ جھک کے مجھ کو سلام کرتے ہیں

مونہہ دکھائے سے صبح ہوتی ہے
زلف کھولے سے شام کرتے ہیں
جو کوئی ہیں گے عاشقِ کامل
شوخ چشموں کو سلام کرتے ہیں
گرچہ صاحب ہوں میں ولے خوش خلق
خلق مجھ کو اپنا غلام کرتے ہیں۔

کتب خانہ ہذا کی بیاضوں میں یہ مخطوطہ اپنی ایک الگ انفرادیت رکھتاہے اس کا انتخاب اور ہم ردیف و متحد المضامین غزلیں اپنی مثال آپ ہیں جس کی وجہ سے یہ انتخاب کافی اہم اور غیر معمولی دلچسپ بھی ہے۔

شعرا کا نام مندرجہ ذیل ہیں۔

سید امتیاز خاں۔ ذکا۔ شاہ ضیا الدین۔ پروانہ۔ لچھمی نرائن صاحب۔ خواجہ میر درد۔ اسد علی خاں۔ تمنا۔ نواب عماد الملک۔ نظام۔ خواجہ احسن الدین خاں بیان۔ ممتاز ارشاد۔ فرخ۔ گلاب چند۔ ہمدم۔ ایما۔ آصف۔ ہمت۔ ضیا۔ میر۔ جرات۔ ایمان سودا۔ سحر۔ سخن۔ یقین۔ شگفتہ۔ میر محمد علی خاں۔ ماہ۔ شاہ کمال۔ ایجاد۔ رہبون حاتم۔ میر جان قدسی۔ امین۔ منظہر۔ شاہ فخر الدین صاحب۔ غلام رضا۔ امام الدین خاں بیدار سراج۔ آبرو۔ شفیع۔ جہاندار شاہ۔ مرزا۔ ضیا۔ نیر۔ محب علی۔ میر ابدال علی اقدس۔ قائم۔ سوز۔ حسن بشرر۔ فیض۔ نکہت۔ صمصام الملک۔ صارم۔ نور جہاں بیگم۔ عبد اللطیف۔ تنہا۔ فطرت۔ سرمد۔ آصف جاہ بہادر۔ محمد برہان۔ ناصر جنگ۔ ناصر وصف۔ سجاد۔ اور فردت۔

آخر میں مثنوی تصویرِ جاناں ہے اور ایک فارسی رباعی بھی ہے۔

ابتدا : الٰہی آج میں سنتا ہوں ہر جا ذکر بسمل کا
اٹھا تھا صبح کو کیا خواب سے مونہہ دیکھ قاتل کا

اختتام : یہاں تک مست کر اور مجھکو حیراں
کہ دیکھوں جام میں تصویرِ جاناں

انتخاب کلام مرزا قتیل و انشا وغیرہ

مخطوطہ نمبر: ۲۲۰۳ داخلہ نمبر ۳۰۵۳۰

فن: شاعری ۔ انتخاب کلام جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۵) تقطیع (۲۰×۱۲) سم سطر (۱۲) نامکمل / ناقص الآخر کاغذ دیسی)

خط (نستعلیق) شکست آمیز۔ مہر ایک محمد علی خاں ذکر۔ آٹوگراف

کتابت: کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ــــــ
سنہ کتابت ــــــ

مندرجات: اس میں چند شعرا کے اردو اور فارسی دواوین کا انتخاب ہے ابتدا میں سید محمد علی خاں ذکر کی مہر ثبت ہے پہلے صفحہ پر انتخاب مطلع ہائے قتیل و انتخاب دیوان و اشعار نور العین واقف و اشعار متفرقات درج ہے ورق ۶۹ سے اوراق چور چور ہوگئے ہیں انتخاب دیوان واقف بہت شکستہ حالت میں ہے انتخاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں انشا، جرأت اور ناسخ کا وہ کلام بھی ملتا ہے جو عام طور پر مطبوعہ دواوین میں نہیں ہے ذیل میں نمونہ کے طور پر جرأت کے ایک طویل مخمس کا بند پیش کیا جاتا ہے۔

جب سے اے راحت جاں تجھ سے جدا رہتا ہوں
کیا کروں سخت مصیبت میں پھنسا رہتا ہوں
مضطر و ششدر و حیران و خفا رہتا ہوں
کسی چرچے میں تو مشغول میں کیا رہتا ہوں
منہ لپیٹے ہوئے دن رات پڑا رہتا ہوں

مرزا قتیل کا دیوان فارسی ابھی تک نہیں چھپا ہے بیاض میں ان کے فارسی مطلعوں کا انتخاب بھی مندرج ہے

شعرا کے نام یہ ہیں۔
قتیل لکھنوی۔ واقف بٹالوی۔ حزیں۔ انشا۔ جرأت۔ ناسخ اور حیران۔

ابتدا : بود برقِ دگر در جلوہ یا جاناں نہ مارا
نہ ہر شمعے بجاں آتش زند پروانہ مارا

اختتام : افسوس اہل درد کو گلشن میں جا نہیں
نرگس کی تو دو آنکھ ہے پر سوجھتا نہیں

○

اشعار منتخب

: مصنف :

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر : ۲۲۸۷ داخلہ نمبر ۳۷۵۷۳

فن : شاعری ۔ انتخاب جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۷) تقطیع (۱۳×۲۱) ہر سطر (۱۰) مکمل / کاغذ (دیسی)
خط نستعلیق / شکست آمیز کرم خوردہ

کتابت : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔
سنہ کتابت ۔

مندرجات: بیاض کی ابتداء میں لکھا ہے کہ یہ انتخاب "مرزا لطف اللہ کے تذکرے سے لیا گیا ہے

لطف کا نام مرزا علی تھا اور لطف تخلص کرتے تھے انھوں نے "گلشن ہند" کے نام سے ۱۲۱۵ھ میں تذکرہ مرتب کیا ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ نے اپنے محرکہ آرا مقدمہ کے ساتھ شائع کیا۔ آج تک کسی دوسرے مرزا لطف اللہ کے تذکرہ کا نام سننے میں نہیں آیا بہرحال انتخاب بہت عمدہ ہے اور اس کا اکثر و بیشتر حصہ مرزا علی لطف کے تذکرے سے لیا گیا ہے اس میں میرؔ اور میر دردؔ کا اچھا انتخاب دیا گیا ہے ورق ۱۰ الف پر میرؔ کی مشہور غزل "غم رہا جب تک کہ دم میں دم رہا"۔ درج ہے اس غزل کا انتخاب ورق ۲۶ الف میں دوبارہ دیا گیا ہے ایسے شعرا کے کلام کا بھی انتخاب شامل ہے" جو تذکرہ گلشن ہند" میں نہیں ہے شعرا کے نام یہ ہیں۔

لادری۔ حشمت۔ امام الدین۔ رسوا۔ ساماں۔ سوز۔ سودا۔ میر۔ یقین۔ شاہ عالم۔ آفتاب۔ آصف الدولہ آصف۔ نواب امیر خاں انجام۔ سراج الدین خاں۔ آرزو۔ الہام۔ امانی۔ امین۔ آشفتہ۔ بیدار۔ جوشش۔ حسن۔ طپش۔ مصحفی۔ فغاں۔ ہوس۔ ظہور اللہ خاں نوا۔ انشا۔ خواجہ قلندر حسین خاں۔ قلندر۔ خواجہ میر درد۔ آفاق۔ اور شاہ قدرت۔ قدرت۔

تذکرہ خوش معرکہ زیبا میں ناصر آفتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ حضرت

شاہ عالم عالی گوہر تخلص "آفتاب" کلام بلاغت نظام گوہر کی آب و تاب من نورہ!

صرف دو شعر دیے ہیں۔ بیاض میں ایک مختصر سی غزل ہے جو ذیل میں درج ہے (ورق ۱۶ ب)

حادثہ کی اٹھی اندھیر جو میری خواری کو
دم میں برباد کیا میری جہانداری کو

بس کہ خورشید کو لازم ہے طلوع اور غروب
شام یوں بھولی غرض میری سیہ کاری کو
مملکت کا بھی خیال ایک مرض تھا جانکاہ
گردش چرخ نے کھویا میری بیماری کو
آفتاب آج فلک نے کیا گو بے سر دیا
بخشے گا کل تجھے حق پھر تیری بیماری کو

ابتدا : عبث دل بیکسی اپنی پہ تو ہر وقت روتا ہے
نہ کر غم اے دوانے عشق میں ایسا ہی ہوتا ہے

اختتام : مدت ہوئی کہ اپنی خبر کچھ ہمیں نہیں
کیا جانیے کہ میر گئے ہم کدھر کے تئیں

اشعار متفرق (ہندی)

مخطوطہ نمبر: ۱۷ داخلہ نمبر ۷۳۵۲

فن : شاعری: اشعار شاملات از فلسفہ ۳۳۴ سکھ متی از گرونانک

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۱۴) تقطیع (۲۲×۱۱ سمر) خط شکست۔ ناقص الطرفین۔
ایک جبر ہے جو پڑھی نہیں جا سکتی ہے۔

مندرجات: ابتدا میں گرنتھ صاحب کے اشلوک ہیں اور یہ اشلوک عہد اورنگ زیب میں تاریخ ۲ رشعبان سنہ نقل کئے گئے ہیں سن سنہ ناقابل قراءت ہے اس کے بعد کبت اننہ ہیرہ ٹھمری نرگن وغیرہ ہیں اکثر مقامات پر راگوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔

ابتدا : سین سمر تہہ جنہیں آپ دستمر ائی
نانک تنہہ کی لاگی پائی

اختتام :۔ گرو گنیش اور سند سنگار کاب کرت جیاکیرائی
بیگوئین سویہ ۔ پردیس تین
سندر بام انی بلاس بلاس بڑی سگری او کنتہ نگاملی لنالی
کیہ گادہی انند سون انک بہری
ترکی ہی تنی داکی انگیا اور مال تین
ٹوٹ کی لال پیری مانو بیہ کی ملیتن تیہ کی نیہ تین انگرا پرہ اگن کی نگری

اشعار متفرق (ہندی)

مخطوطہ نمبر: ۷۲ داخلہ نمبر ۷۳۵۳

فن، شاعری: اشعار متفرق ۔ شامل ات از قصائد ۱۳۲

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۸) تقطیع (۲۲×۱۳) سمر سطر (۱۰) خط نستعلیق شکستہ ناقص الآخر۔

مندرجات: کبت دوتی رس کبت دوہرہ بیت تعریف دنیہ از کشن چند شاہ عبد الولی عزلت۔ فکر تخلص عطا فرسودہ فارسی (تمام شد تعریف زنہہ من تصنیف فکر غزل عاشق (دو اوراق کا رنگ بادامی اور زرین ہے)

ابتدا : دوتی کے کچھن لکھ گئی سکھ بولت نا ہیں یہ چورت نینا
بولت بولت حیب تیکی جیتیاں جو یکی ادھر کیو کہنیا
میری منائیں تا ہیں منی تو ہے کون بولا نیکوں آدیکو لینا
مانی منی نہ منائی منی یہ کو پیاری کہاں ہے کہ دوہری مینا

اختتام : عاشق اب بھی اگر وجیہ آوے
ہووے آسان وصال کی صورت

نوٹ : سید عبد الولی عزلت۔ فارسی و اردو میں عزلت اور ہندی میں نرگن تخلص کرتے تھے۔ عزلت کو سلسلۂ شطاریہ سے نسبت تھی۔ دیکھیے تاریخ ادب اردو مرتبہ ڈاکٹر جمیل جالبی۔ جلد دوم حصہ اول ص ۳۲۶ لیکن اس بیاض میں شاہ عبد الولی عزلت فکر تخلص عطا فرسودہ فارسی درج ہے

○

منتخب اشعار و غزلیات

اردو شعراء

سنہ ھ م سنہ ء

مخطوطہ نمبر: ۵۹۸۶ داخلہ نمبر ندارد

فن: شاعری - انتخاب کلام (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۰) تقطیع (۲۰ × ۱۳) سمر سطر (۸) مکمل / کاغذ (ولیی) خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ

مندرجات: بیاض کے پہلے صفحہ پر یہ عبارت درج ہے "این کتاب شام سنگھ است" ص ۲ سے انتخاب شروع ہوتا ہے پہلی غزل سوز کی ہے اس سے قبل اسی صفحہ کی ابتدا میں تاریخ وفات میر صاحب تخلص بہ سوز و غزلیات منتخبات از دیوان مرحوم کی عبارت ہے سوز کی تاریخ یوں لکھی ہے.

از وفاتش چو سوخت شمع دلم
الفتش بود چوں باب و گلم
طبع من چوں الم کشید کمال
گفت تاریخ سوز سوخت دلم

شاہ کمال نے اپنے تذکرہ مجمع الانتخاب میں سوز کی جو تاریخ کہی ہے اس کا پہلا مصرعہ یوں ہے.

"ازدفا آتش دلم بوقت چو شمع"

سوز کی قطعہ تاریخ وفات ۱۲۱۳ھ نکلتا ہے

سوز کے انتخاب کے ساتھ تاریخ وفات سودا (یعنی مرزا رفیع) بھی ورق

۱۲ ب میں درج ہے یہ تاریخ شاہ کمال کے "مجمع الانتخاب" میں اور سوز کے ترجمہ میں بھی

درج ہے:

آہ مرزا رفیع دنیا سے
جا کے جنت میں جب مقیم ہوا
درد فرقت سے اس کی مثل قلم
اہل معنی کا دل دو نیم ہوا
گل سے تا خار اس چمن جو تھا
خاک برسر وہ جوں نسیم ہوا
سال تاریخ کی تھی مجھ کو تلاش
کیونکہ بس حادثہ عظیم ہوا
اس میں پیر خرد نے از سر یاس
یہ کہا اب سخن یتیم ہوا

۱۱۹۵ھ

بیاض میں بعض ایسے شعرا کا انتخاب بھی درج ہے جو صاحب دیوان تھے لیکن ان کے دیوان کا پتہ نہیں چلتا ہے انتخابی غزلیں پوری کی پوری لی گئیں ہیں۔ راجہ صاحب محمود آباد کے کتب خانہ میں بقول پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری صاحب "دیوان عزت" کا

ایک مخطوطہ محفوظ ہے ذیل میں ہم اسی عزت کی ایک غزل درج کرتے ہیں ملاحظہ ہو (ورقہ ۱۵ ب)

یوں اپنی گلی سے مجھے اے جان اٹھاؤ
بیراور اٹھانے میں نہ طوفان اٹھاؤ

اے ہم نفسان مجھ پہ یہ احساں کروگے
مکھڑے سے نہ تم زلف پریشان اٹھاؤ

طوفاں ہے طوفاں اٹھانے میں اددیکھو
طوفان نہ تم دیدۂ گریاں اٹھاؤ

کہہ طور کے جلوے کی تمنا ہے ہر یک کو
برقع کو ذرا مکھڑے سے اک آن اٹھاؤ

اقرار نہ آنے کا جو کرتا ہوں پھر تو وہ
کہتا ہے زبانی نہیں قرآن اٹھاؤ

صائب نے کہا سن میری دیوان کو عزت
آگے سے میرے میر کا دیوان اٹھاؤ

شعراء کے نام یہ ہیں۔
سوز۔ سودا۔ ساقی۔ سحر۔ شوق۔ شہرت۔ عزت۔ فراق۔ کمال۔ محب۔ مصحفی۔ مائل۔ مفتون۔ ضمیر۔ موزوں۔ دائم۔ اور شائق۔

سخن شعراء میں ناسخ نے شہرت کے بارے میں لکھا ہے کہ "امیر بخش دہلوی خلف علی خاں شاگرد ثناء اللہ خاں فراق دکن میں جاکر بذریعہ شاعری دیوان چندو لال کے ملازموں میں داخل ہوئے تھے، نوجوانی میں انتقال کیا" لیکن دکنی تذکروں میں کہیں شہرت کی شہرت نہیں ہوئی ہے

ہم یہاں ان کی ایک مختصر سی غزل بطور نمونہ پیش کرتے ہیں۔ ص ۲۵

وہ تو کھاتا ہے قسم ہے ہم ادھر دیکھیں تو
چل تو اے آہ رسا تیرا اثر دیکھیں تو

کوئی تصویر کا عالم ہے بھبوکا بل بے
رنگ گل ہی ہے خجل تیری کمر دیکھیں تو

کہتے ہیں مہر کو نسبت ہے ترے عارض سے
ٹک تو برقع کو اٹھا رشک قمر دیکھیں تو

شعلہ رو پہنچنے کو چمن میں میرے بیک خیال
پر فرشتے کی بھی وہاں جلتے ہیں پر دیکھیں تو

تو وہ گلدستہ خوبی ہے کہ ہو دیں مفتون
حور و غلماں و پری جن و بشر دیکھیں تو

عندلیبوں کو سلیقہ ہے تکلم کا وے
پاس اس غنچہ دہن سے میری کر دیکھیں تو

چھوڑ دیں دیر و حرم شیخ و برہمن شہرت
اس کے محراب دو ابرو کو اگر دیکھیں تو

ے سخن شعرا میں لکھا ہے لکھا ہے۔

دیوان شہرت کتب خانہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ میں محفوظ ہے جس کا نمبر
۵۴۱ ہے۔

ابتدا : سرِ دیوان پر اپنے جو بسم اللہ میں لکھتا
بجائے مد بسم اللہ مد آہ میں لکھتا

اختتام : نہ چھوٹا جو یہ فلک سے تو یاں کوئی دائم
مگر وہ آگیا جوں سائہ پناہ میں تیرے

بیاض اشعار

مخطوطہ نمبر ۳۶۲۲ داخلہ نمبر ۴۴۵۰۹

فن :۔ شاعری۔ بیاض۔ جدید

کیفیت و خصوصیت { اوراق (۱۱۰) تقطیع (۲۲x۱۰) نمبر سطر (۰) مکمل
کاغذ دیسی، خط نستعلیق ۔ شکستہ آمیز

کتابت ۔ سنہ کتابت ۱۲۹۹ھ

مندرجات :۔ اس میں غزلیات، مناقب، مراثی، سلام، مخمسات، مثنویات، رباعیات، فردیات ۔ ابیات ۔ قطعاتِ تاریخ ۔ شجرے اور سوال و جواب وغیرہ شامل ہیں۔ تفصیلات یہ ہیں۔

غزلیات :۔ افضل ۔ حافظ ۔ ہوس ۔ ولی ۔ حسینی ۔ منصور ۔ یکتا ۔ تمنا ۔ نظیر ۔ بلہار ۔ رضا ۔ جہانگیر، سراج ۔ کمتر ۔ مفتوں ۔ مرہون ۔ نیاز ۔ تاباں غریب (اردو اور فارسی)

مناقب :۔ راقم ۔ ایجاد

مراثی :۔ دبیر (۷، ۶، ۸۶ بند) اختر ۔ نجف ۔ آرزو ۔ قدر ۔ سکیس ۔ عشق عباس علی

سلام :۔ عاشق

مخمسات :۔ عشق

مثنویات : مثنوی مولانا روم ۔ مثنوی لعل و گوہر از عاجز

رباعیات :۔ نعمت خاں عالی ۔ آصف درد ۔ عمر خیام ۔ امیر خسرو، ذردھی ۔ عطا، حضرت گیسو دراز

عمدۃ الامراء

فردیات : سودا۔ موسیٰ خاں۔ نادر (تلنگی آمیز شعر معمہ)

قطعات تاریخ : خاندانِ آصفی۔ حکیم رضا علی خاں۔ برائے ملازمت۔ انگریزی مہینوں کے نام وغیرہ

شجرے : دوازدہ امام علیہم السلام اور بزرگان سلسلۂ قادریہ

سوال و جواب سوالات حضرت شاہ برہان اللہ حسینی۔ جوابات حضرت گیسو دراز حسینی

نسخے : سیاہی (منظوم) منجن۔ تعویذات

دبیر کا ایک مرثیہ جو ۸۶ بند پر مشتمل ہے بقول پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری صاحب کہ یہ مرثیہ غیر مطبوعہ ہے۔ اسی لئے اس کا پہلا اور آخری بند درج کیا جا رہا ہے مرثیہ کے اوراق بیاض کے اوراق سے الگ سے لگائے گئے ہیں۔ ان اوراق کا رنگ اور سائز بھی مختلف ہے۔

پہلا بند : رن میں ابروکماں کی آمد ہے — اصغرؑ بے زباں کی آمد ہے
جو کے کی نیم جاں کی آمد ہے — پیاسے کی ناتواں کی آمد ہے
یہی خیمہ میں شور ہوتا ہے
وعدہ ان کا بھی پورا ہوتا ہے

آخری بند : لے روک رہے دبیر خامہ آہ — حال اب بزم کا ہے تباہ
روتے ہے روح شاہ عرش پناہ — کہتے ہے مرحبا جزاک اللہ
عرشیؔ ایسے ہیں کہیں دیکھے
جو سنے وہ کہتے نہیں دیکھے

بیاض میں سلیس کا مرثیہ بھی ہے، میر سلیس، میر انیس کے چھوٹے بیٹے تھے

انھیں مرثیہ گوئی کا شوق نہیں تھا۔ اُردو کے ایک عالم و فاضل اور مشہور شاعر سید علی حیدر نظم طباطبائی نے مراثی انیس کی تین جلدیں مرتب کیں اور یہ تینوں جلدیں نظامی بدایونی میں طبع ہوئی ہیں۔

یہ تینوں جلدیں اب کمیاب ہیں نظم طباطبائی نے مراثی انیس جلد اول میں یہ مرثیہ شامل کیا ہے جس کا مطلع یہ ہے

"نمک خوانِ تکلم ہے فصاحت میری"

اس کی تمہید میں نظم فرماتے ہیں کہ میر انیس نے یہ مرثیہ میر سلیس کو لکھکر دیا تھا تاکہ ان میں مرثیہ گوئی کا شوق پیدا ہو جائے جس سے وہ اپنی روزی کما سکے، لیکن جب انیس نے دیکھا کہ وہ متوجہ نہیں ہے تو پھر اس مرثیہ میں سلیس کے بجائے اپنا تخلص شامل کر دیا۔

ذیل میں سلیس کے مرثیہ کے پہلے اور آخری بند سے دو شعر درج کئے جاتے ہیں کیونکہ سلیس کا کلام نہیں ملتا۔

پہلا بند:۔ کہتے تھے مسلم کے لال یا علیؑ فریاد ہے
کیسے کہیں اپنا حال یا علیؑ فریاد ہے

آخری بند:۔ تھام سلیس اب زباں خلق ہے نعرہ زناں
پیر و جواں خورد سال یا علیؑ فریاد ہے

بیاض کی ابتداء ۔ اختتام اور ترقیمہ

ابتدا : اے کہ در دیدہ من جلوہ گری بسم اللہ
کر تو از لطف کنی یک نظری بسم اللہ

اختتام : ہر لحظہ مجھے کو یاد شہنشاہ دارا ہو
یارب درِ حسینؑ پہ مرا مزار ہو

ترقیمہ : تحت تمام شد بتاریخ بستم ماہ محرم الحرام ۱۲۹۹ سنہ ھ

بیاض اشعار

مخطوطہ نمبر ۱۹۵۴ داخلہ نمبر ۳۸۵۸۸

فن: شاعری : بیاض ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات { اوراق (۸۷) تقطیع (۲۳ × ۱۲) ہمر سطر (۱۰) ناقص الاول کاغذ دیسی ۔ خط شکستہ آمیز ۔ مہریں (۲ عدد غلام محمد ولد امام الدین سنہ ۱۲۵۱ھ

مندرجات: اس میں انتخاب دیوان غزلیات ۔ یقین اور سودا ۔ مخمسات، مرثیہ رباعیات، فردیات، متفرق اشعار ۔ قطعات تاریخ وفات ۔ ہجو مثنوی میر حسن اور ایک فارسی نظم بھی شامل ہے

(۱) غزلیات ۔ جاتی ۔ محیط (بخط غریب غلام محمد) ایک غزل بتاریخ بستم رجب سنہ ۱۲۵۹ھ بمقام محلہ مغلپورہ ۔

(۲) انتخاب دیوان یقین ردیف دار ہے ۔ دیوان کے آغاز پر ایک مہر غلام محمد ولد امام الدین کی سنہ ۱۲۵۱ ثبت ہے

(۳) انتخاب دیوان سودا ردیف وار ہے کہیں کہیں تصحیح بھی کی گئی ہے ۔ ایک مہر

غلام محمد ولد امام الدین کی ثبت ہے۔ ۱۲۵۱ھ

(۴) مخمسات، سوداؔ ۔ ولی ۔ حافظ

(۵) مراثی ۔ سوداؔ ۔ میرؔ اور مرثیہ نامکمل ہے

(۶) رباعیات ۔ عشقؔ ۔ سوداؔ اور دیگر شعرا

(۷) **قطعات تاریخ** در ہجو ۔ محمد صاحب میاں ۱۲۴۶ھ "آہ ظالم مرگیا" (مغرولی) چندولال شاداں ۱۲۵۹ھ "خود بخود دب گیا" **خوشحال** حیدرآبادی ۱۲۴۵ھ "جھوٹا جھوٹا جھوٹا" (موقوفی) باجی راؤ رنبہ ۱۲۳۳ھ "تھو تھو تھو"

(۸) ہجو ۔ شیخ جی ۔ مدار المہام ۔ سوداؔ ۔ چندولعل نظام یار جنگ وغیرہ احسان ۔ کشمیر

(۹) مثنوی میرحسن ؛ ورق ۸۰ الف سے مثنوی سحر البیان ۱۱۹۹ھ شروع ہوتی ہے جو ورق ۱۵۵ ب پر ختم ہوتی ہے مثنوی کے آخر میں حسب ذیل ترقیمہ ہے۔

"تمت الکتاب بعنوان ملک الوہاب بتاریخ بست ویکم ماہ صفر المظفر ۱۲۳۲ھ قصۂ مسمی "مثنوی میر حسن دہلوی"

مذکورہ بالا مہر دوبارہ ثبت کی گئی ہے یعنی ایک مہر مثنوی کی ابتدائی میں اور دوسری اختتام میں

(۱۰) میوہ اندل دیگر ۔ در تصنیف حضرت مولوی عبد الرحمٰن جامی قدس سرہ بیاض کے آخر میں بھی یہ نسخہ ہے۔

ایک غزل "نکاح نامہ" کے عنوان سے ہے۔ بخط غریب غلام محمد ہے
مہر ہے جس (غلام محمد کا نام ہے ہو سکتا ہے کہ وہ محیط تخلص کرتے ہوں' بیاض میں
ورق ۸۹ ب میں جلی قلم سے محیط عرف غلام محمد یعنی تخلص محیط درج ہے یہاں
پر مطلع اور مقطع دیا جا رہا ہے۔

مطلع : کھینچ کر خنجر کو اپنے مت ہٹا تو دلبر — لائق گردن زدن ہوں مار ائے بے وفا

مقطع : مر گئے بسمل سے ہم تیری ہجر میں اے صنم — ہے محیط کا روز و شب تجھ پہ ہمیشہ یہ گلہ

اور دو شعر غزل کے پیش کرتے ہیں لیکن املا غلط ہے صحیح کر کے لکھے ہیں۔

مکان دل وحشت کا پوچھتے کیا ہو — صنم کے زلف کے سائے شب ایسراکی ہے
کہ یہ سب باتیں حرف یہ قصہ کہانی ہے — وقت پیشتر یہ ہم ہیں یا ہماری نوابی ہے

بیاض کی ابتدا اور اختتام یہ ہے۔

ابتدا : کہا قضا نے ستم ہوا ہے حسینؑ پیاسے کا سر کٹا ہے
اثر یہ غم کا ہے اس کے پیدا فلک کے اوپر زمین کے نیچے

اختتام : یہ مصرعہ پڑھا دو میں پا کر فرح
ہے یہ مثنوی کی یہ نادر طرح

بیاض اشعار (نعمت)

مصنف نعمت

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر ۲۰۸۸ داخلہ نمبر ۳۹۷۹

فن: شاعری۔ بیاض۔ جدید

کیفیت و خصوصیات { اوراق (۹۱) تقطیع (۷×۱۱) سم سطر (۷) مکمل / کاغذ دیسی
خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب شاہ محمد جان مقام — سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت ۱۲ صفر سنہ ۱۲۲۲ھ

مندرجات ابتدائی چھ صفحات نعمت کے سلاموں کی فہرست ہے یعنی ہر سلام کا مطلع دیا گیا ہے۔ سلاموں کی تعداد (۲۵) ہے نعمت کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔ ایک مقطع سے معلوم ہوتا ہے کہ نعمت دکن کے رہنے والے تھے مقطع یہ ہے۔

دو ہی دن ہوئے کہ ہوں جا کے نجف میں مقیم
یہاں یہ چرچا ہے کہ نعمت نے دکن چھوڑ دیا

نعمت کے کلام میں بڑی روانی اور شگفتگی ہے جیسے کہ لکھنؤ کے مشہور و معروف مرثیہ گو شعراء کے کلام میں ہوتی ہے اس کی ایک مثال یہ ہے کہ انیس کا مشہور و معروف

"ضبط گریۂ ماتم سرور نہیں ہو سکتا نہیں"

کی ردیف میں ایک شعر یوں ہے

شاہ کہتے تھے یہ دنیا بھی ہے عبرت کی جگہ　　مر گیا بیٹا جوان اور باپ رو سکتا نہیں

نعمت کا یہ شعر قابل غور ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے انیس کے شعر کا اپنے شعر میں استفادہ کیا ہے۔

کہتے تھے شبیرؑ یہ بھی منقضائے وقت ہے　　مر گیا بیٹا پدر لاشا اٹھا سکتا نہیں

ذیل میں ایک پورا سلام طالبان تحقیق کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔ (صفحہ ۲۲)

سلام یہ ہے۔

مقتل شہؑ میں حرم سے کوئی لا سکتا نہیں　　لاش پر شبیرؑ کی آنسو بہا سکتا نہیں

عمر بھر حق کی عبادت گر کرے انسان تو کیا　　حب حیدرؑ گر نہ ہو جنت میں جا سکتا نہیں

شہؑ نے صغراؑ کو لکھا ہوں میں گرفتار بلا　　راستے میں درد ہی تجھ کو بلا سکتا نہیں

دو پہر میں داغ ہفتاد و دو تن غیر از حسینؑ　　کوئی پیغمبر بھی تو دل پر اٹھا سکتا نہیں

کہتے تھے شبیرؑ یہ بھی منقضائے وقت ہے　　مر گیا بیٹا پدر لاشا اٹھا سکتا نہیں

بولے شہؑ مارے گئے اصحاب و انصار و عزیز　　قبر بھی میں ان شہیدوں کی بنا سکتا نہیں

قطعہ

رو کے کہتے تھے سکینہؑ سے یہ عباس علیؑ　　بے اجازت شاہ کے میدان میں جا سکتا نہیں

داغ تیری پیاس کا دل پر ہے لیکن کیا کروں　　جا کے پانی نہر سے لا کر پلا سکتا نہیں

یکہزار و نہصد و پنجاہ زخم تیغ و تیر　　کوئی جز شبیرؑ تن پر اپنے کھا سکتا نہیں

قطعہ

بولے عابد مرتے ہیں ناتواں سے اطفال حسینؑ　　کیا کروں قیدی ہوں کچھ ان کو کھلا سکتا نہیں

بیڑیاں پاؤں میں ہاتھوں پر رسن گردن میں طوق　　سر اٹھا سکتا نہیں پاؤں ہلا سکتا نہیں

ناتواں ہوں زار ہوں بیمار ہوں اس کے سوا　　بند سے زنداں کا در باہر بھی جا سکتا نہیں

خاک پر جلتا ہے شہؑ عریاں دھوپ میں　　ڈر سے حاکم کے کوئی چادر اڑھا سکتا نہیں

بولے تفضہ قیمہ میں درانہ آتے ہو لعین
بے رضا اس گھر میں عزرائیل آسکتا نہیں

بے دلائے مصطفیٰ و اہلبیت مصطفیٰ
خلد میں واللہ نعمت کوئی جاسکتا نہیں

ابتداء : کر رہا ہوں وصف شہ تحریر اپنے ہاتھ سے
جو کرے مس روضۂ شبیرؑ اپنے ہاتھ سے

اختتام : دو ہی دن ہوئے کہ ہوں جاکے نجف میں مقیم
یہاں یہ چرچا ہے کہ نعمت نے دکن چھوڑ دیا

ترقیمہ : ۱۲ ماہ صفر سنہ ۱۲۲۳ھ اس کے بعد کی تحریر مٹا دی گئی ہے بہ مشکل "شاہ محمد جان" پڑھا جاسکتا ہے۔

بیاض اشعار

مخطوطہ نمبر ۲۵۵۹ داخلہ نمبر ۳۴۴۴

فن : شاعری بیاض - جدید

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۲۲) تقطیع (۲۰ × ۳۲) ہر سطر (۱۶) مکمل کاغذ (دیسی)۔ خط شکستہ آمیز - مہر (ایک) مہر علی خاں سنہ ۱۲۴۲ھ کتابت - کاتب

مندرجات : اس میں اردو اور فارسی غزلیات، ٹھمریاں اور چند خطوط ہیں شعراء کے نام یہ ہیں۔ ظفر، شاداں۔ عاشق۔ عشق۔ نظر اور داور۔ داور تخلص کے شاعر کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔ بیاض کا خط اور کاغذ

بہت پرانا ہے ذیل میں غزل کے چند شعر دیئے جاتے ہیں.

مرا جو محفل جاناں میں دخیل ہوا
تو اس عزیز کے ہاتھوں سے میں ذلیل ہوا
کیا ہے عشق نے تیرے مجھے تو سودائی
کہ بستی چھوڑ کے باشندۂ فصیل ہوا
وہاں بھی چین نہیں پھر سنا جو آدمے نے
کہ یاد آتا ہے لاغر تھا مثل ہیل ہوا

کاتب غیر محتاط ہے املا کی کئی غلطیاں ہیں ایک مہر صفحہ نمبر ۸ پر بنام مہر علی خاں سنہ ۱۲۸۷ھ کی ثبت ہے،

ابتدا : مطرب سے کہہ شروع کرے گانا لبنت کا
فرخندہ سا قیا ہے یہ آنا لبنت کا

اختتام : غیروں کو بلا کر وہ لگا پاس بیٹھا ہے
مصرعہ ثانی پڑھا نہیں جا سکتا۔

○

بیاض اشعار

مصنف :

سـنہ ھ م سـنہ ء

مخطوطہ نمبر ۴۵۶۰ داخلہ نمبر ــ

فن: شاعری. بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۴۲) تقطیع (۲۰ × ۱۱) سمر سطر (۱۸) مکمل / کاغذ (دیسی)
خط (نستعلیق شکستہ آمیز)

کتابت: کاتب غلام امام علی مقام سنہ تخنیف ـــ
سنہ کتابت ۱۳۱۲ھ

مندرجات: اس بیاض میں سلام ـ قصائد ـ مراثی اور تاریخ تولد فرزند راجہ موری منوہر ۱۳۱۲ھ بعض سلاموں اور مرثیوں کے خاتموں پر تاریخیں درج ہیں، پہلے مرثیہ کی تاریخ ۱۳۰۸ھ ہے شعرا یہ ہے صابر ـ عشق دبیر ـ انیس ـ ظفر ـ مونس ـ احسان ـ سوز ـ گوہر ـ قہر ـ دلگیر ارسطو اور شائق ـ

مکرر نیاں ـ مخمس (۲۱) اشعار پر مشتمل ہیں، چار رباعیات اور قصیدہ رسول اکرم ـ محب علی

ابتدا : لہو روتی ہیں آنکھیں مثل گل اشکوں میں لالی ہے
ہر اک شاخ مژگاں اے مومنوں پھولوں کی ڈالی ہے

اختتام : بوجھ گناہ سر پر میرے جمنا گہری پار
رحمت کر کر احمد مرسل بیڑا کر دو پار

ترقیمہ : المرقوم صفر المظفر ۱۳۰۷ھ بروز ... رقم خاکسار غریب حقیر فقیر نابکار غفلت شعار غلام امام علی صاحب۔ سنہ ۱۸ سنہ ۱۳۰۹ھ سنہ ۱۳۱۰ھ سنہ ۱۳۱۱ھ سنہ ۱۳۱۲ھ

بیاض اشعار

مصنف

سنہ ..... م .....

مخطوطہ نمبر : ۴۶۰۲ داخلہ

فن . شاعری . بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۱۲) تقطیع (۱۳ × ۱۶ ½) سمر سطر (۸) ناقص الطرفین
کاغذ (دیسی) خط. نستعلیق

کتابت : کاتب - مقام - سنہ تصنیف -
سنہ کتابت -

مندرجات : اس کا پہلا ورق نہیں ہے ورق (۲) پر ایک غزل چوتھے شعر سے شروع ہوتی ہے جس پر نمبر پڑا ہوا ہے اس کے بعد غزلیات - آصف - مرزا - مخل منصور

ٹھمری۔ آصف۔ مخل۔ نساخ اور ایک نعتیہ قصیدہ کے کچھ شعر ہیں
شاعر نامعلوم۔

ابتدا : تلاش یار میں آفت بہت ہی کچھ اٹھایا ہوں
بالاآخر خوبیٔ قسمت سے در تک اس کے آیا ہوں

اختتام : ابھی تو عشق جاناں دیکھئے کیا کیا ستاتا ہے
جلا کر دل کو میری خاک حسرت میں ملاتا ہے۔

بیاض اشعار

مخطوطہ نمبر: ۴۶۶۸ داخلہ نمبر

فن : شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۳۷) تقطیع (۲۲ × ۱۲) ہر سطر (۱۶) ناقص الطرفین
کاغذ (دیسی) خط شکستہ آمیز۔ غلط املا

کتاب : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ــــ
سنہ کتابت ــــ

مندرجات : غزلیات۔ انجم۔ آبرو۔ ظفر۔ قمر۔ نظر۔ مونس

ترتیبہ ۔ شاہ تراب ۔ صفدر اور لسمل (بارہ ماسے خلیل درمیانی اوراق غائب ، ٹھمری خلیل) خط بنام محمد بیگ ، قیصدہ محی الدین اجمیری ۔ شامل ہیں

ابتدا : سو جھتا پہلے سے الفت کا جو انجام مجھے
ایسے صدمہ نہ دکھاتا دل ناکام مجھے

اختتام : ناری ایک یوروپ سے آئی لاکھوں ناری .....
جب وہ ناری مدپر آئی تب ناری ....
(کذا)

بیاض اشعار

مخطوطہ نمبر: ۲۰۸۴ داخلہ نمبر ۳۹۷۹۳

فن : شاعری ۔ بیاض ۔ جدید

۵۔ کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸۰) تقطیع (۲۸×۱۲) ہر سطر (۱۸) مکمل ۔ کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)

۶۔ کتابت : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

۷۔ مندرجات : اس میں اردو فارسی اور ہندی کلام ہے ابتدائی ۲۰ صفحات میں ایک ہندی مثنوی ہے جو نامکمل ہے اور اس کا کاغذ اور رنگ بھی دوسرے صفحات سے مختلف ہے

فارسی کلام اور ہندی کبتوں اور دوہروں کی تعداد نسبتاً زیادہ ہے جہانگیر، نور جہاں شاہجہاں اور عالمگیر کے سوال و جواب بھی ہیں اس کے علاوہ آفتِ ـ ریختہ ـ چندا ـ ہدایت ـ جعفر زٹلی ـ مرزا صائب ـ عزلت ـ ناصر علی تخلص علی سرہندی، بیدل عظیم آبادی ـ امیر خسرو ـ سعدی شیرازی ـ مظہر جان جاناں ـ سلیمان ـ عاجز اور سودا کے اشعار اور رباعیات وغیرہ بھی ہیں۔

ابتدا : سوہادی یا جگت سرسن تہہ کے بہائے
جو تن سن تیئں تمن لوں مالن ہاتھ لگائے

اختتام : در وہم و گم شدہ اوہام افکار و فصول
مشق سودا ـ میکند ہر عضوی را اعصابی

بیاض اشعار و غزلیات

مخطوطہ نمبر : ۵۴۳۶ ، داخلہ نمبر

فن : شاعری ـ بیاض ـ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۰) تقطیع (۲۱ × ۱۱) سمر سطر (۱۰) مکمل / ناقص الطرفین
خط (نستعلیق)
کاغذ (دیسی)

کتابت : کاتب ـ مقام ـ سنہ تصنیف سنہ

مندرجات: مناجات، مناقب (حضرت غوث اعظم دستگیر) مخمس۔ رباعیات، رقعہ گفتگو یوسف علیہ السلام اور زلیخا۔ رباعیات بزبان عربی و فارسی شامل ہیں

ابتدا: تیرے جد کی نبوت کا سورج ہے نیر اعظم
پسوان مجہ ولایت کا چندے بدر الآیالی (کذا)

اختتام: اگر دعوتم رد کنی ور قبول
من و دست و داماں آل رسول

بیاض اشعار فارسی و اردو

مخطوطہ نمبر: ۴۱۳ داخلہ نمبر ۵۸۰-۱

فن۔ شاعری۔ بیاض۔ دواوین

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۲۱) تقطیع (۱۹ × ½ ۱۱) ہمرسطر (۱۰) مکمل کاغذ (دیسی) خط شکستہ آمیز مہر ایک بندہ علی رضوی

کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف -
سنہ کتابت ۱۲۲۱ھ

مندرجات: بیاض میں نعت، قصائد، مراثی اور مخمسات، اردو اور فارسی سودا اور راجاد کے ہیں کچھ فارسی رباعیات بھی ہیں۔ ایک مہر بندہ علی رضوی ثبت ہے۔
نعت - سودا

قصائد ۔ سرورِ کونینؐ ۔ امام حسینؓ ۔ اخلاق حضرت علیؓ (فارسی) سوداؔ

قصائد ایجاد ۔ صائب (فارسی)

مراثی ۔ امامؑ ۔ سوداؔ

ابتدا : طاس حمام است این دنیائے دون

ہر زماں در دست ناپاکی دگر

اختتام : یا حضرت عباس علیؓ شمس و قمر

(رباعی) مانند عیوں بروز نو شام و سحر

۔۔۔۔۔۔ ناقابل مطالعہ ۔۔۔۔۔۔

ترقیمہ : صفحہ اول پر مندرجہ ذیل تحریر ہے

"بیاض استاد حکیم سید عالی نوشتیم لبعد شکر خدا تاریخ گفتم ۱۲۶۱ھ

بیاض اشعار متفرق

مخطوطہ نمبر: ۴۷۶۶ داخلہ نمبر

فن: شاعری۔ بیاض ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰۰) تقطیع (۸×۱۸) سطر (۱۵) ناقص الاول بوسیدہ کاغذ (دیسی) ۱۲۸۱ھ کا ہے آبی مہر پر سنہ درج ہے، خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت ۱۳۱۱ھ

مندرجات: بیاض نہایت بوسیدہ ہے اور ہاتھ لگنے سے کاغذ چور چور ہو جاتا ہے
اس میں کچھ غزلیات، قصائد، واسوخت، مناجات، مراثی اور دیگر کلام
کچھ رباعیات فارسی، حروف ابجد وغیرہ موجود ہیں۔ بندہ کے کلام کی تعداد
نسبتاً زیادہ ہے۔ شعرا کے نام یہ ہیں۔
امانت ۔ ممتاز ۔ حسین ۔ شفیق ۔ مجید (عبدالمجید) مجید (عبدالروف)
صادق ۔ عزیزالدین ۔ فدا ۔ فدا حسین ۔ شافی ۔ شفاء الصمد (الہ آبادی)
شافی ۔ ناصر علی خاں ۔ سراج ۔ وحشت ۔ عالم ۔ قادری ۔ تمنا
آصف ۔ فیض ۔ سخن ۔ ادب ۔ بندہ ۔ مضطر ۔ عبد ۔ دفا
کافی ۔ ناظم ۔ انور ۔ مرتضیٰ ۔ حسرت ۔ ضمیر ۔ اشہر اور خاموش
ابتدا میں مشہور ڈرامہ نویس امانت لکھنوی کا واسوخت ہے پہلا بند

کرم خوردہ ہے اس لیئے ابتدا دوسرے بند سے کی جاتی ہے:

ابتدا : مثال یار کی کرتا ہوں سینکڑوں باتیں
نصیب ہوتی نہیں لطف کی ملاقاتیں
بنایا کرتا ہوں جی سے سحر تلک باتیں
تڑپ تڑپ کے گزرتی ہیں ہجر کی راتیں
نہ اس کا وصل ہے ممکن نہ تاب ہے دل کو
عجب طرح کا الٰہی عذاب ہے دل کو

آخر میں اشہر کا نعتیہ مخمس ہے اور آخری بند یہ ہے۔ قدسی کی نعت پر تضمین کی گئی ہے۔

اختتام : درد آپ سے ہی دوا چاہیے اشہر قلبی
میں بھی آیا ہوں یہ کہتا ہوا شاہِ عربی
مثل قدسی کہ بگفتست بہ مطلب طلبی
سیدی انت حبیبی وطبیب قلبی
آمدہ سوے تو قدسی پے درماں طلبی

ترقیمہ : المرقوم رجب المرجب ۱۳۱۱ھ

بیاض اشعار متفرق

مخطوطہ نمبر: ۲۷٥۳ داخلہ نمبر ۴۴٦۲۳

فن. شاعری. بیاض - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۲٦) تقطیع (۱۷ × ۲٦) سمر سطر (۸) مکمل - کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) - مہر ایک ناقابل مطالعہ

کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف ــــ سنہ کتابت ــــ

مندرجات: بیاض کے ابتدائی (٥۲) صفحات کا رنگ گہرا بادامی ہے اور تقطیع بھی دوسرے صفحات سے کسی قدر بڑی ہے ان صفحات میں دو خطوط واسطے ملازمت سید حسین سلمہ کے ہیں اس کے بعد کے صفحات میں غزلیات رباعیات - مسدسات - قصائد - مناجات - فردیات - قطعات - مسافر نامہ - رسائل - دوہرے اور کبت شامل ہیں. شعراء کے نام مندرجہ ذیل ہیں. آخری صفحہ پر ایک مہر ہے جو پڑھی نہیں جا سکتی ہے.

غزلیات: سودا - حفیظ - شاہ تائم - مخلص - ولی - کمترین - ایمان - شادان - عاجز - یقین - بسمل - انور - مہربان - شہرت - مشتاق سرشار - شرر - عظمت میاں میر - نظیر اکبر آبادی - امیر خسرو اور

جرأت کے علاوہ فارسی بھی ہیں۔

رباعیات: گنا بیگم ۔ فتنہ ۔ زیب النساء بیگم ۔ تمکین ۔ مشتاق ۔ ہوش ۔ سخن ۔ شاہ کمال ۔ خان ۔ شرر ۔ بسمل ۔ ولی ۔ آ جمہ۔

مسدسلت: شاہ تراب ۔ رنگین ۔ علیم ۔

قصائد: سرورِ کونین ۱۳۱۶ھ بندہ ۔ عشق

مناجات: الوداع رمضان ۔ حضرت شاہ شرف بو علی قلندر

قطعہ: سودا ۔

فردیات: مسافرنامہ ۔ جنون ۔ رسائل ۔ تعبیر خواب ۔ معجزہ حضرت یوسف وغیرہ

ابتدا: تم خواجہ ہو اے جناب والا ہے مجھکو امید لا محالا
مجھے بندگی خاتہ ہو قبول ۔ ہو بندگی اور عزت دہ بالا

اختتام: چشم تر سے جس کے تئیں روتی نظر رب کا خیال
اسکے تئیں تحقیق جانو بیگا وہ (کذا) نور جمال

بیاض متفرق اشعار

مخطوطہ نمبر ۳۹۰۲ داخلہ نمبر ۴۸۳۵۴

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۲۲) تقطیع (۲۶×۱۳) سم سطر (۱۳) مکمل' کاغذ (دیسی) خط نستعلیق۔ شکستہ آمیز۔ مہر ایک۔ حاجی مرزا محمد حسین ذاکر ۱۲۵۲ھ

کتابت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مندرجات: اس میں غزلیات۔ رباعیات۔ مناجات۔ نوحے۔ مرثیے۔ سلام۔ متفرق اشعار اور بیچ میں شہادت امام حسینؑ کا واقعہ بھی نثر میں موجود ہے شعراء یہ ہیں۔

لچھمی نرائن صاحب۔ شاہ ضیاء الدین پروانہ۔ سید امتیاز خاں ذکا۔ مرزا جان جاناں۔ رسا۔ جراءت۔ ایجاد۔ رونق۔ معصوم۔ بیان۔ نواب عماد الملک فیروز جنگ تخلص نظام۔ (شوہر گنا بیگم) ممتاز۔ مزمل۔ ایما۔ آصف۔ میر۔ ضیا اور سودا وغیرہ

لچھمی نرائن شفیق (صاحب چمنستان شعرا) جو اردو میں صاحب تخلص کرتے تھے ان کی کئی غیر مطبوعہ غزلیں بھی ہیں ایک غزل نمونہ کے طور پر درج کی جاتی ہے۔

مشکل ہے اس مریض پہ اوقات کاٹنا
دن تو کیا یہ سخت ہے اب رات کاٹنا

ہندوی خط نے تیرے میرا دل چورا لیا
لازم ہے اپسے چور کے تو ہات کاٹنا
اس گلبدن کے ذکر میں لاتی ہے گل کا ذکر
بلبل یہ سیکھی تو نے کہاں بات کاٹنا
رونے تلک تو آنکھوں سے میری نہ جائے جاں
یہاں اب ضرور ہے تجھے برسات کاٹنا
صاحب تیرے تو شعر سن مستانہ قہر ہے
مشکل ہے راہ میکدہ تجہ سات کاٹنا

ابتدا اور اختتام یہ ہے۔

ابتدا : الہٰی آج میں سنتا ہوں ہر جا ذکر بسمل کا
اٹھا تھا صبح کو کیا خواب سے منہ دیکھ قاتل کا

اختتام : شہ سے کہتی تھی سکینہ یہی رو کرائے وائے مقدر
پانی کے لیے قتل ہوئے چلی جاں ! ہائے محرم میں

بیاض متفرق اشعار

مخطوطہ نمبر: ۲۶۲۵ داخلہ نمبر۔

فن:۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۹۴) تقطیع (۲۳ × ۱۶½) ہمہ مسطر (۱۲) کاغذ دیسی بوسیدہ متفرق سائز کے اوراق ہیں۔

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔

سنہ کتابت ۔

مندرجات: اس میں غزلیات، قصیدہ ۔ مثنوی وغیرہ موجود ہے بیاض بہت کرم خوردہ ہے اور املا بھی غلط ہے، جس کی وجہ سے پڑھنے میں بہت دشواری ہو رہی ہے

(۱) غزلیات ۔ سراج ۔ عاجز ۔ سودا ۔ انشا

(۲) قصہ مادر و پدر ۔ سیف الملک بدیع الجمال ۔ ملا غواصی، (اوراق بے ترتیب)

(۳) رسالہ ۔ رموز الکاسبین حضرت صدر الدین ولی الکبر الصادق جعفر الثانی سید محمد یوسف الحسینی مخدوم دین و دنیا الملقب گیسو دراز قدس اللہ سرہٗ

(نوشتہ عاصی فقیر حقیر سید محمد صبغت اللہ قادری ۔ تمام شد ۔ بتاریخ پنجم ماہ رجب المرجب بوقت سہ پہر نماز ظہر بروز ہفتہ در ۱۲۶۲ھ)

(۴) قصیدہ ۔ سلام ۔ حمد ۔ نعت ۔ سید فخر الاسلام صاحب

(۵) ایک منظوم شجرہ شاہ وجیہ الدین سے سلسلہ نسبت کا ہے حقیقت بندہ نواز

(۶) دوہرے

ابتدا : والسماء ذات البروج
اور قسم ہے آسماں کی کہ صاحب

اختتام : لے مار کر وہ تو جنگل کی راہ
رہا ایک حاتم کے سر پر کلاہ

بیاض اہل ماتم

مخطوطہ : ۲۸۴۶ داخلہ نمبر ۲۷۹۳۲

مضمون : مراثی ۔ جدید؟ دو اوین؟

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۳۰) تقطیع (۲۰ × ۱۶) سم سطر (۱۲) مکمل
کاغذ (دیسی) خط نستعلیق خوشخط

کتابت : سنہ تصنیف ۱۳۳۰ھ م ۱۹۱۲ء
سنہ کتابت ۱۳۴۲ھ م ۱۹۲۲ء

مندرجات : بیاض کا تاریخی نام "بیاض اہل ماتم" ۱۳۳۰ھ ہے جو پہلے صفحہ پر درج ہے اس میں لائق کے نوحوں کی تعداد (۵۱) ہے تحریر فی التاریخ یکم محرم الحرام ۱۳۴۲ھ ہے لائق کے نوحوں کا انداز بیان کسی لکھنوی شاعر کا معلوم ہوتا ہے لائق کی زبان رواں دواں صاف ستھری اور شگفتہ ہے ناسخ نے سخن شعراء صفحہ ۴۰۲ میں لائق کا نام میر لائق علی لکھنوی شاگرد ناسخ بتایا ہے اور ترجمہ میں ایک رباعی دی گئی ہے ممکن ہو کہ یہ وہی لائق ہوں ذیل میں ایک نوحہ پیش کیا جاتا ہے ۔

دربار میں کیا ظلم ہے بیٹی ہے علیؑ کی
کیا قہر ہے سر ننگے نواسی ہے نبیؐ کی
سر کٹ کے جو آیا ہے حسینؑ ابن علیؑ کا
دینا ہے ہر ایک باقی شر نذر خوشی کی
ظالم نے رکھی چوب شہ دین کے لبوں پہ
حق سے نہ گیا خوف بھی وہ بے ادبی کی
ناحرموں کے پلوے میں سر ننگے پھر آیا
یہ قدر مسلمانوں نے کی آل نبیؐ کی
تھی شمر ستمگار کو کس درجہ عداوت
مطلق نہ سکینہؑ کو ستانے میں کمی کی
دکھ دیتا تھا جب شمر تو رو دیتی تھی زینبؑ
دیتی تھی صدا ہائے انی ہائے انی کی
نوشہ کا لہو ہاتھ میں تھا بدلے حنا کے
غانہ کے عوض خاک تھی صورت یہ نبیؐ کی
شمر ستم ایجاد نے جب ہاتھ بڑھا دیا
زینبؑ نے رداد یدی کہ بیٹی تھی سنی کی
کر آہ و بکا خاک اڑا لائق غمناک
مجلس یہ بپا ہے غم فرزند نبیؐ کی

ابتدا : بشر دین کا کٹے گا سر یہ وہ ماہ محرم ہے
لٹیں گے آلِ پیغمبرؐ یہ وہ ماہ محرم ہے

اختتام : اے لائق مخزوں رو کہ قلم تھا کون و مکان میں اک ماتم
جب کہتی تھی زہرہؓ رو رو کر تو قتل ہوا پیاسا رن میں

بیاض جنگ اشعار

مخطوطہ نمبر : ۱۳۳۶ داخلہ نمبر ۲۱۷۷۳

مضمون : دو داوین

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۲۱۰) تقطیع (۲۰ × ۱۰) سمر سطر (۱۰) مکمل
کاغذ (دیسی) ۔ خط نستعلیق

کتابت : کاتب ۔ غلام مصطفیٰ ۔ سنہ کتابت ۱۲۷۰ھ

مندرجات: بیاض دونوں طرف سے شروع ہوتی ہے اس کے بعد ابتدائی صفحات میں "جنگ نامہ حسینؑ" کے (۶۰) بند ہیں اور آخری صفحات میں ۶ سے ۴۷ بند ہیں شاعر رام سنگھ ہے جلد بندی میں اوراق بے ترتیب ہو گئے ہیں" اختتامی شعر "جنگ نامہ حسینؑ" کے ۶۵ ویں بند کا ہے، درمیانی صفحات میں نعتیں مناقب ۔ مرثیہ ۔ مخمس ۔ کرامات ۔ معجزات ۔ سلام ۔ طغرا ۔ سراپا خواب کی تعبیر وغیرہ شامل ہیں شعراء کے نام ۔

نعت : مرزا محمد شریف۔

مناقب :۔ حمید ۔ معصوم ۔ شریف ۔ نسیم ۔ اطہر ۔ عاجز ۔ مسکین ۔ شمشاد
رضا ۔ شمیم ۔ عبدی ۔ جاتی ۔ آزاد ۔ شمس ۔ خیال ۔ حسرت ۔ فدوی ۔ منور
سودا ۔ گوہر ۔ آباد ۔ بیدل ۔ بسمل ۔ سلطان ۔ محسن ۔ عشق ۔ عابد ۔ فراق
حافظ ۔ ناصر ۔ خندرو ۔ قاسم ۔ نیر ۔ عاشق ۔ ارشاد ۔ داغ ۔ رقم
االہ مقصد ۔ بیان ۔ میرن ۔ درگاہ ۔ شاکر ۔ وزیر ۔ محبرہ ۔ عقیدت
نقی پر کیف نے تضمین کہی ہے۔

مرثیہ : مونس

مخمس : عبدی ۔ مونس ۔ شمشاد ۔ قہر ۔ تراب ۔ مفتی شمیم اللہ ۔ فیض ۔
عندلیب ۔ مشہور ۔ سودا ۔ شہید ۔ لطف ۔ سوز ۔ اطہر ۔ ہمدم ۔ قائم
معصوم ۔ شاداب ۔ ظفر ۔ معروف ۔ تاباں ۔ مقصود ۔ آزاد ۔ نظر
ہاشمی ۔ سرور ۔ محمود ۔ حسرت ۔ عابد ۔ عاقل ۔ تبریز ۔ عاجز ۔
مذنب ۔ ناصر ۔ الفت ۔ رنگین ۔ خواہاں ۔ مجرد ۔ شوق ۔ مقدور
وصال۔

کرامات : حضرت مظہر ولی ۔ حسن

معجزات : شفیع ۔ مونس ۔ شمشاد ۔ اطہر

سلام : عاشق ۔ سخن ۔ آباد

سراپا محبوبہ : ماہ لقا ۔ نکہت۔

خواب کی تعبیر : سید اکبر حسین (منظوم)

اس بیاض کی یہ بھی ایک خوبی ہے کہ اس میں مرزا محمد حسن تخلص مذنب شاگرد مرزا سودا کا کلام شامل ہے مذنب تذکرہ خوش معرکہ زیبا کے مولف سعادت خاں ناصر کے استاد تھے ناسخ نے ان کی تاریخ وفات بھی کہی ہے۔

این مصرع تاریخ فرو ریخت ز کلکم
بنہادہ عجب داغ جدائی بدل ما

۱۲۴۲ ہجری (تذکرہ خوش معرکہ زیبا صفحہ ۵)

مذنب کا کلام نہیں ملتا ہے بیاض میں سات بند کا مخمس بھی ہے اس میں مومن کی مشہور غزل کی تضمین کی گئی ہے اس کی تضمین اشرف خاں التخلص خاں شاگرد مصحفی نے بھی کی ہے جو دیوان خاں میں موجود ہے، دیوان خاں کتب خانہ ہذا میں موجود ہے، ذیل میں پہلا اور آخری بند پیش ہے

درد غم میرا اٹھایا نہ گیا میرے بعد
پرسش تیغ ستم کوئی نہ لیا میرے بعد
درد کا جام نہ تھا کوئی پیا میرے بعد
جب کہ سجادہ نشین قیس ہوا میرے بعد
نہ رہی دشت میں خالی کوئی جا میرے بعد

دیکھ لو آگے مجھے دیکھئے یارو جتنا
کل کو امید نہیں جانے جہاں کی ہے فنا
مذنب اس کے سوا کوئی نہیں ہے اپنا
جاکے کہہ دیوے کوئی خاں کی زبانی اپنا

اب نہیں آتے ہو پھر آویں گے کیا میرے بعد

بیاض میں مجرد کے مخمسات اور مناقب دیکھنے میں آئے ہیں۔ مجرد کے بارے میں سخن شعرا میں ص ۴۱۲ میں محمد پناہ دہلوی تخلص مجرد کا ذکر کیا گیا ہے اور ایک شعر بھی دیا گیا ہے شعر یہ ہے۔

مسجد کو تیری شیخ ہمارا سلام ہے
ہم نے تو آستانِ بتاں سجدہ گاہ کی

دوسرے تذکروں میں مجرد کا کوئی حال نہیں ملا ہے۔ ذیل میں مجرد کے مخمس کا مطلع اور مقطع درج ہے۔

مطلع : ستم رسیدہ کہ جب عشق سے وطن کے ہوئے
گرفتہ الفتِ بلبل نمط چمن کے ہوئے
طلب بہ حرم ز لعل لب یمن کے ہوئے
ذلیل عشق میں ناحق وہ گلبدن کے ہوئے
حریف رنج والم اپنے جان و تن کے ہوئے

مقطع : ستم دکھائے ہیں کیا کیا بتوں نے فرقت کا
یہ جان دیتے ہیں الفت میں عاشق شیدا
اگرچہ کتنے ہیں ہیں لاکھ شہید بجا
جز عاشقوں کے مجرد یہ رتبہ کس کو ملا
شہید ناز سے ہم نے وہ گلبدن کے ہوئے

بیاض میں آزاد کا ایک مخمس ہے غالباً یہ میر غلام علی آزاد کا ہے ذیل میں دیا جاتا ہے۔

فتنہ ساز شجر شرم کے برم سے اٹھا
شعلہ زن ناز فغاں سینے کے مجمر سے اٹھا
شور ماتم بار خلق ھبرا ودریں سے اٹھا
آہ اے قاتل حجاب غیریت اب سر سے اٹھا
سرِ شہیدِ عشق کا ابرو کے خنجر سے اٹھا
پردہ دل کب تک غرض یہ جو دل مملو سے
جلوہ افگن ہو کبھو عاشق کی چشم طور سے
حالت بیدل نظر کر بجو لے بھٹکے دور سے
زخمی تیری نظر بس ہے یہی نت ناسور سے
لختِ دل اس کا ہے تیری مژگوں کے نشتر سے اٹھا

تذکروں سے ثابت ہے کہ آزاد اردو میں بھی شعر کہتے تھے اور ان کا انتقال دکن میں ہی ہوا ۔ اور خلد آباد میں حسن دہلوی (معاصر امیر خسرو) کے احاطہ میں دفن ہیں ۔

بیاض کی ابتدا ۔ اختتام اور ترقیمہ حسبہ ذیل ہے ۔

ابتدا : یار جانی تھے نبیؐ اور صادق دوست دار
کر دیا حضرت نبیؐ پر جاں و دل اپنا نثار

اختتام : ہر ایک جانی کا بھید اگر سنا دے
کہ موج جہاز ان بھی وہاں چل کے جا دے

ترقیمہ : مناقب نا ص۵۷۰ تا ص۵۹۸ تک، ۵ بند ہیں اس کا ترقیمہ ص۵۷۰ پر ہے " کاتب الحروف غلام مصطفےٰ " روز شنبہ بتاریخ ۔ دہم ماہ صفر سنہ ۱۲۷۰ھ ہے جملہ بند ۸، ہیں لیکن اس بیاض میں کم ہیں "

(چونکہ بیاض دونوں طرف سے شروع ہوتی ہے اس لئے صفحات کے نمبرات الٹے درج ہیں۔

بیاض قصائد

مخطوطہ نمبر۔ ۱۹۷۲ داخلہ نمبر۔ ۶ ۳۸۶

فن۔ شاعری۔ قصائد ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات { اوراق (۲۱۴) تقطیع (۱۷×۱۲) سمر مسطر (۸) یکمل۔ کاغذ (دیسی مختلف رنگ) خط (نستعلیق)۔

کتابت:۔ کاتب سید سلیمان ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات۔ اس میں قصائد "غوث پاک" ہیں۔ یہ بیاض آصف سادس نواب میر محبوب علی خاں کے عہد میں لکھی گئی ہے۔ ایک شعر میں ان کے لئے اس طرح دعا کی گئی ہے

محبوب پاشاہ پہ رکھیئے فضل و کرم
ہو ریاست اخیر تک قائم

بیاض کے کچھ اوراق مختلف رنگ کے ہیں اور بعض

قصائد سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں
شعراء کے نام یہ ہیں ۔
لطیف ۔ ضیا ۔ مرزا ۔ عظیم ۔ نطق ۔ حافظ ۔
ہمان ۔ کمتر ۔ مسعود ۔ سنی ۔ مسکین ۔ افضال
اور تجمل ۔
سنی کے بارے میں تمام تذکرے خاموش ہیں ۔ نمونے کے
طور پر ایک قصیدہ پیش کیا جاتا ہے ۔ (ص ۳۴)

کہو مومنو اُس شخص کو محشر کا کیا غم ہو
نبیؐ جس کا محمدؐ اور مرشد غوثِ اعظمؒ ہو
مسیحا جس کا قائل ہے یہ کیسی ہے مسیحائی
کہ جس کی ذات سے زندہ نبیؐ کا دیں محکم ہو
قدم احمد کا جس نے دوش پر اپنی اُٹھایا ہے
قدم پھر اُس کا دوشِ اولیا پر کیوں نہ قائم ہو
خدا نے جس نبیؐ کو باعثِ کائنات کیا ہو
نواسا اس پیمبر کا نہ کیوں سردارِ عالم ہو
خدا واحد محمد مرسلوں میں دیکھو برتی ہے
محی الدین سا بھی پھر نہ دلیسوں میں معظم ہو
کسی کو غوث کے قدموں کی گر کچھ خاک ملجاوے
یقین جانو نجاتِ اس شخص کی سب سے مقدم ہو

نواسا ہے نبیؐ کا مالکِ لوح و قلم ہے وہ
اگر وہ چاہے اس دم دفتر کونین برہم ہو

جنابِ غوث کا کوئی اگر کوئی ہمان ہو جاوے
اُسے پھر نعمت عقبیٰ پسر صورت نہ کچھ کم ہو

جو منکر ایسے مرشد کا ہو رہبر اس کا شیطان ہو
چلا جاوے جہنم کو یقین شیطان سے باہم ہو

جنابِ غوث کی ادنیٰ کرامت کا جو منکر ہے
یقین ہے اے مسلمانو مقام اس کا جہنم ہو

دُعا یہ دمبدم سنی کرے ہے یامحی الدین
کہ جب تک دم رہے دم میں تمہارا دم ہر اک دم ہو ۔

ابتدا ۔ میں ہوں اے غوثؒ جہاں والا شیدا تیرا
ذکر عالم میں رہے گا یہی میرا تیرا

اختتام ۔ ہے تصور میں سمجھ لوح کہ بندھا ہے سامنا
دید کی افلاک پردہ نظر آیا آفتاب

بیاض قصائد

مخطوطہ نمبر ۴۶۶۹ ۔ داخلہ نمبر۔
فن ۔ شاعری۔ بیاض ۔ جدید
کیفیت و خصوصیات : اوراق (۱۰) تقطیع (۱۷×۵۱) سم مسطر (۱۶) مکمل کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) تصادیر/جدول ۔ مہریں ۔ آٹوگراف ۔

کتابت:۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ ۱۲۹۵ھ

اس بیاض میں بندہ کے قصائد اردو و فارسی ہیں۔ قصائد کے بعد ایک ٹھمری، ایک مخمس، ایک خط بنام محمد عظیم الدین ہے۔ جس میں عدالت عالیہ فوجداری کا دفعہ سنہ ۱۲۹۳ھ کا درج ہے۔ ایک اور جگہ حساب آمدنی عوض تنخواہ منصب سلخ ۱۷ ذلحجہ سنہ ۱۲۹۵ھ ۔

ابتداء ۔ یا محمد عرش اعلیٰ از برائے دیگر است
پیش چشم کوئے والا تو بجائے دیگر است

اختتام - خاتمے کا شعر اتنا شکستہ آمیز ہے کہ پڑھا نہیں جاتا -

بیاض قصائد

مخطوطہ نمبر - ۴۶۹۰ داخلہ نمبر -

فن - شاعری. قصائد - جدید

کیفیت و خصوصیات - اوراق (۸۵) تقطیع (۲۱×۳۳) سمر، مسطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق / شکست آمیز)

کتابت :- کاتب سعدالدین مقام

سنہ تصنیف -

سنہ کتابت ۱۲۸۱ھ

مندرجات :- اس بیاض میں معجزات، قصائد - رسول عربیؐ - عبدالقادر جیلانیؒ اور امام حسینؓ ہیں - ایک شجرہ منظوم ہے جو بیعت سلسلہ قادریہ سے متعلق ہے قصیدہ

عبدالقادر جیلانیؒ۔ سید علی رضا ۱۲۸۱ھ حسب الفرمائش منور علی ہے)۔ شعراء کے نام یہ ہیں: خیر۔ ظفر۔ ضیغم۔ مضطر۔ خاکی۔ آصف۔ رضا۔

ابتداء۔ آؤ رسول پاک کے جانی ۔:۔ سنیو کرم کی میری کہانی

اختتام۔ تمہیں کیا ہے فضیلت آن سے بڑھ کر ۔:۔ کہ جیسے فخر کرتے ہو سراسر

بیاض قصائد

مخطوطہ نمبر۔ ۴۶۰۳ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری۔ **قصائد** (جدید)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۳) تقطیع (۱۲×۱۰) سم، سطر (۶) ناقص الاول، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق / خوشخط)

کتابت۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف — سنہ کتابت —

مندرجات۔ ابتداء میں کرامت غوث اعظمؒ ہے۔ اس کے بعد سنی تخلص کی ایک منقبت محبوب سبحانی ہے۔ آخر میں بندہ کے نعتیہ قصائد ہیں۔

ابتداء۔ بعد اس کے کر کے کچھ توصیف اصحاب کرام
میں کراماتِ غوث کی لکھتا ہوں باصدق و صفا

اختتام۔ خواجہ ہوئے ہیں بندگی ہو :. صورت بتادو اوکملی والے

کتابی حوالے۔ بندہ کا کلام بیاض داشعار متفرق نمبر سلسلہ (۴۷۶۶) میں
شامل ہے۔

بیاض قصائد و اشعار

مخطوطہ نمبر۔ ۴۱۸۷ داخلہ نمبر۔ ۴۴۶۴۴

فن۔ شاعری۔ قصائد (جدید)

کیفیت و خصوصیات کلم: اوراق (۱۴۴) تقطیع (۲۲x۱۲) سمر، مسطر (۱۲) مکمل۔ کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) مہر حسین علی۔

کتابت۔ کاتب مقام سنہ تصنیف ــــ سنہ کتابت ــــ

۷۔ مندرجات۔ اس میں متفرق چیدہ چیدہ اوراق بزبان عربی، فارسی اور اردو شامل ہیں۔

قصائد عربی (فارسی) ۔ نقش ۔ تعویذات ۔ دعائیں وغیرہ ۔
غزلیات: ۔ سودا، سلسلہ خواجگان چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ ۔ (اردو ۔ فارسی) ۔ ہجو سیدی فولاد خاں کو توال شاہجہاں آباد ۔ سودا ۔ رقعات ۔ امیر خسرو دہلوی ۔ رباعیات: ۔ زیب النساء بیگم ۔ دیگر ۔ دعا نغنی از حضرت خواجہ اویس قرنیؓ ۔ قطعات تاریخ وفات ۔ مسافر شاہ ۱۲۲۸ھ ۔ عبدالسلام ۱۲۲۳ھ ۔ امیر صاحب ۱۲۲۴ھ وغیرہ ۔ کچھ قطعات تاریخ پیدائش کے بھی ہیں ۔ ایک مہر بنام میر حسین علی ۱۲۶۳ھ کی ثبت ہے ۔ ایک قطعہ تاریخ وفات مسافر شاہ کی بطور نمونہ پیش کرتے ہیں ص ۱۲۹ ۔

شاہ مسافر یگانۂ آفاق ⁖ سوئے ملک بقا چو رخت کشید
گفت از سال رحلتش ہاتف ⁖ حافظا کامل کلام مجید

نوٹ :۔ مسافر شاہ ۔ غلام حسین جوہر کے استاد تھے ۔ مثنوی ماہ "طلعت وماہ پیکر" میں اُن کا ذکر آیا ہے ۔ ۱۲۲۷ھ میں تصنیف ہوئی ہے ۔ اس میں موتی خاں نور خاں اور چند دلال وغیرہ کا بھی ذکر ہے ۔

ابتداء ۔ کون بے رحم گیا رات کو تل بر سرِ گُل
صبح دیکھے تو پڑے تھے سر کٹی بر سر گُل

اختتام ۔ اَمَّنْ یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا ⁖ دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْءَ

مہدی اقبال ۱۲۳۶ھ

بیاض قصائد سودا

محمد رفیع مرزا ۔ سودا

مخطوطہ نمبر ۔ ٣۴٨٦ داخلہ نمبر ۔ ۴٣۵٣٧

فن ۔ شاعری ۔ قصائد ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (١٧) تقطیع (١٦×٢۴) سمر، مسطر (۴)، کاغذ دیسی، خط شکستہ آمیز ۔

کتابت ۔ کاتب ۔

مندرجات ۔ دیباچہ فارسی میں ہے ۔ اس کے بعد قصائد اور کچھ رباعیات ہیں ۔ قصائد کے عنوانات نہیں ہیں ۔ اوراق بے ترتیب مجلد ہوئے ہیں اور خط بھی شکستہ آمیز ہونے سے اس کا پڑھنا مشکل ہے ۔ قصائد کے عنوانات کی نشاندہی کے لئے مطبوعہ کلیات سودا از ڈاکٹر امرت لعل عشرت سے دیکھا گیا ۔ اور ایک دو جگہ معمولی اختلاف بھی پایا گیا ہے ۔ وہ یہ ہے مطبوعہ میں "قصیدہ عماد الملک" کے مصرعہ اولیٰ میں "فجر" ہے ۔ جبکہ بیاض میں "صبح" یہ مصرعہ یہ ہے :

صبح ہوتے جو گئی آج مری آنکھ جھپک

مطبوعہ میں قصیدہ "سیف الدولہ" میں مصرعہ ثانی میں "حزیں" ہے ۔ جبکہ بیاض میں یقین ہے ۔ شعر یہ ہے ۔

یعنے سودا و میر و قائم درد ... لے ہدایت سے تا کلیم و یقین

مخطوطہ میں قصائد کی تفصیل یوں ہے :۔

(۱) قصیدہ در مدح نواب احمد علی خاں سیف الدولہ۔

(۲) قصیدہ در مدح بسنت خاں محمد شاہی۔

(۳) قصیدہ عماد الملک۔

(۴) قصیدہ در ہجو مولوی ساجد۔

(۵) قصیدہ امام مہدی الہادی آخر الزماں۔

(۶) قصیدہ در مدح شجاع الدولہ بہادر۔

(۷) قصیدہ عماد الملک۔

(۸) قصیدہ شجاع الدولہ۔

(۹) قصیدہ آصف الدولہ۔

(۱۰) قصیدہ عماد الملک۔

ابتداء۔ (دیباچہ فارسی)

سخن سنج اک جواں ہیں ... فخر صائب جودہ کرے تحسین

اختتام۔ کوہ ہر اک اچھل کر جو زمین پر بیٹھے
توڑ کر دے سا چور کرے پشت سمک

نوٹ :۔ سوانحی حالات اور کتابیاتی حوالے کے لئے دیکھئے جلد اول صہ ۸۲

بیاض قصائد کمال

مصنف ۔ (شاہ کمال)

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۲۰۶ داخلہ نمبر۔ ۳۲۱۹۰

فن ۔شاعری (قصائد)۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۹۲) تقطیع (۲ ۱/۲ × ۱۰.۲) سمر/سطر (۱۰) ناقص الطرفین کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) مطلاء/منقش تصاویر/ بدول مہریں آٹوگراف

کتابت۔ کاتب۔ مقام سنہ تصنیف ۔۔۔

سنہ کتابت ۔۔۔

مندرجات۔ شاہ کمال کی نعتیہ غزلیات، قصائد۔ بندہ نواز، مناقب۔ غوث اعظم دستگیر اور جمال الدین وغیرہ شامل ہیں۔

ابتداء۔ ہے تجھ پہ سدا یا حبیب خدا۔ میرا جان فدا یا حبیب خدا

اختتام۔ تیرا مدح و ثنا و نعت و صفت و منقبت نغمہ

میرا ہے جسم نے ہو روح ناتی یا رسول اللہ

کذا

بیاض کلام الشعرا

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر۔ ۴۷۷۰ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۳۵) تقطیع (۲۳ × ۱۵) سطر مسطر (۸) مکمل، کاغذ (دیسی)
خط (نستعلیق)۔

کتابت:۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ ۱۲۶۵ھ

مندرجات۔ میں اردو، فارسی اور ہندی میں مندرجہ ذیل مختلف شعراء کے کلام کا انتخاب شامل ہے۔

غزلیات۔ آفاقؔ۔ بلہارؔ۔ عشقؔ۔ میرؔ۔ سوزؔ۔ دلاور

رباعیات۔ باہرؔ۔ مفتونؔ۔ انشادؔ۔ تجلیؔ۔ واقفؔ۔

واسوخت۔ تمنّاؔ۔ میر حسنؔ۔

قطعہ بند۔ دلیؔ۔ انشاؔ۔ بندہؔ۔ عاشقؔ۔

قطعات تاریخ۔ حسام الدین سنہ ۱۲۴۳ھ۔ سید منور علی سنہ ۱۲۴۲ھ۔ سید قمر علی سنہ ۱۲۴۰ھ۔

مراثی۔ صفدرؔ۔ دائمؔ۔ ضمیرؔ (۵۵، ۵۲، اور ۴۵ بند) ترقیؔ (۵۴ بند)

(حسب الفرمائش میر جعفر علی صاحب بتاریخ سہ شعبان سنہ ۱۲۶۵ھ تمام رسید)۔

خلیق (۴۷ بند) ۔

ضمیرؔ کا پہلا مرثیہ ۔ "رن میں اے مومنو قاسمؑ کو قضا لاتی ہے۔"

دوسرا مرثیہ ۔ "عزیزو آج یہ نیرنگ ہے زمانے میں۔"

تیسرا مرثیہ ۔ "یارو چمن فاطمہؑ کیا صرف خزاں ہے۔"

ترقیمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ضمیرؔ کی زندگی میں لکھا گیا ہے کیونکہ ضمیرؔ کا انتقال ۱۲۷۲ھ میں ہوا۔ بقول پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری ضمیرؔ کا پہلا اور تیسرا مرثیہ غیر مطبوعہ ہے۔

سلام ۔ خلیقؔ ۔ دبیرؔ ۔ شعورؔ ۔ احسانؔ ۔ ضمیرؔ ۔ فصیحؔ ۔ سرفرازؔ ۔ دبیرؔ کے ایک سلام کے (۱۸) شعر ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ یہ غیر مطبوعہ ہیں اس لئے مطلع دیا جاتا ہے۔

پاؤں سجادؑ کا اے جبرئیل زنجیر میں ہے

دم گلے میں اور گلا طوق گلوگیر میں ہے

خلیقؔ ۔ "رن میں جب جنگ کو عباس علیؑ آ پہنچا" ۴۷ بند ہیں۔ یہ غیر مطبوعہ ہے بحوالہ اودھ میں اردو مرثیہ کا ارتقا ۔ از پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری۔

شعورؔ ۔ "جو اثر خاک در حضرت شبیرؑ میں ہے" ۱۶ شعر ہیں۔

مخمس ۔ مولائی ہے جس کے (۹) بند ہیں۔ یہ شاعر کا نام پہلی بار دیکھنے میں آیا ہے۔ باوجود تلاش کے تذکروں میں ان کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ اس لئے ہم مطلع اور مقطع بیتیں دونوں پیش ہیں۔

مطلع ۔ دل غیر سے تھا دل میں الگانے کے نہیں ہم ۔ عاشق کسو دلبر کے کہلانے کے نہیں ہم

داغ عشق کا دل پر کبھو کھا سکے نہیں ہم ۔ سر پر غم کو وہ اپنے اٹھا سکے نہیں ہم

تقدیر سے لیکن بسر آ سکے نہیں ہم

مقطع۔ جب شان میں لکھ اُس کی میں بھیجتا ہوں اشعار
سُن سُن کے وہ یوں کہتا ہے مت نغز بچایا
مولائی قسم کھا کے نہ کیوں بولے ہے سو بار
گر قدر شناسی کا یونہی ہے گرم ہو بازار
تو آج سے اشعار بنائیگے نہیں ہم

کبت۔ دوہرہ از طالع۔

قصہ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام از ولی

عملیات۔ زبان بندی۔

سوال بیت۔ نواب عزیز الدولہ بہادر۔

نوٹ آخری دو صفحوں میں بادشاہوں کی فہرست ہے۔ جس میں بادشاہوں کے نام۔ دورِ حکومت کے سنین وغیرہ کی تفصیل ہے۔ امیر تیمور سے لے کر محمد شاہ تک چالیس (۴۰) بادشاہوں کا ذکر ہے۔

ابتداء۔ بس اے طبیب دل دم لے مٹی میری ہستی ہے
اللہ رے تری گرمی، کیا آگ برستی ہے

اختتام۔ شہ کے غم میں جو کوئی روتے رولاتے ہیں شعور
خلد ان لوگوں کی واللہ کہ جاگیر میں ہے۔

بیاض کلام شعراء

مخطوطہ نمبر۔ ۴۶۸۱ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری بیاض۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۴) تقطیع (۲۰ x ۱۱) سمر مسطر (۱) ناقص الطرفین، کاغذ دیسی، خط (شکستہ آمیز)۔ کرم خوردہ

کتابت:۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ۔ سنہ کتابت ۔

مندرجات۔ اس میں فارسی اور اردو غزلیات حافظ۔ سراج۔ سرور۔ تبریز۔ انشا۔ سوز۔ جرأت۔ اشفاق۔ ہوس۔ کمتر۔ امیر خسرو۔ شادان۔ شرر۔ آتش۔ اور یقین کی ہیں۔ آخر میں کبیر کے دوہے ہیں۔ بیاض نہایت کرم خوردہ ہے۔

ابتداء۔ ایں چہ شوریست کہ در دور قمر می بینم
ہمہ آفاق پر از فتنہ و شر می بینم

اختتام۔ ایک تو جلنا شمع کا اس پر ستم گلگیر کا
کیا گنہ دیکھا ہے تو سر کاٹ بے تقصیر کا

بیاض کلام شعرائے فارسی و اردو

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر۔ ۴۳۴/۴ داخلہ نمبر۔

فن. شاعری بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۴۷) تقطیع (۲۸ × ۱۶) سم مسطر (۱۶) مکمل/کاغذ دیسی اوراق متفرق سائز و رنگ) خط (مختلف) کرم خوردہ۔

کتابت:۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت ۱۲۹۵ھ

مندرجات۔ اس بیاض کے اوراق بے ترتیب مجلد ہوئے ہیں۔ ان اوراق میں مندرجہ ذیل اصناف سخن ہیں۔ غزلیات۔ باز خاں۔ مسعود۔ حافظ (فارسی)۔

سلام۔ مونس۔ فصیح ۱۲۸۲ھ۔ ضمیر ۱۲۴۲ھ۔ رضی۔ صائغ۔ عباس۔

مراثی۔ ممنون۔ عابد۔ شوق۔

مناقب۔ امام (فارسی) اردو۔ محسن۔ امیر۔ شفیع۔

رباعیات۔ بو علی سینا۔ عمر خیام۔ فیضی۔

فردیات۔ یقین۔ حشمت۔ کمتر۔ عزلت۔ ذکی۔ محسن۔ سودا۔ دانا۔
میر۔ قائم۔ حزیں

دعائے سفر شاہ کمال مورخہ ۱۷ ماہ ربیع الاول ۱۲۹۵ھ محمد افضل علی خاں بہادر
دہلوی۔ یادداشت حساب ۱۲۷۸ھ۔

ابتداء۔ اک زلزلہ سا پڑ گیا دونوں جہاں میں
کاٹھی سے ذوالفقار علیؑ جب جدا ہوئی

اختتام۔ حافظا در دل شکست چو فردآ ید یار
خانہ از غیر نہ پرداختہ یعنی چہ

بیاض کلام جعفر و شعرائے دکنی

س ھ م س ۂ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۲۰۸ داخلہ نمبر۔ ۳۲۱۹۲

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۲۷) تقطیع (۲۱ × ۱۱) سمر مسطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) کرم خوردہ۔

کتابت :۔ کاتب بسیر محمد ۔ مقام آبل پورہ سنہ تصنیف ـــــ ھ
سنہ کتابت ـــــ ھ

مندرجات ۔ اس میں جعفر ۔ ہاشم ۔ نقی اور دیگر شعرائے دکنی کے مناقب، مراثی اور سلام وغیرہ شامل ہیں ۔ درمیان میں طریقہ فاتحہ اور ناد علی بھی درج ہے ۔

ابتداء ۔ ہے درک کہاں میرے سخن اور زبان کوں
جس کے مرتبہ معلوم سارے سبحان کوں

اختتام ۔ فیض سوں اس کے معلق ہے اک ہزار قائم فلک
ہے زمین قائم پرے تحت الثریٰ میں یہ سمک

ترقیمہ ۔ تمت تمام نسخہ کاتب الحروف بسیر محمد ساکن آبل پورہ ۔

کتابی حوالے ۔

بیاض کلام سراج و متفرق اوراق

مصنف :
سنہ ھ م سنہ ء

مخطوطہ نمبر ۔ ۴۶۲۴ داخلہ نمبر ۔

فن ۔ شاعری ۔ بیاض ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات اوراق (۱۱۶) تقطیع (۲۳ x ۱۳) سمر مختلف سطر (۹) مکمل کاغذ دیسی مختلف رنگ، خط (نستعلیق / مختلف)

کتابت۔ کاتب   مقام   سنہ تصنیف سـ
سنہ کتابت ۱۱۳۶ھ

مندرجات۔ اس میں مندرجہ ذیل شعراء کا کلام ہے۔ بیاض ناقص کرم خوردہ اور اوراق بے ترتیب ہیں۔

غزلیات:۔ سراج۔ رنگین۔ حاتم۔ سودا۔ ریاض۔ عبد۔ ولی۔ نثار۔ لائق۔ محمود۔ شائق مخلص۔ آزردہ۔ امیرخسرو۔ سالک۔ دانا۔ میراں۔ خوشنود۔ شجاعت خاں ہاشمی تبریز

قصائد۔ غوث اعظم دستگیرؒ۔ امیر المومنینؓ کی شان میں ہیں۔

منقبت۔ صفدر۔ پند۔ فرید۔ ہجو شہر بلدہ۔ کبت ٹھمری دہرے۔ ریاض۔

رباعیات۔ فدوی۔ شاہ۔

ایک خط بنام سید قطب الدین۔ بمہر صاحبِ عالیشان بہادر مسودہ دستک راہداری۔

ابتداء۔

کہا ہوں کھول کر۔ زلفوں کو صیاد۔ کسی وحشی کو۔ اپنا یار کرناں
تصور میں تری۔ اے مظہر رب۔ تماشائے۔ درو دیوار کرناں

اختتام۔ اگل بگل ڈھونڈت پھر لوکھوں نہ پائے ناتھ
جب میں دیکھو آپ میں نت ہیں پائے ساتھ

ترقیمہ۔ پانزدہم شہر رمضان ۱۳۰۶ھ تحریر یافت۔

بیاض مجموعۃ الاشعار

مصنف۔

ـــــ ۹م ـــــ

مخطوطہ نمبر۔ ۱۸۴۳ داخلہ نمبر۔ ۲۷۱۲۷

فن۔ شاعری۔ بیاض۔ دواوین۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۵۵) تقطیع (۲۳ × ۱۳) سم، مسطر (۱۶) مکمل، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)۔

کتابت۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ـــــ

سنہ کتابت ـــــ

مندرجات۔ اس میں مندرجہ ذیل شعراء کے غزلیات شامل ہیں۔ بیاض کے آغاز میں فہرست شعراء اور صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔ آبرؔو۔ آتشؔ۔ آرزوؔ۔ آصفؔ۔ اسیرؔ۔ افسانہ۔ امیرؔ۔ بادشاہؔ۔ تنویرؔ۔ جرأتؔ۔ جلالؔ۔ جنونؔ۔ ضیاؔ۔ خلیلؔ۔ داغؔ۔

دانش - ذوقؔ - رشکؔ - رفعتؔ - رمزؔ - سحرؔ - سخیؔ - سطوتؔ - سعیدؔ - سوزؔ - سیدؔ - حسینؔ - شفیقؔ (لکھنوی) - شورؔ - صفیرؔ - صمصامؔ - ضبطؔ - طالبؔ - طورؔ - ظفرؔ - عبداللہؔ - غالبؔ - فراقؔ - فروغؔ - قیصرؔ - کاملؔ - کوکبؔ - کیفؔ - لاغرؔ - لطافتؔ - مجنونؔ - مرہونؔ - مستانؔ - منیرؔ - ناسخؔ - ناظمؔ - نظرؔ - نورؔ - نیازؔ - وحشتؔ - وزیرؔ - کچھ اشعار متفرق ہیں۔

ایک غزل "سراپا تاریخ چین"۔ تنویرؔ کی ۱۲۷۳ھ کے عنوان سے ہے جو نادر و نایاب اور غیر مطبوعہ ہے۔ اس کے ہر مصرع سے ۱۲۷۳ھ کی تاریخ نکلتی ہے۔ ذیل میں پیش کی جاتی ہے:

"ایں غزل سراپا تاریخ جناب تنویر صاحب ۱۲۷۳ھ"

اسیر عبور فکر کے سامان اور ہیں -	اے موج بحر شعر یہ طوفان اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ
ڈر ہے بھڑک نہ جائے شکار ہما وصل -	اخفائے دام عیب کے اعلان اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ
میں ایک حیرتی نہیں اے گل شبیہ کا -	ایسے ہی مثل آئینہ حیران اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ
لے گا داد کشادہ دلے خاطر حبیب -	الفت کے سبب یہ ڈھنگ مری جان اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ
ہم کو خیالِ زلف نے مجنوں کر دیا -	ہے ہجر یار آج پریشان اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ
اہل طرب ہیں پردہ در اے دل -	دھیان اور کو ابسا در تجھے دھیان اور ہیں
۱۲۷۳ھ	۱۲۷۳ھ

آشفتہ گان زلف سے حال اب نہ پوچھیں لوگ ۔ سنبل کے طور دل بھی پریشان اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

شائین آج مجھ سے وہ بچھتائے کیسے راز ۔ بہکی شراب ناب پشیمان اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

مشکل طریقوں میں بھی زلیں چڑھا وہ آج ۔ سہلا گمیت فکر کے میدان اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

جس کی بدی کے مشورے سنا ہے گاہ گاہ ۔ صاف آج سن چکا وہ تیرے کان اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

سمجھے نہ لطفِ الفت نا آشنا وہ لوگ ۔ اب بھی رفیق دوست یہ ناداں اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

پلکوں کے در ہیں چوب، خدنگِ نگہ کے بعد ۔ خطرے یہ جان کے ابھی لے جان اور ہیں

۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

تنویر کا بجا ہے یہ ایمان اہلبیت

۱۲۷۳ھ

کافر ہیں اور، اور مسلمان اور ہیں

۱۲۷۳ھ

ابتداء ۔ یہ کیوں ہے جان بے چین آج کس پر اپنا جی آیا
پکارا اے بلائے اضطراب دل کہ جی آیا

اختتام ۔ وقت بد میں نہ ہوا کوئی امیر آ کے شریک
یار سمجھا تھا میں جس کو وہ میرا یار نہ تھا

نوٹ۔ مرزا اکبر علی خاں مقبلؔ باشندۂ فیض آباد مشہور مرثیہ گو تھے۔ ان کے والد نواب امیر الدولہ مرزا حیدر بیگ نواب آصف الدولہ متوفی ۱۲۱۲ھ م ۱۷۹۶ء کے نائب تھے۔ امیر الدولہ کا انتقال ۱۴ ار شوال ۱۲۰۶ھ مطابق ۱۷۹۱ء میں ہوا (تیمر التواریخ ص۱۰۱) جرأت لکھنوی نے تاریخ کہی۔ مادہ تاریخ لفظ "غور" سے جس سے ۱۲۰۶ کے اعداد نکلتے ہیں۔ مرزا حسین علی خاں تخلص اخترؔ مرزا اکبر علی خاں مقبلؔ کے فرزندِ ارجمند تھے۔ آپ ناسخؔ کے شاگردوں میں تھے۔ ان کے یہاں میر انیسؔ اور مرزا دبیرؔ ایام عزا میں مجلس پڑھتے تھے۔

کاظم حسین تنویرؔ انہی مرزا حسین خاں کے بیٹے تھے۔ ان کا ذکر تذکروں میں آیا ہے۔ رشکؔ لکھنوی کے شاگرد تھے۔ بعض لوگوں نے ان کو سید لکھا ہے۔ کتب تواریخ میں ان کے دادا کا نام مرزا کے ساتھ لکھا ہوا ملتا ہے۔ بقول ناسخ (سخن شعراء ص۹۲) تنویرؔ صاحبِ دیوان تھے۔ دیوان کا کہیں نشان نہیں ملتا ہے۔ بیاض میں غزلیں ہیں۔

○

بیاض مجمع الاشعار

شعراء اردو قدیم

سنہ م سنہ

مخطوطہ نمبر۔ ۴۸۷ داخلہ نمبر۔ ۳۰۰۷۲

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۵۲) تقطیع (۲۳×۱۴) سم مسطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)۔

کتابت۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات۔ بیاض کے پہلے صفحہ میں شعراء کی فہرست دیدی گئی ہے۔ مطلع بھی ہیں جو بہت شاندار ہیں۔ منتخب غزلیں بہت عمدہ ہیں اس لئے چند کے مطلعے اور مقطعے پیش کئے جاتے ہیں۔

خیر کی غزل کا مطلع یہ ہے

دل مسلسل پھنس گیا جائے زلف زنجیروں کے بیچ
کچھ نہ پائی مہر اس نے بیربے بیروں کے بیچ

مقطع: سامنے میرے رقیبوں سے بھی کہتا رہا
خیر سا دیکھا نہیں دیگیر دیگیروں کے بیچ

اثیر۔ مطلع: زلفوں کو تیری از سر نو شانہ کرینگے :: زنجیر یہ پہلے دل دیوانہ کرینگے

مقطع: دیگر کی جگہ دل میں امیر از سر اُلفت۔ ناچار خیال اس کے رنسی بیارانہ کرینگے

فدوی مطلع:

شام ہے صبح چمن دیدہ خونباز بغیر
کچھ دکھائی نہیں دیتا ہمیں دلدار بغیر

مقطع: موندلے آنکھ بس اب فدوی بقول تمار
دیکھنا کس کو ہے دنیا میں ہمیں یار بغیر

میر کے دو مطلع ہیں اور ایک مقطع ہے پیش ہے

مطلع: دھوپ میں جلتی ہیں غریب الوطنوں کی لاشیں
تیرے کوچہ میں مگر سایہ دیوار نہ تھا

مطلع: صحرا میں سیل رشک میرا جا بجا پھرا
مجنوں بھی اس کی موج پہ مدت بہا پھرا

مقطع: دیر و حرم میں کیونکر قدم رکھ سکیگا میر
ایدھر تو اُس سے بت پھرے ادھر خدا پھرا

فرحت۔ سیماب وار دل ہمہ تن اضطراب تھا
تم بن ہماری جان پہ کل اک عذاب تھا
فرحت کی نظم کا میں کروں وصف کیا بیاں
ہر لفظ اس کے شعر کا دُر خوشاب تھا

شعراء کے نام یہ ہیں: غزلیات (اردو فارسی) عاصیا۔ سودا (واسوخت مخمس اور ترجیع بند) خیر۔ امیر۔ فدوی۔ میر۔ فرحت

آخری صفحہ میں بھی ایک غزل ہے۔ ابتداء عاصباؔ کی غزل سے ہوتی ہے۔

ابتداء۔ مثل آئینہ باصفا ہیں ہم :: دیکھنے میں آشنا ہیں ہم

اختتام۔ آزار کے دینے کی قسم کھائی ہے شائد
فرحتؔ جو دے اب آہ سلتے نہیں ہم تو

بیاض مجموعہ اشعار قصائد

مخطوطہ نمبر۔ ۱۳۰۴ داخلہ نمبر۔ ۳۲۳۶۶

فن۔ شاعری۔ بیاض۔ جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۰۱)، تقطیع (۲۱×۱۵) سم، مسطر (۸) مکمل، کاغذ (دیسی) خط نستعلیق۔ جدول گلابی۔

کتابت۔ کاتب۔ محمد فاروق مقام۔ عثمان پورہ سنہ تصنیف ــــ
دستخط کاتب سنہ کتابت ــــ

مندرجات۔ بیاض میں ۵۶ صفحات پر عربی کلام ہے۔ اس کے بعد قصائد، مراثی،

اور ایک روایت ہے۔ شعراء کے نام مندرجہ ذیل ہیں: بندہؔ کے قصائد کی تعداد زیادہ ہے۔ کاتب نے ہر قصیدہ کے آخر میں اپنی دستخط ثبت کی ہے۔

قصائد سرورِ کونینؐ۔ عاشقؔ۔ شائقؔ۔ لعلؔ۔ بندہؔ۔ خیالؔ۔ نطقؔ۔ آثمؔ۔

قصائد غوثیہؒ۔ بلہارؔ۔ عاجزؔ۔ منیرؔ۔ مسکینؔ۔ آثمؔ۔ الہیؔ۔

مراثی۔ شادؔ۔ شاداںؔ۔ ارسطوؔ۔

روایت زر۔ شکوؔ تخلص کیا ہے۔ مقطع یہ ہے:

اے شکوؔ اب ہاتھ اٹھا بار خدا ؎ مانگ حسینؑ ابن علیؑ سے دعا

ابتداء۔ ہے اسم اعظم عالی کہ ایمان ؎ تم ہو سراپا قدرت یزداں

اختتام۔ ناقابلِ مطالعہ۔

ترقیمہ۔ بیاض کے صفحہ اول پر یہ تحریر درج ہے۔

درمطبوعہ محبوب دکن واقع عثمان پورہ عرف لالی گرہی حسب الفرمائش نوشت کی جاتی ارزاں قیمت (املا غلط ہے)۔ بتاریخ ۲۳/صفر ۱۳۳۳ھ واقع ۷/اسفندار ۱۳۲۴ف الراقم بندہ حقیر خاکسار فاروقی دعا گو۔

بیاضِ شیدا

شیدا

مخطوطہ نمبر۔ ۳۷ داخلہ نمبر۔ ۲۸۲۱۴

فن۔ شاعری۔ بیاض۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۸۸) تقطیع (۲۰ x ۱۲) سمر مسطر (۸) مکمل، کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

مندرجات۔ اس میں شیدا کے غزلیات اردو اور فارسی۔ شہر آشوب۔ مراثی۔ خمسہ بر غزل ظہوری تصنیف جناب قبلہ ام عاشق۔ قصائد بہاراجہ کشمیر۔ عیدی (ہولی کے موقع پر) قطعات تاریخ۔ سالگرہ عزیزان خاندان۔ شادی نبیرہ بہاراجہ صاحب بہادر کاسی موسوم ادرت نرین سنگھ بہادر سنہ ۱۹۴۴ء سمبت بکرم۔ فتح روس بر روم۔ عالم آشوب خنک سالی۔ در مدح والیئے جموں و کشمیر۔ مثنوی "خنجر نجات" سنہ ۱۳۰۷ھ م ۱۸۸۹ء شامل ہیں۔ سمبت بکرم کی تاریخ کا ایک نمونہ پیش ہے جو بیاض کے ورق ۸۸ میں قطع تاریخ وفات شیخ علی محمد نائب ریاست امیٹھی ہے۔ اس قطع میں ۷ شعر ہیں آخری شعر یہ ہے۔

بولا ہاتف کے کم کردے ہے ؛. اور کہو بس "غریق رحمت آہ"

۱۹۲۸ سمبت بکرم۔

شیدا کی ایک غزل کے چند شعر پیش کئے جاتے ہیں

دوستو پند و نصائح نہ کرو جانے دو

آہ و نالہ کرو ذرا دل مجھے بہلانے دو

عشق آپس میں ازل سے ہے ہمارے اس کے
غم کا غم کھاتا ہوں غم کو میرا غم کھانے دو
فرقت یار میں کچھ ہوش نہیں ہے تن کا
دیدہ منتظر یاد ہیں میخانے دو
گر کسی نے کہا مرتا ہے تمہارا شیدا
بولے ہم کیا کریں مرتا ہے تو مر جانے دو.

نوٹ ۔ نساخ نے "سخن شعراء" میں شیدا تخلص رکھنے والے شاعروں کی تعداد گیارہ بتائی ہے. ان کے نام یہ ہیں:

(١) میر فتح علی شمس آبادی شاگرد سودا ۔ (٢) حکیم اسلام بیگ نواسہ حکیم نصر اللہ خاں دہلوی ۔ (٣) میر جھنو خاں شاگرد مومن خاں مومن ۔ (٤) ایک شخص مراد آبادی ۔ (٥) حامد علی خاں خلف مولوی احمد علی خاں شاگرد فرزند حیدر ۔ (٦) میر مینگا شاگرد میر محمدی بیدار ۔ وطن ان کا کشمیر مولود مسکن دہلی ان کے ترجمے میں دو شعر دیئے ہیں. لیکن بیاض میں ترجمے کے شعر نہیں ملے ۔ بہت ممکن ہے کہ یہی شیدا ہوں گے. کیونکہ بیاض میں درمدح والئ جموں و کشمیر قصائد مہاراجہ کشمیر وغیرہ موجود ہیں. خوش معرکہ زیبا میں ان کا نام نامعلوم لکھا ہے.) (میر مینگا عرفیت ہو گی. اصل نام کیا ہے کچھ پتہ نہیں) ۔ (٧) نواب معین الدین خاں ۔ (٨) منشی تفضل حسین خاں کاکوروی ۔ (٩) نواب محمد حسن خاں شاگرد آتش. (١٠) مرزا قمر الدین عرف مرزا کو نبیرہ حضرت شاہ عالم بادشاہ شاگرد ذوق ۔ (١١) مرزا عالی جاہ بہادر خلف عرف آغا حیدر نیشاپوری فیض آبادی. مقیم لکھنؤ.

ابتداء ۔ عاشق ہوا دماں یت گلعذار مفت .:. شیدا بنا فراق سہا انتظار مفت

اختتام۔ نہ منہ سے بولو نہ مسکراؤ سہانی صورت دکھاؤ مجھ کو
یقین جانو کہ میں ازل سے تمہارا شیدا آ بنا ہوا ہوں

بیاض غزلیات

مخطوطہ نمبر۔ ۵۰۱۵ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات اوراق (۱۲۷) تقطیع (۱۷ × ۱۲) سم مسطر (۶) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت۔ کاتب دولت خاتون۔ مقام سنہ تصنیف ــــ
سنہ کتابت ۱۳۱۹ھ

مندرجات۔ بیاض میں مختلف شعراء کے کلام کا انتخاب شامل ہے۔ یہ انتخاب مختلف اصناف سخن پر مشتمل ہے۔

قصیدہ۔ ملنگ شاہ۔ خواجہ بندہ نواز دفرد تجی کا۔ نعت (آصف) مستزاد حسینؒ۔

غزلیات ۔ مومن ۔ خاموش ۔ ناداں ۔ یقین ۔ نظیر ۔ میکش ۔ علوی ۔ قطب ۔
شباب ۔ نصرت ۔ عاشق ۔ قمر ۔ داغ ۔ مظفر ۔ امانت ۔ مائل ۔ بلہار ۔ ہوش ۔ امیر ۔
آتش ۔ ظفر ۔ مسکین ۔ ناسخ ۔ آبرو ۔ ہمدم ۔ بسمل ۔ مونس ۔ وحید ۔ حیدر ۔ محسن خاں ۔
رنگین ۔ حسن ۔ صابر ۔ قدرت ۔ مسافر ۔ ریحان ۔ موج ۔ نسیم ۔ شرم ۔ مظہر جاناں ۔
ہدایت ۔ آفت ۔ عشق ۔ شائق ۔ محمد علی ۔ سخن ۔ آصف ۔

متفرقات ٹھمری ۔ رشید ۔

بیاض کا املا غلط ہے ۔ اسلوب تحریر کسی خاتون کا معلوم ہوتا ہے ۔ بیاض کے درمیان اور آخر میں "دولت خاتون" ۲۵ جمادی الاول ۱۳۱۹ھ درج ہے ۔

بیاض میں بعض ایسے شعراء کا کلام بھی ہے جن کا نام پہلی مرتبہ معلوم ہوا ۔ کتب خانہ ہٰذا میں کئی مخطوطے ایسے ہیں جن میں بلہار کا تخلص موجود ہے ۔ لیکن تذکروں میں ان کے نام کے بارے میں معلومات نہیں ملتیں لیکن گلزار آصفیہ مدۃ" ذکر عشرہ شریف محرم الحرام میں تفصیلی حالات و واقعات درج ہیں ۔ ذیل میں انکی ایک غزل درج کی جاتی ہے

بلہار : چشم جاناں کو دل زار نے سونے نہ دیا
رات بیمار کو بیمار نے سونے نہ دیا
یاد دلوا کے صنم یار تیری آنکھوں نے
باغ میں نرگس بیمار نے سونے نہ دیا
قبر میں جس کو سلانا تھا سلایا اسکو
پر مجھے چرخ ستم گار نے سونے نہ دیا
ہے یہ مشہور کہ سولی پہ بھی آتی ہے نیند
واں مجھے آنسوؤں کے تار نے سونے نہ دیا

آرزو دل میں ہے اب لاش میری دفن کرد
گھر میں تو چین سے بلہار کو سونے نہ دیا

اس بیاض میں پہلی بار مونس کی غزل بعنوان "رشکِ قمر" ملی ہے۔ مونس کا خانوادہ مرثیہ گوئی میں شہرۂ آفاق ہے۔ بقول انیس ؎

؎ عمر گذری ہے اسی دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیرؑ کی مداحی میں

"دفتر فصاحت بیان" سلاموں کا مجموعہ مطبع نولکشور لکھنؤ سے ۱۹۱۲ء میں شائع ہوا۔ اسی مطبع میں مونس کی چار جلدیں مرثیوں کی چھپ چکی ہیں۔

"اے رشکِ قمر" ص ۶۲

اے رشکِ قمر! دل کا جلانا نہیں اچھا
الفت کو بڑھا کر کے گھٹانا نہیں اچھا
آتی ہے چمن میں مرے گلرو کی سواری
اے بادِ صبا خاک اڑانا نہیں اچھا
ہو جائے گا سودا مجھے زلفیں نہ سنوارو
ہوشیار کو دیوانا بنانا نہیں اچھا
مشہور ہے یہ قول سلیمان کا جہاں میں
ہر اک سے یوں دل کا لگانا نہیں اچھا
سب خندہ زنی کرتے ہیں روتا ہوں میں صاحب
عاشق کو دلا لیتے رلانا نہیں اچھا

بچھاؤ گے اے جانِ جہاں ہاتھ ملو گے
اس وقت میرے پاس سے جانا نہیں اچھا
لکھوانا یہ مصرع تو میرے سنگِ لحد پر
موت اچھی ہے پر دل کا لگانا نہیں اچھا
مونس کی ابھی آنکھ گلستاں میں لگی ہے
اے بلبلو یہ شور مچانا نہیں اچھا

بیاض کی ابتداء اور اختتام یہ ہے۔

ابتداء۔ میرا درد غم پختہ اظہار ہوگا
ادھر منزل عشق بسیار ہوگا

اختتام۔ فیض ہے شاہ و گدا کو اسی دروازے سے
سر یہ عالم کے ہے احسان تمہارے خواجہ

نوٹ:۔ بلہار۔ میر دلاور علی نام۔ فاتحہ (شہدا) کے بعد کوچہ حسینی علم کے سرے پر میر دلاور علی بلہار منصبدار فقیروں کے لباس میں ملبوس اپنے شاگردوں کے ساتھ "مرشد زادہ نواب منور الملک بہادر کے استاد زادے برہان صاحب کے شاگرد جو منقبت بازی اور عشق گوئی کے ماہر تھے مقابلے کیلئے آتے اور طرفین عشق خوانی کرتے دونوں طرف سے خوش الحانی سے سوال و جواب ہوتے مزید تفصیل کیلئے دیکھئے "مہاراجہ چندولال شاداں" از ڈاکٹر ملکہ شوکت ص ۵۶۳

بیاض منور

مصنف۔ منور علی۔ میر۔ منور

مخطوطہ نمبر۔ ۴۷۹۱ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری۔ بیاض (جدید)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۰۰) تقطیع (۱۷×۱۱) سمر، مسطر (۱۰) مکمل / ناقص
کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) دستخط (ناقابلِ مطالعہ)

کتابت۔ کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ۱۳۱۷ھ تصحیح شدہ

سنہ کتابت ۔۔۔

مندرجات۔ یہ منور علی۔ میر تخلص منورؔ کی بیاض ہے۔ اس بیاض میں تقریباً ۴۵ نظمیں بعنوان قصائد شامل ہیں۔ یہ قصائد محرم ۱۳۱۳ھ اور شعبان ۱۳۱۷ھ کے درمیان میں لکھے گئے ہیں۔ زیادہ تر نعتیہ قصائد اور مناقب ہیں۔ ایک مرثیہ نواب افضل الدولہ کے انتقال پر ملتا ہے۔ ایک قصیدہ نظام کی چونتیسویں ۳۴ سالگرہ پر ہے۔ جو غالباً آصف جاہ سادس محبوب علی خاں پاشاہ سے متعلق ہے۔ اس کے بعد ایک ٹھمری اور رباعیات ہیں۔ آخر میں ایک جگہ "میر منور علی قبلہ لکھا ہوا ہے۔

ابتداء۔ بجنے لگا صبح کا نقارا
جاگ اُٹھو اب ہوا اُجالا ۔

اختتام۔ قاضی مفتی عالم فاضل ان سب کو منورؔ کہتا ہے
تم نماز پڑھو اور روزہ رکھو میں پوچھتا تیری کرتا ہوں

نوٹ۔ میر منور علی منورؔ۔ سخن شعرا ص ۴۶۳-۴۶۴ میں میر منور علی منورؔ کا نام درج ہے لیکن ناسخ نے ان کے بارے میں کچھ نہیں لکھا ہے صرف ایک شعر دیا ہے۔ وہ یہ ہے:

اب یہ عالم ہے ناتوانی کا
عیش جاتا رہا جوانی کا

ہو سکتا ہے صاحبِ بیاض یہی "منورؔ" ہوں گے۔ بیاض کے ورق ۷ ب میں کسی نے

لال روشنائی سے پیر منورؔ علی قبلہ لکھا ہے ۔ اور اسی صفحے کے نیچے قصیدے کا مقطع ہے

منورؔ کی یہی ہے التجا یا رسولؐ اللہ
بہ وقت واپسی نام مبارک دم بہ دم نکلے

بیاض مہتاب الدولہ درخشاں

مصنف : مہتاب الدولہ درخشاںؔ

مخطوطہ نمبر: ۲۵۷۶ داخلہ نمبر: ۲۷۶۶۲

فن شاعری ۔ (بیاض) جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۹۹) ، تقطیع (۱۷ × ۱۱) مسطر (۲۰) مکمل ، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ ۱۳۰۳ھ

مندرجات ۔ یہ بیاض مہتاب الدولہ درخشاںؔ کی ہے ۔ بعض جگہ حاشیہ پر اصلاح اور اضافہ ہے ۔ درمیانی صفحات میں واجد علی شاہ کی زندگی کا ایک واقعہ بھی ہے ۔ اس کے علاوہ حمد ۔ مراثی ۔ سلام ۔ رباعیات ، قطعات تاریخ اسما ۔ قطعات تاریخ وفات

اور راگنیاں وغیرہ شامل ہیں۔

بیاض کے پہلے صفحہ پر حسب ذیل تحریر درج ہے:

"المتخلص بہ درخشاں صاحب خاص، واجد علی شاہ غالباً بخط مولف"۔

حمد۔ ۱۸۸۱ء۔ ۱۹۳۸ء۔ مراثی ۶۷۔ ۱۲۹۸ھ

ترقیمہ۔ قطعات تاریخ اسماء۔ غلام درگاہ۔ مکرم رضا۔ نذیر رضا۔ امیر معظم۔ ناصر سلطان

وغیرہ۔ قطعات تاریخ وفات۔ سعدی شیرازی۔ ترمیم امام باڑہ ۱۲۹۹ھ

درخشاں طویل سلام لکھتے تھے۔ بیاض میں ایک سلام کے ۳۹ شعر ہیں۔ ذیل میں چند شعر

درج کیے جاتے ہیں۔ سلام کے آخر میں ۱۳ شہر جمادی الثانی ۱۲۹۴ھ۔ ۱۸۷۶ء

نور واحد جب کہ دو ٹکڑے برابر ہو گیا
اک پیمبر دوسرا نفس پیمبر ہو گیا

جب پرے جبریل سے دو ٹکڑے گوہر ہو گیا
شیر و شبیرؑ کا حصہ برابر ہو گیا

پیکر مرحب جو دو ٹکڑے برابر ہو گیا
شاہد اعجاز بازوئے پیمبر ہو گیا

کی علیؑ نے آتش نمرود گلزار خلیلؑ
پھول اخگر شعلہ سرکش صنوبر ہو گیا

سر کٹا کر سرورِ دیں کو نہ کیوں ہو تا سرور
ہر جراحت عین راحت جب جدا سر ہو گیا

تھا وہ وقت بیکسی عباس دلاور ایک طرف
آگے جھولے سے فدا سرور پہ اصغر ہو گیا

اشک جب نکلا شہ گلگوں قبا کی یاد میں
گرتے گرتے آنکھ سے یاقوت احمر ہو گیا
اے درخشاں اللہ اللہ فیض مدح اہل بیت
بیت کیا موزوں ہوئے فردوس میں گھر ہو گیا

ابتداء۔ عزیزو حشر سے برپا ہمینا ہے محرم کا
لحد سے نکلی ہیں زہرا دیکھنا ہے محرم کا

اختتام۔ زجور گردوں خوش ہشتم زماں
بدرد و رنج و الم دوچارم بیا محمد بیا محمد

نوٹ ۔ مہتاب الدولہ پر ایک مفصل مضمون علامہ سید علی حیدر نظم طباطبائی کا ادیب الہ آباد ۱۹۱۰ء میں تین قسطوں میں شائع ہوا ہے۔

ناسخ اپنے تذکرہ سخن شعراء میں لکھتے ہیں

درخشاں تخلص۔ سید علی جان مخاطب بہ مہتاب الدولہ پیر مغل لکھنوی متوطن خراساں مقیم مٹیا برج متعلق کلکتہ شاگرد منظور علی اسیر ملازم بادشاہ اودھ صاحب دیوان میں یہ شعر اس تذکرہ کے لئے بھیجے تھے۔ راقم نے ان کو شاعروں میں دیکھا ترجمہ میں ۹ شعر دیئے گئے ہیں۔

بیاض منقبت

مخطوطہ نمبر: ۴۷۱۰ داخلہ نمبر۔

فن۔ شاعری۔ مناقب۔ جدید

کیفیت و خصوصیات اوراق (۱۶۱) تقطیع (۲۱ × ۱۱) سمر، سطر (۸) مکمل / ناقص الطرفین
کاغذ (دیسی) ۔ خط (نستعلیق) ۔

کتابت ۔ کاتب۔ حاجی غلام حسین۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت ۱۳۲۱ھ

مندرجات ۔ بیاض میں مناقب ۔ مسافرؔ ۔ سفیرؔ ۔ سخنؔ ۔ نجمؔ ۔ سرورؔ ۔ نفوتؔ ۔ اعظمؔ ۔ صاحبؔ ۔ رنگینؔ ۔ دلگیرؔ ۔ سنجرؔ ۔ سعادتؔ ۔ پاکبازؔ اور غضنفرؔ کے ہیں ۔ واسوخت سوال وجواب شامل ہیں۔ مسافرؔ اور سفیرؔ کے مناقب کی تعداد نسبتاً زیادہ ہے ۔ ہر منقبت کے بعد دن، تاریخ، ماہ، سال، کاتب کا نام سرخی سے لکھا گیا ہے۔

ابتداء ۔ اب دل ہے کہوں پہلے بہل یا اسد اللہ ۔ دن رین میرا ہے یہی شغل یا اسد اللہ

اختتام ۔ لا اللہ کے بغیر اور ہمکو نہ کچھ بھی چاہیے ۔ بس محمدؐ ہیں رسول اللہ ہم کو چاہیے

ترقیمہ ۔ تمام شد تاریخ ۳۰ جمادی الاول ۱۳۲۱ھ رقم حاجی غلام حسینؔ ۔

رسالہ چکی نامہ متفرق غزلیات

مخطوطہ نمبر: ۶۰۱۱ داخلہ نمبر:

فن: شاعری۔ رسالہ (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰) تقطیع (۷×۱۱) نمبر سطر (۷) مکمل / کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔

سنہ کتابت ۔

مندرجات: غزل ضیا۔ چکی نامہ۔ کماں۔ غزلیں۔ علیم اور برہان کے ہیں یہ مخطوطہ ۲۷ء جدید۔ رفیع السرعن صدقتہ النظر از سید احمد ابن درویش قادری سے علحدہ کیا گیا ہے پہلے صفحہ پر ایک فارسی رباعی ہے

ابتدا: دل لیکے ہوئے اغیار میاں اے آہ میاں اے واہ میاں

تھا ہم سے بھی اقرار میاں اے آہ میاں اے واہ میاں

اختتام: برہان شاہ اٹھا سو پھر کر علی گنوایا

اُس نام کے پیتے کو انکھیاں دو کھا ریالا ہے

رسالہ غزلیات

مخطوطہ نمبر: ۵۸۹۳ داخلہ نمبر

فن. شاعری۔ رسالہ (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸) تقطیع (۳۸ × ۱۷) سم **مسطر** (۱۲) مکمل / نیتوکیاگیپ کاغذ (دیسی) یوروپی معہ آبی نشان) خط (شکستہ آمیز) کرم خوردہ

کتابت: کاتب: سید امام ۔ مقام سنہ تصنیف ـــــ
سنہ کتابت ۱۸۳۷ء

مندرجات: تین غزلیں جہانگیر کی اور ایک غزل نظیر اکبرآبادی کی یہ چاروں غزلیں اردو میں ہیں اس کے بعد ترقیمہ ہے اس رسالہ میں کچھ یادداشتیں بھی ہیں جیسے کافر کو اسلام میں داخل کرتے وقت کی دعا کچھ انگریزی کے فقروں کا اردو ترجمہ اور کچھ خوش نویسی کی کوششیں وغیرہ

ابتدا:
دل جس کا تیری زلف میں الجھا ہوگا
وہیں سے گیا ہوگا نہ سلجھا ہوگا

اختتام:
یہ جو شوخ آتا ہے دوستو ذرا اس سے بچتے رہا کرو
کیا قتل جس نے نظیر کو یہ وہی تو خانہ خراب ہے

ترقیمہ: الٰہی ایام عزت وکامرانی و بہادر حشمت ـــــ ۱۲ ماہ نومبر ۱۸۳۷ء

نوٹ: جہانگیر ۔ سخن شعرا میں ایک جہانگیر تخلص کا ایک شاعر ص ۱۱۹ میں موجود ہے نساخ لکھتے ہیں۔

" جہانگیر۔ تخلص جہانگیر بیگ دہلوی مدت سے لکھنؤ میں اوقات بسر کی آخر عمر میں دہلی میں جاکر مالیخولیا میں مبتلا ہو کر میر شاہ علی تخلص بہ درویش کو زخمی کرنے کے باعث محبوس ہو کر زنداں میں فوت کی" ترجمہ میں ایک شعر دیا گیا ہے وہ یہ ہے

وہ کافر مرا درد کیا جانتا ہے
جو گذرا ہے مجھ پہ خدا جانتا ہے

جہانگیر کا نام اور سوانحی حالات کا علم نہ ہو سکا

رسالہ کلام ریختہ

مخطوطہ نمبر: ۴۲۲۷ داخلہ نمبر ۳۶۸۶۹

فن. شاعری۔ رسالہ - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳) تقطیع (۱۳×۲۳) نمبر سطر (۱۲) مکمل / کاغذ (دیسی)
خط شکستہ آمیز، تحریریں۔ آٹوگراف

کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف ـــ
سنہ کتابت ـــ

مندرجات: ولی کی پانچ ریختیاں اور دو فارسی غزلیں ہیں۔

ابتدا : مکتب میں جس کے ہاتھ ادا کا کتاب ہے
خوبی میں آج ہم سبق آفتاب ہے

اختتام : فرہنگ ناتوانی نکتہ ابلیں بہ شکوہ
کز یاد چرخ المین کہ دریں سرا گفتہ

غزلیات ہندی و فارسی

مخطوطہ نمبر: ۷۹/۶۱۲۴ داخلہ نمبر

فن شاعری: غزلیات (شاملات از انتا نمبر ۸۵ (مجموعہ مکاتیب)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰) تقطیع (۲۰×۱۳) ہر سطر (۱۰) مکمل/ کاغذ (دیسی)
خط (نستعلیق

کتابت : کاتب - مقام - سنہ تصنیف —
سنہ کتابت ۱۱۵۳ھ

مندرجات : ابتدا میں "غزلیات ہندی و فارسی از ہمت" لکھا ہے مخطوطہ بہت قدیم معلوم ہوتا ہے قاسم نے (الغزض ص ۳۵۰) ہمت تخلص کے دو شاعروں کا ذکر کیا ہے ایک ہمت رامپوری اور دوسرے ہمت دکنی ۔ نام معلوم نہ ہوسکا ۔ کلام میں پختگی ہے اور متقدمین شعرا میں معلوم

ہوئے ہیں۔

غزلیات کے بعد فارسی کے دو شعر ہیں۔ ایک شاہجہاں کا دوسرا نورجہاں کا چونکہ دونوں شعر سوال و جواب کے طور پہ بہت اچھے ہیں اس لئے لکھے جا رہے ہیں۔

شاہجہاں

بلبل نیم کہ نعرہ زنم درد سر کنم
پروانہ ام کہ سوزم ودم بر نیاورم

نورجہاں

پروانہ نیستم کہ بیکدم عدم شوم
شمع تمام سوزم ودم بر نیاورم

دو فارسی غزلوں پر یہ تاریخیں درج ہیں سنہ ۱۱۵۰ھ - سنہ ۱۱۵۳ھ۔

ابتدا : لکھوں میں حمد رب انس و جان کا
کہ ہے خالق وہ اس دونوں جہاں کا

اختتام : نورجہاں کا مندرجہ بالا شعر ہے

غزلیات وقصائد

مخطوطہ نمبر: ۱۱۷ داخلہ نمبر ۶۱۶۲

فن. شاعری. غزلیات وقصائد (شاملات از بلاغت بمس اللغات فارسی)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰) تقطیع (۲۰×۱۲) سطر (۱۲) مکمل / کاغذ (دیسی) پھیکا آسمانی I.V.& SONS کا آبی نشان ہے) خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف ---
سنہ کتابت ---

مندرجات: اس میں اردو اور فارسی نظمیں - مکتوب - رباعیاں - متفرق اشعار اور تاریخیں شامل ہیں۔ شعراء کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) نظم ورباعیاں - مولوی ابوعلی محمد ارتضا علی خاں بہادر، قادری صفوی - مرزا قتیل سکین - سعدی شیرازی۔

قطعات تاریخ وفات - ناصر جنگ - نظام علی خاں - مرزا جان جاناں مظہر، خواجہ بندہ نواز - ٹیپو سلطان۔

قطعات تاریخ تعمیرات: مسجد چند آماہ لقابائی - مسجد احمد آباد وغیرہ مکتوب موسومہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی

مخطوطہ میں شیخ سعدی اور مرزا جان جاناں وغیرہ کے سالہائے وفات کی تاریخیں صحیح نہیں ہیں۔

ابتدا : لگا کے کان ادھر کو سنو جواں و پیر
یقین کہ موت سبھوں کے گلے کی ہے زنجیر

اختتام : عید رمضاں رسید خرم و شاد
بر ہمہ مومناں مبارک باد
اے پدر مہر کن بدہ عیدی
تا کنم شاد خاطر استاد

غزلیات معصوم

مصنف ۔ معصوم

مخطوطہ نمبر: ۵۰۲ داخلہ نمبر ۱۰۶۸۰

فن شاعری: غزلیات ۔ دواوین

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۴۹) تقطیع (۲۳×۱۵) سمر سطر (۱۲) مکمل / کاغذ (دیسی) خط نستعلیق) کرم خوردہ / ٹشو کیا گیا ہے

کتابت: کاتب - بخط مصنف - مقام - سنہ تصنیف - سنہ کتابت -

مندرجات: اس میں معصوم کی غزلیں سلام ۔ مناقب (حیدر - شجرہ قادریہ - سوال و جواب صوفیائے کرام در مرتبہ بندہ نواز اور مخمسات شامل ہیں (ہر کلام کے خاتمہ پر تمت تمام شد تحریر ہے) کاغذ اور تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بہت ہی پرانا نسخہ ہے۔

ابتدا:
پرورش یافتہ دل تھا میرا غمخواری سے
خوب دلداری سے دشواری خبرداری سے

اختتام:
ارادت قدر و قضا ہوا ہے شہ بندہ نواز
تم پہ ہے تکیہ کرتے ہوا ہے شہ بندہ نواز

نوٹ: جہاں تک قدیم تذکروں کا تعلق ہے معصوم تخلص کا کوئی شاعر نہیں ملتا ہے۔ محبوب الزمن (۲) ص ۹۷۸ میں معصوم کا شانی کا ذکر کیا ہے ان کا انتقال بقول تذکرہ نگار ۱۰۹۲ھ میں ہوا اس معصوم کو زیر نظر معصوم سے کوئی تعلق نہیں ہے زیر نظر مخطوطہ کے مصنف اہل تصوف سے تعلق ہے اور شاہ بندہ نواز گیسو دراز کے حلقے تصوف کے گرویدہ ہے ایک جگہ لکھتے ہیں ۔

پنجتن کی شان میں قرآن بھی تحریر ہے
آپ کے دادا پہ نازل آیت تطہیر ہے

جس کے جد امجد جنابِ حضرت شبیرؑ ہے
رہنما بے شک ہو اس میں کچھ نہیں تقریر ہے
صاحبِ علم و حیا ہو اے شہ بندہ نوازؒ
میرے تم مشکل کشا ہو اے شہ بندہ نوازؒ

ورق نمبر ۱ الف پر ایک منقبت ہے جس کا ایک شعر ہے ۔

ہے زہاں پر اک درگاہ ثانیٔ بیت الحرام
شاہ زین الدین صاحب اولیائے ذوالکرام

یہ مصرعہ بعد ا قلمزد کیا گیا ہے اس کے بدلے یہ لکھا گیا ہے ۔ ع

اور حاجت مندوں کا رہتا ہے اس جاہ اژدھام

اس کے بعد یہ مصرعہ ہے

پاتے ہیں ان سے مرادیں سب دل پر خاص و عام

یہ مصرعے جو قلمزد کیے گئے ہیں یہ غالباً مصنف کے قلم سے ہیں مخطوطہ کی ابتدا میں پانچ اشعار کی غزل ہے جس کا مطلع ہے ۔

پرورش یافتہ دل تھا میرا غمخواری سے
خوب دلداری سے دشواری خبرداری سے

مقطع یہ ہے ۔

ہجر دل کی بستی بھی ہے معصوم بہت ہے یہ دل
حالتِ تنگ ہے اس عشق کی تیاری سے

ذیل میں حضرت علیؑ ابن ابی طالب کی منقبت کے چند بند پیش کئے جاتے ہیں ۔

دین و اسلام کا ہے سروِ گلستان حیدرؑ
مقصدِ علم لدنی کا ہے عرفانِ حیدرؑ
حاکم قدر و قضا بندہ سبحان حیدرؑ
بلکہ ہم نام خدا ہو شہِ مردان حیدرؑ
ہے یہ معصوم ترا مداح ثنا خوان حیدرؑ
رہے کونین خوش وقت و شادانِ حیدرؑ
شیر برحق ہو تم اور خاص ولی اللہ کے
تم تو داماد ہو اور یار رسول اللہ کے
ہو طلب گار مددگار خلیل اللہ کے
مشکل آسان کر تمہار ذبیح اللہ کے

معصوم نے صوفیائے کرام سے سوال بھی کیا ہے اور جواب بھی دیا ہے۔

گلدستۂ غزلیات

مخطوطہ نمبر: ۷۵۹۷ داخلہ نمبر

فن. شاعری. گلدستہ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۳) تقطیع (۲۰×۱۴) سمر مسطر (۱۱) مکمل/ کاغذ (دیسی) خط شکستہ آمیز بڑی مشکل سے پڑھا جاسکتا ہے.

کتابت : کاتب - مقام - سنہ تصنیف ــــ

سنہ کتابت ــــ

مندرجات: اس گلدستہ میں مختلف شعرا کی غزلیات ہیں، ان میں ناسخ - شاداں - فدوی - آصف - مصحفی - شاہ کرم - ظفر - تلق - داغ - مجید - مونس - زخمی - رند - وحید - اکبر - خاکی - فتیل اور قیس شامل ہیں علاوہ سرخ روشنائی سے لکھا گیا ہے کہیں اشعار کی تعداد بھی بتائی گئی ہے.

ابتداء : میرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا ؛ طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریباں کا

اختتام : مشہور شاعروں میں شاہ دکن کے مولا ؛ ہے قیس ایک کمتر، نی کال مکتا درا (نی کال مکتا درا (تلگو) "میں تمہارے پاؤں پڑھتا ہوں سرکار")

ذیل میں ایک غزل شاعر مجید کی پیش خدمت ہے ؎

دل کو کسی دلبر سے لگانا نہیں اچھا
ہر روز نئے رنج اُٹھانا نہیں اچھا
درپردہ رہا کرتے ہو کس سے تمہیں الفت
سچ کہدو میری جان بہانہ نہیں اچھا

باز آئے نہ تم جور سے ہم بیمار پہ کیا گذری
اس درجہ بھی عاشق کا ستانا نہیں اچھا
کر یاد خدا بیٹھ کے گوشہ میں مجید
اب دل کا صنموں سے لگانا نہیں اچھا
رحم ان میں نہیں نام کو بے مہر و وفا ہیں
دل ایسے حسینوں سے لگانا نہیں اچھا
جو دل میں ہو وہ صاف بیاں کیجئے صاحب
در پردہ بھلا اور ستانا نہیں اچھا

غزل اکبر ورق ۱۲

مطلع اور مقطع

تمہیں سے ہوئی مجھکو الفت کچھ ایسی
نہ تھی ورنہ میری طبیعت کچھ ایسی
بسر کیوں نہ ہو عشق خوباں میں اکبر
خدا نے دی ہے طبیعت کچھ ایسی

نساخ کے نے تین اکبر بتائے ہیں ایک نواب محمد اکبر خاں دہلوی مہر اور خورد نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ شاگرد مومن۔

اکبر مرزا محمود دہلوی۔ حاتم کے شاگرد تھے بڑے ظریف تھے

اکبر تخلص مکرم الدولہ سید اکبر علیخاں مرحوم موسیقی میں اچھا دخل رکھتے تھے۔

قصائد اردو

مخطوطہ نمبر۔ ۳۴۸ داخلہ نمبر۔ ۶۲۳۹۲

فن۔ شاعری قصائد (شامل رسالہ از تصوف ملفوظ کلیم اللہ حسینی فارسی)

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۶) تقطیع (۲۲ × ۱۴) سمر۔ سطر (۷) نامکمل، کاغذ دیسی خط شکستہ آمیز۔ مہر سید محب حسینی ۱۲۸۵ھ صد ۲۲ بر

کتابت۔ کاتب محمد غلام۔

مندرجات۔ اس میں چار قصائد حضرت غوث اعظم دستگیرؒ کی شان میں ہیں۔ آخری قصیدہ فارسی ہے۔ صفحہ آخر میں دعاء اور فاتحہ کا طریقہ عربی میں ہے۔

ابتداء۔ مرتوں کو بچا سکتے ہو تم یا غوث الصمدانیؒ مدد ے
مردوں کو جلا سکتے ہو تم یا غوث الصمدانیؒ مدد ے

اختتام۔ از ادب کے ادبی ہست بہ تشبیہ عذار
گفتمش برگ سمن حضرت غوث الثقلینؒ

ترقیمہ۔ تمام تحریر یافت۔ محمد غلام دستہ (غالباً دستگیر ہوگا)

قصائد بقا (نعتیہ غزلیات)

بقا۔ جلیل الحق، شاہ

مخطوطہ نمبر۔ ۳۴۳ داخلہ نمبر۔ ۲۰۲۳۴

فن۔ شاعری۔ غزلیات۔ (قصائد)۔

کیفیت و خصوصیات کتابت۔ اوراق ۵۳، تقطیع (۳۳ × ۲۲) سمر، مسطر (۱۱)، کاغذ نار دے آبی نشان۔ نظام الملک آصف جاہ۔ خط۔ خوشخط۔ کاتب۔ سنہ کتابت ۱۳۴۴ھ

مندرجات۔ اس میں ردیف ہ اور (۱۱۲) نعتیہ غزلیات ہیں۔ اس کے سرورق پر "قصائد حضرت بقا" تحریر ہے۔ پہلے صفحہ پر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کے بعد ایک شعر اور ایک رباعی فارسی کا ہے۔

شعر۔
ملک لا علم کیا جانے بنانے والے سے پوچھو
بنی کیا خوبصورت بولتی تصویر مٹی کی

رباعی (فارسی)
بہر زاہد مسجد و منبر برہمن بتکدہ
سجدہ گاہ عاشقاں جز ابروے جانانہ نیست
در حریم کعبہ و بت خانہ عاشق محرم است
ہر کہ با او آشنا شد ہیچ جا بیگانہ نیست

اس کے بعد ایک دائرہ بنا ہوا ہے۔ دائرے میں "دیوان و قصائد حضرت بقا قدس سرہٗ العزیز ۱۳۴۴ھ"۔ اس کے بعد یہ عبارت ہے۔

"مصنفہ حضرت لذت افزائے درد دلہائے عاشقاں مولائی و مرشدی شاہ جلیل الحق قبلہ قادری قدس سرہٗ۔ مرتبہ مولوی محمد عزیز اللہ خاں خلف الرشید حضرت ممدوح بمقام بھونگیر ضلع نلگنڈہ۔"

بقا کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔

نعتیہ غزلیات اچھے ہیں۔ نمونے کے طور پر دو غزلیں پیش کی جاتی ہیں۔

بھا گیا دل کو میرے چہرہ رسولؐ اللہ کا
روبروِ آئینہ ہے وہ صاف وجہہ اللہ کا
دو جہاں روشن ہے جس سے وہ یک نور بیٹا
ہر مکاں میں جس طرح جلوہ ہے ہر دماہ کا
وہ سلیمان وقت ہے گر چیکہ وہ مور ضعیف
عشق کا بندہ جو ہے آقائے عالیجاہ کا
ہاتھ کے آفت زدوں کی جان ہے خوبیٔ کلام
زخم دل کے واسطے مرہم ہے یاد اُس شاہ کا
گم گیا وہ در حقیقت جس نے پایا آپ کو
کام کب اس کو رہا عالم کے رسم و راہ کا
جو حقیقت باطنی ہے کہنے سکتے ہیں برے
فاش کہتے ہیں خطر عالم کے ہے گمراہ کا
مار پشت پا اگر ہو قسمت جم اے بقا
کب طلب گار خدا خواہاں ہے عز وجاہ کا

ہو دم ہے دم واپسیں اب آؤ محمدؐ
مر جاؤں تو دنیا کے مجھے جاؤ محمدؐ
آنکھوں کو ملوں چوموں کبھی سر پہ بھی رکھوں
وہ قدم مبارک مجھے دکھلاؤ محمدؐ

دربار سلیمان میں ہوئی مور کی طلبی
افسوس میرے حال پہ فرماؤ محمدؐ
مانا میں آپ کے لئے ہیں اچھے سے اچھے
پر میرے لئے آپ سا بھی لاؤ محمدؐ
فرماکے تبسم نہ ہوا نجان خدا را
ہے آرزو دیدار کی بر لاؤ محمدؐ
العلم نکتہ کا مطلب نہیں ملتا
اے اُمّی لقب مجھکو وہ سمجھاؤ محمدؐ
پڑھنے سے نہیں ملتا بقاؔ کلمہ کا سارا
بس کھولنا اس کل کا بھی سکھلاؤ محمدؐ

بیاض میں غزلیات بہت ہی منظم طریقے سے لکھے گئے ہیں۔ ہر ایک صفحہ پر ایک ہی غزل ہے۔ اور جدول بھی بنائے گئے ہیں۔ خط بہت ہی خوشخط ہے۔ کاغذ بھی نارو ے کا ہے جس پر انگریزی میں "آصفی دستار" کا نشان اور نیو اکنڈ الٹیڈ ہائینس نظام گورنمنٹ حیدرآباد دکن اور اردو میں نظام الملک آصف جاہ کا آبی نشان ہے۔ بیاض کی ابتدا اور اختتام یہ ہے۔

ابتداء۔ اوپر کی مندرجہ غزل کے مطلع سے ہوتی ہے۔

اختتام۔ بقاؔ سکھلاتے ہیں تجھ کو ادب یہ
نہ کر انکار تو ہر بار توبہ

قصائد سودا

سودا۔ محمد رفیع۔ مرزا۔

مخطوطہ نمبر۔ ۵۹۸۹ داخلہ نمبر۔ ندارد

فن: شاعری قصائد۔ (جدید)

کیفیت د خصوصیات: اوراق (۲۷) تقطیع ۱/۲ ۲۰ × ۱۳ سمر۔ مسطر۔ (۱۲) مکمل کاغذ دیسی)۔ خط نستعلیق۔

مندرجات۔ اس میں سودا کے (۱۰) قصائد ہیں۔ صفحہ اول کے آغاز پر قصائد مرزا۔ رفیع۔ السودا۔ پھر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" تحریر ہے۔ قصیدوں کے عنوانات نہیں دیئے گئے ہیں۔ عنوانات کے لئے جب ان قصائد کو مطبوعہ کلیات سودا" (پبلیشر رام نرائن لال بینی مادھو) سے تقابل کیا گیا تو کچھ اختلاف پایا گیا۔ ہم نمونتاً چند شعر پیش کرتے ہیں:

۱۔ قصیدہ در نعت حضرت سید المرسلین کا مطلع تا قی مخطوطے میں یوں ہے۔

"بہت ناداں ہیں جن کو ہے عجب تاج سلطانی"

مطبوعہ ص ۱۰۶ میں یوں ہے۔

عجب ناداں ہیں جن کو ہے عجب تاج سلطانی

۲۔ قصیدہ شہر آشوب

۳۔ قصیدہ امام کاظمین۔

۴۔ قصیدہ در مدح حضرت موسیٰ رضاؑ

۵۔ قصیدہ در منقبت علیؓ ابن ابی طالب۔

۶۔ قصیدہ عماد الملک مدار المہام آصف جاہ نظام الملک کا مطلع یوں ہے۔

"صبح ہوتے جو گئی آج مری آنکھ جھپک"

مطبوعہ میں ص ۱۶۱

"فجر ہوتے ہو گئی آج مری آنکھ جھپک"

۷۔ قصیدہ در مناقب حضرت علیؓ ابن ابی طالب. مطلع ثانی یہ ہے۔

ماہ کی خاطر مقرر وقت شب ہے نیم نان

پر جو وہ چاہے سدا سارے سو یہ ہووے کہاں

مطبوعہ میں ص ۱۲۵

ماہ کے خاطر مقرر وقت شب ہے ایک نان

پھر جو یہ چاہے سدا سار کا د ہووے سو کہاں

اس کا مقطع یہ ہے۔

پس جو ایسا ہو کوئی اے دل نہ کیجئے اس کا ذکر

آشنا کر اب غزل خوانی سے تو اپنی زبان

مطبوعہ میں ص ۱۲۵

پس جو ایسا ہو سخن اے دل تو نہ کیجئے اس کا ذکر

مطلع رابع میں

حسن و لطف آشفتگی کا اس کی کانوں کا بیان

مطبوعہ میں ص ۱۲۷

حسن و لطف آشفتگی کا جیکے کانوں کا بیان

بیاض کے مقطع سے اوپر کا شعر یہ ہے۔

کر تو اب سودا قصیدے کو دعائیہ پو ختم
منجم جب تک ہے اجزائے زمین آسمان

مطبوعہ میں ص ۱۳۰

کر تو سودا اب قصیدہ کو دعائیہ یہ ختم
گو خطاب اس کو دیا ہے تو نے بجز بیکراں
تا کہ ہیئت کو زمانے کی ہے یا حولا قرار
منجم جب تک ہے اجزائے زمین و آسمان

مقطع یہ ہے:

دوستاں کو تیری کانت اوج سعادت ہو نصیب

مطبوعہ میں ص ۱۳۰

دوستوں کو تیرے نت اوجِ سعادت ہو نصیب

۸ - قصیدہ۔ علی مرتضیٰ اباعبداللہ الحسین کا مطلع یہ ہے۔

سوائے خاک نہ کھینچوں میں منت دستار

مطبوعہ میں ص ۱۳۰

سوائے خاک نہ کھینچوں گا منتِ دستار

مطلع ثانی یہ ہے۔

نہ پوچھ مجھ سے کدھر ہے خزاں کدھر ہے بہار

مطبوعہ میں ص ۱۳۱

نہ پوچھ مجھ سے کدھر ہے خزاں کہاں ہے بہار

پانچواں مصرعہ یوں ہے

فلک کے ہاتھ سے اتنی بھی دار ہے نہ رہے

مطبوعہ میں ص ۱۳۱

فلک کے ہاتھ سے اتنی بھی دار ہے رہے

دسواں مصرعہ یوں ہے۔

کدھر خیال کو بیٹھے لے گیا ہے یہ بے مغز

مطبوعہ میں ص ۱۳۱

کدھر خیال کو اب لے گیا ہے یہ بے مغز

اس کے بعد کا شعر یوں ہے

دکھا دیتا ابھی اے مرد مومن کرے ہے عزم

مشیت ازلی بھی اگر جو ہووے برآر

مطبوعہ میں ص ۱۳۱

دکھاؤں گا اسے اب مرد یوں کریں میں عزم

مشیت ازلی بھی جو ہو وے ہم سے برار

۹۔ قصیدہ در منقبت حضرت علیؑ ابن ابی طالب کا ۴۲ واں مصرعہ یوں ہے

لہر کھاتی ہوئی پھرتی ہے بیاباں میں نسیم

اور مطبوعہ مصرعہ ہے۔ ص ۱۱۷

لٹرکھڑاتی ہوئی پھرتی ہے خیاباں میں نسیم

اس کے بعد کا شعر یہ ہے۔

آتی ہے کثرتِ بارش بہ زمین ہر باغ

مطبوعہ میں یوں ہے ص۱۱۸

آتی ہے کثرتِ لغزش بہ زمینِ باغ

اور ایک شعر یوں ہے۔

کھینچ اسے گر تو عدو پر کرے میداں میں نہیب
پائے حکم بھی زمانے کا وہیں جائے نکل

مطبوعہ میں یوں ہے ص۱۱۹

کھینچ اسے گر تو عدو پر کرے میداں میں نہیب
استقامت کا زمانے کے نکل جائے قدم

۱۰۔ قصیدہ در مدح نواب قبت علی خاں ہے۔

مخطوط کا ابتداء اور اختتام یہ ہے۔

ابتداء۔ ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

اختتام۔ تا ہر دم فلک پہ یارب رہے درخشاں
یہ استاں دولت مسجود دو جہاں ہو

قصائد سودا

سوداؔ۔ محمد رفیع۔ مرزا

مخطوطہ نمبر۔ ۲۴۸ داخلہ نمبر۔ ۲۰۶۸۴

فن شاعری قصائد۔ (قصائد)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۷۰) تقطیع (۲۴ × ۱۴) سمر مسطر (۸) مکمل۔ کاغذ۔ دیسی
خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف —
سنہ کتابت —

مندرجات۔ اس بیاض میں مندرجہ ذیل قصائد ہیں۔ عنوانات لال روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ مخطوطہ بہت صاف، خوشخط اور منظم طریقے سے لکھا گیا ہے۔

(۱) قصیدہ در تعریف مسجد کہ بنا کردہ سیف الدولہ بود (فارسی)
(۲) قصیدہ در نعت سرورِ کونینؐ۔
(۳) قصیدہ در مدح محمد مصطفیٰ ص و علی مرتضیٰ ع۔
(۴) قصیدہ در منقبت علی مرتضیٰ ع (۳ قصیدے)
(۵) قصیدہ در مدح جناب اسد اللہ الغالب ع
(۶) قصیدہ در منقبت جناب سید الشہداء ع
(۷) قصیدہ در منقبت حضرت امام موسیٰ کاظم ع و امام نقی ع
(۸) قصیدہ در منقبت جناب امام رضا ع

(۹) قصیدہ در مدح جناب صاحب الزماں قائم آل محمدؑ

(۱۰) قصیدہ در مدح سید الانبیاء و علی مرتضیٰؑ

(۱۱) قصیدہ در مدح شاہ خراساں حضرت امام رضاؑ

(۱۲) قصیدہ در مدح جناب صاحب الزمانؑ

(۱۳) قصیدہ در مدح شاہ عالم گیر ثانی

(۱۴) قصیدہ در مدح شاہ عالم عالی گوہر

(۱۵) قصیدہ در مدح غازی الدین خاں عماد الملک (۲ قصیدے)

(۱۶) قصیدہ در مدح شجاع الدولہ بہادر (۶ قصیدے)

(۱۷) قصیدہ بہاریہ در مدح سیف الدولہ ۳ قصیدے)

(۱۸) قصیدہ در مدح نواب آصف الدولہ (۵ قصیدے)

(۱۹) قصیدہ در مدح نواب ناظر بسنت خاں

(۲۰) قصیدہ در مدح نواب فتح جنگ بہادر

(۲۱) قصیدہ در مدح مہرباں خاں بہادر

(۲۲) قصیدہ در مدح حکیم میر محمد کاظم

(۲۳) قصیدہ در مدح حسن رضا خاں (۲ قصیدے)

(۲۴) قصیدہ در مدح ممتاز الدولہ بہادر حسام جنگ

(۲۵) قصیدہ شہر آشوب

(۲۶) قصیدہ در ہجو مولوی ساجد (۲ قصیدے)

(۲۷) قصیدہ در ہجو اسپ

(۲۸) قصیدہ در ہجو۔ شخصے کہ متعصب بود

ابتداء۔ با عندلیب گلشن ایمان برابر است
گلبانگ مرغ خامہ ام اللہ اکبر است

اختتام۔ جو لعن اس کے پدر پر کرے ہے اُسکے تئیں
ہمیشہ نعمت خلد بریں ہووے ارزانی

مطبوعہ کلیات سودا۔ حصہ اول میں مع مقدمہ از ڈاکٹر امرت لعل عشرت۔ پبلیشر رام نرائن لال مادھو ۲ کڑہ روڈ الہ آباد ۱۹۷۱ء میں اختتام اس طرح ہے

محب دین پر اُن کے الٰہی تا محشر
مدام نعمت خلد بریں رضوانی . . .

مخطوطہ میں اختتام سے پہلے کا شعر یوں ہے۔

محب دین پر اُن کی الٰہی تا محشر
ہمیشہ آتش دوزخ کی ہو فراوانی

مطبوعہ کلیات سودا سے مخطوطے کا تقابل کیا گیا۔ اس طرح کا بیت اختلاف پایا گیا۔

قصائد سودا

سودا۔ محمد رفیع۔ مرزا

مخطوطہ نمبر۔ ۲۸۲ داخلہ نمبر۔ ۲۳۶۷۵

فن۔ شاعری قصائد۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۰۶) تقطیع (۲۷ × ۱۸) سم سطر (۱۳) کاغذ دیسی، خط نستعلیق شکستہ آمیز ہر یں پڑھی نہیں جاسکتی ہیں۔

کتابت: کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ست ۔

سنہ کتابت ست ۔

مندرجات: اس میں سر ورق کے دونوں جانب مختلف اشعار لکھے ہیں۔ دوسرے اور تیسرے صفحے کی تحریر ایک ہی کاتب کی تحریر ہے۔ پہلے صفحہ میں کتابت کی مشق کی گئی ہے۔ سر ورق پر دو مہریں تھیں لیکن مٹادی گئی ہیں۔ ورق نمبر ایک پر بھی ایک اور مہر مٹادی گئی ہے۔ اور اس کے قریب "مالک" کی مہر ہے جس پر نام پوری طرح پڑھا نہیں جاتا سوائے "رضی الدین" کے۔ اس مہر کے بالکل نیچے لکھا ہے "المعروف محمد جعفر ابن مرزا محمد باقر خاں" ہے۔ ورق (۲۸) سے خط بدل گیا ہے۔

قصائد اور مثنویوں کی ترتیب یوں ہے

(۱) قصائد در منقبت امیر المومنینؑ

(۲) قصیدہ در منقبت آئمہؑ
(۳) قصیدہ در منقبت امام علیہ السلام
(۴) قصیدہ در نعت و منقبت
(۵) قصیدہ در منقبت حضرت امام موسیٰ کاظمؑ
(۶) قصیدہ در منقبت حضرت امام علی موسیٰ رضاؑ
(۷) قصیدہ در مدح بادشاہ عالمگیر ثانی بادشاہ غازی
(۸) قصیدہ در مدح بادشاہ مبارک آباد و نوروز
(۹) قصیدہ در تعریف عماد الملک (۳ قصیدے)
(۱۰) قصیدہ در مدح سیف الدولہ بہادر (۳ قصیدے)
(۱۱) قطعہ۔
(۱۲) رباعی۔
(۱۳) قصیدہ در تعریف سالگرہ غازی الدین خاں عماد الملک۔
(۱۴) قصیدہ در تعریف لبنت خاں۔
(۱۵) قصیدہ شہر آشوب۔
(۱۶) ہجو۔
(۱۷) ہجو اسپ۔
(۱۸) مثنویات مشتمل در ہجو پہل راجہ نرپت سنگھ۔
(۱۹) مثنوی در ہجو سیدی فولاد خاں۔
(۲۰) مثنوی در ہجو گرمی۔

(۲۱) مثنوی در ہجو (یک عمدہ) در ہجو ایرد دولتمند بخیل۔

(۲۲) مثنوی در ہجو ایک لڑکا در ہجو طفل تمائع، روز گار لکڑی باز)۔

(۲۳) مثنوی در ہجو میاں نوقی۔

(۲۴) مثنوی در ہجو حکیم۔

(۲۵) مرثیہ حضرت سید الشہدا (۲۴) بند ہیں۔

(۲۶) قصیدہ شاہ و گدا۔

ابتداء: ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی :. نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

اختتام: یہ خونِ ناحق شاہ شہید تیغ ستم[1]

الٰہی غم نہ ہو سودا کو چھٹ حسینؑ کے غم

ہوا سکا جیتے جی مونس امام کا ماتم

جو بعد مرگ ہو مدفن تو کربلائے حسینؓ

اختتام کا مصرع اولیٰ۔ مطبوعہ میں اس طرح ہے (کلیات سودا)

بحق شاہ شہیداں ذبیح تیغ ستم

دوسرا شعر مطبوعہ میں اس طرح ہے۔

نہ ہووے چشم بھی اس کی بخیر فرم نم

اس طرح کا اختلاف مخطوطے اور مطبوعہ میں بہت پایا گیا۔

قصائد سودا

سوداؔ ۔ محمد رفیع ۔ مرزا

مخطوطہ نمبر۔ ۱۳۷ داخلہ نمبر۔ ۱۰۸۰۲

مضمون شاعری ۔ قصائد ۔

کیفیت و اوراق (۱۸) تقطیع (۲۲ × ۱۹) سمر سطر (۱۵) مکمل
خصوصیات کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق ۔

کتابت ۔ کاتب ۔ سنہ کتابت ۱۲۱۲ھ

مندرجات ۔ اس میں پانچ قصیدے ہیں ۔ پہلے صفحہ کے آغاز پر " قصائد مرزا رفیع سودا "
تحریر ہے ۔ آخری صفحہ پر دو فارسی رباعیات ہیں ۔ قصیدوں کے عنوانات یہ ہیں:

(۱) قصیدہ حضرت موسیٰ رضا شاہ خراساں ۔

(۲) قصیدہ در منقبت حضرت امام کاظمین ۔

(۳) حضرت امام عسکری ۔

(۴) حضرت امام مہدی الہادی آخر الزماں کے مقطع کے بعد کاتب نے " تمام شد

قصائد انتخاب مرزا رفیع السودا۔ بتاریخ بست ویکم محرم ۱۲۱۲ھ" لکھا ہے لیکن اپنا نام نہیں لکھا (ص ۱۲)

(۵) قصیدہ در شان حضرت علیؑ بر حاشیہ۔

ابتداء اور اختتام یہ ہے:

ابتداء۔ اگر عدم سے نہ ہو ساتھ فکر روزی کا
تو آب و دانہ کو لیکر نہ ہو گہر پیدا۔ [۱]

اختتام۔ یا الٰہی طرب و جشن و نشاط و مدح
رہیں آفاق میں تا حشر کے دم چاروں ایک

[۱]۔ مطبوعہ میں یہ مصرعہ اس طرح ہے۔
تو آب و دانہ کو لے کر گہر نہ ہو پیدا

ایسا فرق مطبوعہ اور مخطوطہ میں بہت ہے۔

قصائد سودا

سودا۔ محمد رفیع۔ مرزا

مخطوطہ نمبر۔ ١١٨ داخلہ نمبر۔ ١٠٦٥٣

فن شاعری۔ قصائد

کیفیت و خصوصیات: اوراق (٨) تقطیع (٢٠ × ١٣) سم مسطر (١٧) نامکمل کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)۔

مندرجات۔ اس میں چار قصائد ہیں (١) نعتیہ قصیدہ۔ (٢) قصیدہ در نعت و منقبت (٣) قصیدہ در مدح۔ حضرت شاہ مرداں علیہ السلام۔ قصیدہ کر نامش بحر بیکراں است در مدح حضرت علی ابن ابی طالب شاہ مرداں است علیہ السلام شامل ہیں۔ پہلے صفحہ کے آغاز میں قصائد مرزا محمد رفیع سودا۔ دفتر زادہ نعمت خان عالی قصیدہ اول در نعت ذات اقدس سید المرسلین حضرت خاتم النبین حبیب الہ العالمین حاکم ملائیکہ المقربین جناب محمد المصطفیٰ صلی اللہ علیہ و الہ اجمین۔

ابتداء۔ ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے سلیمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے تسبیح زنار سلیمانی

اختتام۔ حسن و لطف آشفتگی کے اسکے کانوں کا بیان
پڑھ کے سوسن کر نہیں سکتا ہے باچندیں زبان [1]

[1] مطبوعہ میں اس طرح ہے۔
حسن و لطف آشفتگی کا جس کے کانوں کا بیان
باغ میں سوسن نہیں کر سکتی باچندیں زباں
اس طرح بہت اختلاف مطبوعہ اور مخطوطے میں ہے۔

قصائد نوید

نوید

مخطوعہ نمبر۔ ۴۶۹۵ داخلہ نمبر۔ ندارد۔

فن شاعری۔ قصیدہ (جدید)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۵)، تقطیع (۲۰ × ۳۰) سم، سطر (۱۸) کرم خوردہ کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

مندرجات۔ نویدؔ کے حمدیہ و نعتیہ قصائد ہندی تال و راگوں میں ہے جس کی تشریح نثر میں ہے۔

- قصائد کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں۔ صفحہ اول پر معراج محمدؐ کی تحریر ہے۔
- اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد عنوانِ قصیدہ ہے۔

(۱) قصیدہ حمدیہ۔ (۲) قصیدہ نعتیہ۔ (۳) قصیدہ در اوصافِ درودِ شریف۔ (۴) تمہید معراج شریف۔ (۵) محفل اول بیان میں معراج حبیبِ خدا سردار انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے کعبہ شریف سے بیت المقدس مکرم تک در نثر۔ (۶) محفل دوم بیان میں ان واقعات کے جو بیت المقدس شریف میں آنحضرت صلعم کو پیش آئے نثر قصیدہ۔ (۷) محفل سوم عروج اول بیان میں اُن عجائب غرائب کے جو آسمان اول پر آنحضرت صلعم کے نظر انور میں آئے۔ (۸) حالتِ عاصیاں۔ (۹) مدح کلمہ تمجید۔ قصیدہ حمدیہ۔ (۱۰) قصیدہ نعتیہ۔ (۱۱) حمدیہ جو ایمن کلیان میں ہے۔ (۱۲) نعتیہ رد بک تال بیلو راگ

(۱۳) محفل چہارم عروج دوم بیان میں ان عجائب غرائب کے جو آسماں بر نظر انور میں آنحضرت صلعم کے آئے۔ قصائد نعتیہ۔ (۱۴) حمدیہ قصائد آٹھ تال یعنے دیپ چند ہو دے راگ کافی۔ (۱۵) مدح قرآن شریف تال ادہا راگ سندھ ہوئے۔ (۱۶) محفل پنجم عروج سوم بیان میں ان عجائب غرائب کے جو آسمان سوم پہ نظر انور میں آنسرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے آئے۔ (۱۷) قصیدہ حمدیہ۔ (۱۸) قصیدہ نعتیہ۔ (۱۹) حمدیہ تربٹ تال سارنگ راگ (۲۰) نعتیہ قصیدہ راگ دہا نسری۔ (۲۱) محفل ششم عروج چہارم بیان میں ان عجائب غرائب کے جو آسمان چہارم میں آنحضرت کے نظر انور میں آئے (۲ قصیدے)۔ (۲۲) قصیدہ نعتیہ۔ (۲۳) مدح کلمہ طیب تربٹ تال بھیروں راگ ہیں۔ (۲۴) نعتیہ تال ہوری راگ بیلو۔ (۲۵) محفل ہفتم عروج پنجم بیان میں ادل عجائب غرائب کے جو آسمان پنجم میں معائنہ میں آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے آئے۔ (۲۶) قصیدہ۔ (۲۷) قصیدہ نعتیہ۔ (۲۸) نعتیہ تال ادہا وغیرہ سری راگ۔ (۲۹) محفل ہشتم عروج ششم بیان اون عجائب غرائب کے جو آسمان ششم میں مشاہدہ میں آن عبدہٗ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے آئے۔ (۳۰) قصیدہ حمدیہ۔ (۳۱) قصیدہ نعتیہ۔ (۳۲) نعتیہ تال ہوری راگ کانڑا۔

(۳۳) محفل نہم عروج ہفتم بیان میں ان عجائب غرائب کے جو آسمان ہفتم میں نظر انور میں حبیب خدا کے آئے۔ قصیدہ۔ حمدیہ۔ قصیدہ نعتیہ۔ نعتیہ راگ تال ادہا۔ ایضاً بھوپالی توڑی۔ (۳۴) محفل دہم عروج ہشتم بیان میں ان عجائب وغرائب کے جو آسمان ہشتم پر نظر انور میں رسول خدا کے آئے۔ جسکو سدرۃ المنتہیٰ گیرا ہوا تھا۔ آمد حبیب خدا، مدح کعبہ شریف، مناجاتیہ کعبہ سارنگ نعتیہ چوتالہ سگھاری راگ۔ (۳۵) محفل یازدہم عروج نہم بیان میں ان سرفرازیوں کے جو کرسی شریف۔ دور عرش مجید پر حق سبحانہ تعالیٰ پے آئے حبیب

کی نسبت فرمائی۔ قصیدہ۔ مستزاد نعتیہ۔ مبارکباد از نوید محمد نعتیہ۔ سندھ بھیرویں۔ قصیدہ نعتیہ۔ چو تالہ بھیرویں۔ پنجابی تال بھیرویں۔ بھیرویا تال اربا سلام راگ سندھ تال ادیا۔

مرحبا۔ قصیدہ۔

ابتداء۔ تیرے لطف سے ہے میری بود و نمود و بہبود
تیرے فضل سے ہے میری بود و نمود و بہبود

اختتام۔ از دیاد نعمتوں کا اے نوید
ذکر و شکر رب کی کثرت ارمغان

نوٹ:۔ ص ۱۴۴

قصیدہ تہنیت عید الضحیٰ

مصنف : مینائی - امیر احمد

وفات ۱۳۱۸ھ م ۱۹۰۰ء

مخطوعہ نمبر۔ ۱۳۰۴ داخلہ نمبر۔ ۲۱۴۰۴

فن شاعری۔ قصائد۔ دواوین۔

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴) تقطیع (۳۳×۱۹) سم، سطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (خوشنما)، پہلا صفحہ منقش۔ تصاویر/جدول رنگین مذہب و مطلا۔

کتابت - کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات۔ اس مخطوطے کے صفحہ اول پر معروضہ دعا گوی فدائی امیر احمد امیر مینائی لکھا ہے۔ دائرہ مطلا میں مندرجہ ذیل تحریر درج ہے۔

"قصیدہ تہنیت عید الضحیٰ پیشکش بارگاہ جہاہ سلیمان سریر آصف سیر سکندر بخت فریدون تخت عالیجناب نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ والیہ دار الاقبال

بھوپال دام فلکہا اور اقبالہا"

ابتداء ۔ جھلک عید قربان نے اپنی دکھائی
مبارک سلامت کی آواز آئی

اختتام ۔ یوں ہی عید ہر روز مجرے کو آئے
کرے اور پڑ پڑ کے بخت آزمائی

کتابیاتی حوالے قصیدہ تہنیت عید الفطر نمبر ۱۳۰۳ فارسی کتب خانہ ہذا
میں موجود ہے ۔

قصیدہ در مدح
حضرت سلیمان جاہ نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ
اسلا ۔ احسان علی

مخطوطہ نمبر۔ ۷۰ داخلہ نمبر۔ ۲۸۲۱۱

فن شاعری۔ قصائد ۔ (جدید) ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶) تقطیع (۲۵ × ۱۶) سمر، مسطر (۱۳) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط نستعلیق ۔ مطلا ۔ جدول رنگین ۔ مہر ۔ ایک مہدی علی خاں ضیغم جنگ اقتدار الدولہ محتشم الملک ۱۲۶۶ھ ۔

مندرجات ۔ یہ قصیدہ نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ کے جلوس کے منظر کی عکاسی کرتا ہے ۔ اس پس منظر میں" بحری شکار اور اس کے لوازمات بیس قسم کے انگریزی باجے اور اُن کے نام ۔ بجروں اور کشتیوں پر حسینوں کا مجمع اور رقص، حضرت عباس علیہ السلام کی بارگاہ میں زیارت کو جانا ۔ ہاتھوں کے پرے آگے آگے حیدری رسالے کے سوار ۔ ترک سواروں کے رسالے ۔ انگریزی پلٹنیں ۔ بان بردار ۔ جلودار ۔ چھڑ بردار ۔ نالکی ۔ پالکی ۔ بوچہ نشیں رواں ۔ کہاروں کا لباس ۔ بانات کی بڑ زرکرتیاں ۔ بادشاہ کا ہاتھی ۔

پیچھے اور سرداروں کے ہاتھی۔ پھر سواروں کے رسالے۔ دو دستہ زرریزی۔ ہر قدم پر جریب پڑنا۔ نقیبوں کی نقابت۔ دابسی ڈالیوں کا گزرنا۔"

یہ (۶۵) اشعار کا قصیدہ ہے۔ آخری شعر پٹا دیا گیا ہے۔ لیکن شاعر کا تخلص اس شعر میں ملتا ہے درج ذیل ہے۔

اور مطلع لکھ تو اٹلا کسطرف ہے تیرا دل
جو تیرا دامن ہو پر زرِ مثلِ دامنِ بہار

ہر "تواریخ اقتداریہ" کے مصنف کی ہے اس کی دو جلدیں کتب خانہ ہذا میں (نمبر ۶۸-۶۹ جدید) موجود ہیں۔

قصیدہ کی ابتداء اور اختتام یہ ہے:

ابتداء۔
صبح دم پیک صبا نے یہ کہا مجھ سے پکار
سوتا ہے غافل پڑا کیوں ہو ذرا تو ہوشیار
گلشن دوراں میں آمد ہے بہار تازہ کی
دیکھ لے ہر ایک شجر لایا ہے کیا کیا برگ و بار

اختتام۔
جب تلک پیک صبا کرتا ہے طے راہ باغ کی
جب تلک باد بہاری سے چمن ہے لالہ زار
یہ نصیر الدین حیدر بادشاہ قائم رہے
سب کہو آمین بحق حیدر دلدل سوار
ہے فقط طالب اضافہ کا ــــــــ

آخری شعر مٹا دیا گیا ہے۔

نوٹ۔ احسان علی۔ املا۔ شاہانِ اودھ کے دربار کے نامور شاعروں میں سے تھے۔ سلیمان جاہ نصیر الدین حیدر بادشاہ کا عہد سنہ ۱۲۴۳ھ تا سنہ ۱۲۵۳ھ تک رہا۔

قصیدہ کمال

کمالؔ۔ کمال الدین۔ سید

مخطوطہ نمبر۔ ۴۷۰۹ داخلہ نمبر۔

فن شاعری۔ قصائد۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶) تقطیع (۱۴×۹) سمر، مسطر (۸) مکمل، کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)۔

کتابت۔ کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات:۔ اس میں تین قصیدے شامل ہیں۔ پہلا قصیدہ کمالؔ کا ہے۔ دوسرا اور تیسرا قصیدہ سید علوی کا ہے۔ تمام شد کے بعد فارسی کی مشہور رباعی "یا صاحب الجمال و یا سید البشر" درج ہے۔

ابتداء:۔
رکھ مجھ کو اپنی یاد میں مشغول یا رسولؐ
کر حق کی بارگاہ میں مقبول یا رسولؐ

اختتام:۔
اشہب فکر رسا علوی کا ہے کہتے......
گرچہ اس کوں تنگ میداں نہ طبق ہے یا رسولؐ

کلام الشعراء

کلام الشعراء

مخطوطہ نمبر: ۴۷۲۳ داخلہ نمبر
مضمون: کلام ۔ جلد
کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۹) تقطیع (۷×۱۷) سمر سطر (۱۲) مکمل / کاغذ دیسی، خط (نستعلیق)
کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ
مندرجات: بیاض میں مختلف شعراء کے اشعار ہیں دو اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ
ایک مومن خاں مومنؔ کا ہے ؎

میں وہی ہوں مومنؔ مبتلا
تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

دوسرا خاںؔ کا ہے ؎

جا کے کہہ دیوے کوئی خاںؔ کی طرف سے اتنا
اب نہیں آتے ہیں پھر آؤ گے کیا میرے بعد

سخنِ شعرا (صفحہ ۱۲۷) میں نساخ نے خاںؔ تخلص کے تین شاعروں کے نام دیئے ہیں

(۱) عبداللہ خاں (۲) محمدی خاں (۳) محمد اشرف خاں

معلوم نہیں کہ یہ شعر کس خاں کا ہے ہمارے کتب خانہ ہذا میں محمد اشرف خاں تخلص خاں شاگرد مصحفی کا قلمی دیوان محفوظ ہے اس میں یہ شعر درج نہیں ہے۔

بیاض زیادہ پرانی نہیں ہے ۳۰، ۴۰ سال پہلے لکھی معلوم ہوتی ہے ورق ۲ الف میں غالب کی مشہور غزل " یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا " کا یہ شعر غلط لکھا ہے ؎

یہ کہاں تھی میری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور زندہ رہتے تو یہی انتظار رہتا

ورق ۷۶ الف سے ۸۰ الف تک شبلی نعمانی کی نظم "عدل جہانگیری" درج ہے بیاض میں جن شعراء کا انتخاب دیا گیا ہے وہ ایک تو غلط لکھے ہے دوسرے یہ کہ شاعروں کے تخلص یا نام نہیں لکھے ہیں۔

ابتدا : تمہیں ناز ہو نہ کیونکر کہ لیا ہے حمید کا دل
یہ رقم نہ ہاتھ لگتی نہ یہ افتخار ہوتا

اختتام : پھر یاد مجھ کو اُس نے کیا ہے بہار میں
آباد یاالٰہی یہ باد خزاں رہے

کلام الشعرا

مخطوطہ نمبر: ۲۶ ۴۷ داخلہ نمبر

فن: شاعری۔ کلام ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۸) تقطیع (۱۹ × ۱۰) سطر (۹) مکمل۔ کرم خوردہ بڑے بڑے حلقے پڑ گئے ہیں۔ کاغذ دیسی خط نستعلیق

مندرجات: اس میں مندرجہ ذیل شعرا کا انتخاب (اردو و فارسی) فہرست دی گئی ہے تخلص کو سرخی سے لکھا گیا ہے کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔

شاداں ۔ آرزو ۔ نظیر ۔ حسن ۔ عشق ۔ نالاں ۔ نیاز ۔ لاچار ۔ فریاد ۔ نصیر ۔ فرحان ۔ کرم ۔ صنم ۔ سودا ۔ حافظ ۔ صادق ۔ ناسخ ۔ شمس تبریز ۔

فرحان کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں بیاض میں ان کی کئی غزلیں ہیں ایک غزل پیش کی جاتی ہے۔

جو ر فرقت سے تیرے دو رو یہ چشم زلال آج
ماجرا یوں فرصت نالہ ندی زہہار آج
جب نظر بدلی کر کے کبلی سے میرا دل کہتا
پانی پانی ہو بہا لخت جگر یکبار آج

جلوہ فرما سوئے گلشن گر وہ دلبر ساتھ ہو
ابر رحمت قطرہ افشاں کیت ہو بیدار آج
جو ئے اشک آنکھوں سے جاری کیوں نہ ہو ہجور کے
سینہ و دل میں کیا سوراخ ہجر یار آج
جوش سے گل خوب کر کا دیکھ مرا زرق و برق
ہوں غریق ترس اے ذوق لتین ناچار آج
جائے اشک آنکھوں سے بہتا ہے لہو اے ہمدمو
چشم گریاں اس قدر ہے ہجر میں خونبار آج
جی میرا غواص بحر عشق میں مقصود کا
آشنا وتا بکف آوے دُر شہوار آج
جز علیؑ مرتضیٰ اب کون کر سکتا ہے یاں
کاظمی فرحان تیری مشکل کا بیڑا پار آج

بیاض کی ابتدا اور اختتام یہ ہے۔

ابتدا : اپنے دلبر کی خبر لینے کو آنا جاناں
ترے بن دیکھے میں رہتا ہوں دِوانا جاناں

اختتام : اب تجھے کہتا ہوں ہو صادق یہ نقش یاد حق
ورنہ پوچھیں گے کہ کھودیا اور کھوئیگا

کلام ایجاد

ایجاد - علی نقی خاں - مرزا

نقد علی خاں - (خطاب)

مخطوط نمبر: ۴۶۲۹ داخلہ نمبر -

فن شاعری . کلام

کیفیت و خصوصیت: اوراق (۱۱) تقطیع (۹×۱۳) سمر، سطر (۸) مکمل / ناقص الاول
کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب --- مقام --- سنہ تصنیف سنہ ھ
سنہ کتابت ۱۱۷۷ھ

مندرجات: اس میں حضرت علیؓ کی منقبت ہے

ابتدا: دیباچہ امامت و سر لوح باب علم
یعنی علیؑ وصی بلا فصل مصطفےٰ

اختتام: احباب اونو کے خرم و شاداں رہیں مدام
اعدا اونو کے خوب پریشاں رہیں سدا

ترقیمہ: تمت تمام شد - برائے خاں برخوردار زبلہ از روح وجان رضا علی
خاں طول عمرہ (مرشد) بتاریخ پانزدہم جمادی الاول ۱۱۷۷ھ

کتابی حوالے : کتب خانہ ہذا میں کلیات ایجاد نمبر ۱۵۲۲ (دیوان) محفوظ ہے ملاحظہ ہو
وضاحتی فہرست مخطوطات، جلد اول

نوٹ : ایجاد کے تمام قصیدے مدح اہلبیت میں ہیں اور ان کا دعوی بھی یہی
ہے کہ بجز مدح اہلبیت کے انھوں نے کسی اور کی مدح نہیں کی مدح گوئی
اور منقبت کے اس قدر دلدادہ تھے کہ انھیں کوئی نہ کوئی بہانہ اپنے شوق
کی تکمیل کا مل ہی جاتا تھا اگر قصائد کے معیار کے لحاظ سے ایجاد کو
دکن کا سودا کہا جائے تو مبالغہ نہیں کیونکہ ایجاد سے پہلے دکن میں
اس قسم کے قصائد عہد قطب شاہیہ میں لکھے گئے تھے مگر ان کی زبان
بہت قدیم یعنی دکنی تھی ایجاد کے کلیات سے پتہ چلتا ہے کہ انھوں نے
فارسی بہ نسبت اردو قصائد ہی زیادہ لکھے ہیں اور قصیدہ گوئی ہی ان کا مطمع
نظر معلوم ہوتا ہے اس بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم ایجاد کو عہد
آصف جاہی کا پہلا قصیدہ گو شاعر کہیں تو زیادہ موزوں ہوگا۔[1]

دیوان ایجاد کتب خانہ ہذا کی طرف سے ڈاکٹر عقیل ہاشمی نے ترتیب دیا ہے جواب
طبع ہوگیا ہے۔

۱۔ مرقع سخن جلد دوم ص۱۴۴، ص۱۴۵

کلام برہان

(درمدح مردیہہ حسن)

- برہان -

مخطوطہ نمبر :۔ ۷۳۶ داخلہ نمبر ۳۶۷۹

مضمون :۔ کلام - جدید -

کیفیت و } اوراق (۱۰۵) تقطیع (۱۵×۲۲) سمر، مسطر (۶) مکمل .
خصوصیات } کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) کرم خوردہ . ٹشو کیا گیا ہے .

کتابت :۔ کاتب . — مقام :۔ — سنہ تصنیف —

سنہ کتابت —

مندرجات :۔ اس بیاض میں ایک مناجات غوث اعظم دستگیرؒ ، دیگر حضرت علیؓ، حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے نام کی ہیں . اردو، فارسی اور عربی میں ہیں . اور مناقب ہیں . نام کے ساتھ باربار مردیہہ حسن آیا ہے .

ابتداء :۔ نبیؐ کو معجزہ ہے غوث اعظمؒ کو کرامت ہے
محمدؐ کو نبوت اور حضرت کو ولایت ہے
تصدق ان پہ جان و دل کروں عین سعادت ہے

مجھے دونوں جہاں میں آسرا ہے اور حمایت ہے
بہت مردِ یہ حسن پر غوث اعظمؒ کی عنایت ہے
تب اوسمیں یہ شجاعت یہ سخادت اور یہ ہمت ہے

اختتام :۔ نوازش ہا بکن ہر حال برہان از کرم بنگر
تو ہستی دستگیرؒ دیا درش یا قطب ربانیؒ

نوٹ :۔ برہان کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔ دکن میں اردو از نصیر الدین ہاشمی میں جو برہان کا ذکر ہے وہ یہ برہان نہیں ہیں۔

دربار آصفی میں "مردہ" ایک عہدہ ہوا کرتا تھا جس کے فرائض میں حکمران کی حفاظت اور حاضرین دربار کی ادب آموزی شامل تھی۔ چنانچہ محبوب چوک (چوک مرغاں) حیدرآباد دکن کے قریب مردہ حمید خاں کی دیوڑھی آج بھی موجود ہے۔

کلام واصف

مخطوطہ نمبر: ۴۶۶۲ داخلہ نمبر۔
مضمون: فن شاعری: کلام۔
کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۲) تقطیع (۱۷×۱۰) سمر سطر (۸) مکمل/کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)
کتابت: کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف ستہ
سنہ کتابت ستہ
مندرجات: اس میں واصف، سوز، طالب، ناصر علی، آگاہ کے منتخب اشعار ہیں
اس کے علاوہ دبیر کے مراثی وسلام بھی ہیں۔ چند قصیدے کے اشعار
ترجیع بند، مناجات، رباعیات اور ابیات بتر کے شامل ہیں۔
ابتدا: جسے نیک کردار عورت ملے
اسے دین و دنیا کی دولت ملے
اختتام: آپ کو دیکھ کر کہہ نہیں سکتا ہوں میں اب
کس طرح تشنگی سے ہوا ہوں نزار آج

کشکول

کشکول

مخطوطہ نمبر: ۳۸۵۲ داخلہ نمبر ۸۳ ۷۰-۴۲

فن شاعری: ا۔ کشکول ۔ جاریار

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۰۰) تقطیع (۲۱ × ۱۲) سم سطر (۱۰) ناقص الطرفین
کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق) مہر ۔ ایک محمد انورخاں

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف سنہ ۱۱۸۵ھ
سنہ کتابت سنہ

مندرجات: بیاض میں مندرجہ ذیل شعرا کے غزلیات اور منتخب شعر، مراثی، سلام، رباعیات، مخمسات وغیرہ شامل ہیں۔

غزلیات: آبرو ۔ سراج ۔ شاغل ۔ شہید ۔ شورش ۔ صالح ۔ ضیا ۔ طالع ۔ طاہر ۔ ظہوری ۔ عزیز ۔ عاصم ۔ عاصی ۔ فدا ۔ غیور فغاں ۔ فاضل ۔ فضلی ۔ فائق ۔ قائم ۔ قدرت ۔ قادر قدر ۔ قربان ۔ فخر ۔ مظہر جان جاناں ۔ موزوں ۔ معین ۔ مروت مرزا ۔ متین ۔ کمترین ۔ کلیم ۔ میراں ۔ میر تقی میر ۔ وزارت خاں

نثار - ممنون - محوی - مہربان - مہر - ممنون - میر - مرزا - محسن
مزمل - کافر - کمتر - گہن - گلشن - گلزار - شاہ قاسم
مہتاب - ناجی - ندرت - نامی - نیرنگ - ناصر - ولی - واحد - وفا
ہاشم - یکرنگ - یکرو - درویش - یقین - سوکلاں - سربجن - سودا
نالاں - درد - حاتم (انتخاب کلام دیوان) مظہر - غنی - بیدل -
فطرت - ناصر علی - صائب - جرأت - آصف جاہ - فرخ - نورجہاں بیگم - مخفی -
یقین - افصح - فتوت - شاداں - آثر - رنج - اماتی - ارشد - ارشاد -
ذوق - بیتاب - بیان - پاکباز - بینوا - بیکل - پروانہ - بیخود
بسمل - تجرد - تمکین - تاباں - ثاقب - عمدہ - عشاق

رباعیات: رضا - تاباں - درد - مناقب - علی رضا - شمس تبریز (فارسی) قصائد -
محبوب سبحانی - فیروز جنگ -
: مخمسات - ولی - ممتاز - ہدایت - عاجز - بیان - بیدل - صائب - اسیر
غیرت - غنی کشمیری - آزاد - سودا -
فردیات : ناصر علی حسین - رفعت - جہانگیر - نورجہاں بیگم
معجزہ نثر میں حضرت امام زین العابدین ہے -
قطعہ سوال میر تقی میر - جواب معین الملک ممتاز
کبت : پردیسی
واسوخت: سودا

مختلف شعرا کا منتخب، کلام حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا تھا لیکن بہت سے اوراق بے ترتیب ہو گئے ہیں۔ پہلے صفحہ میں تین مطلع ہیں تیسرے ورق پر ایک مہر محمد انور خاں ۱۱۸۵ھ کی ثبت ہے۔

ابتدا : فلک نے جب کیا رخصت مجھے سیر بیاباں کو
نکالا جائے مو سر سے میرے خار مغیلاں کو

اختتام : کیا اسکے بیاباں کو اس ابر کی پروا ہے
مصرعہ ثانی پڑھا نہیں جا سکا

بیاض میں عظیم کے مراثی اچھے خط میں ہیں اور سرخ روشنائی سے تخلص کو لکھا گیا ہے دوسرے شعرا کے کلام کی بہ نسبت عظیم کے مراثی زیادہ ہیں، عظیم کا نام تذکروں میں مرزا عظیم بیگ تھا ان کے بارے میں لکھا ہے کہ آبا و اجداد کابل سے آئے تھے قاسم نے (مجموعہ نغز حصہ دوم) صفحہ میں لکھتے ہیں کہ عظیم ظریف مزاج تھے جملہ اصناف سخن میں قدرت رکھتے تھے اور مرزا محمد رفیع سودا (متوفی ۱۱۹۵ھ) کے شاگرد تھے صاحب دیوان تھے مگر یہ دیوان بہت ہی مختصر تھا۔ بہت مغرور تھے کسی کو خاطر میں نہیں لاتے تھے اپنے آپ کو اردو کے مرزا صائب سمجھتے تھے ابتدا میں حاتم کے شاگرد تھے صاحب مجموعہ نغز کے ساتھ ان کے اچھے روابط تھے۔ قاسم نے ان کا اچھا خاصا انتخاب یعنی ۱۵۱ اشعار اور نو بند کا مخمس میر انشا اللہ انشا کی ہجو میں دیا ہے انھوں نے انتخاب میں عظیم کے یہ شعر بھی درج کئے ہیں۔ ؎

کیجیو عظیم کو بھی یارب غریق رحمت

آوارۂ جنون سا ایک صاحب سخن تھا
اور منی بند ایسا ہندی زبان کا صائب
ہندوستان سے لے کر مشہور تا دکن تھا

سعادت خاں ناصر نے خوش معرکہ زیبا میں عظیم تخلص کے تحت انہی کا ذکر ضمن میں کیا ہے وہ لکھتے ہیں شعر خوب کہتے تھے اکثر مشاعرے میں آتے اور صدر کی حیثیت سے بیٹھتے تھے بسبب غرور کے کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔

بقول محمود شیرانی قاسم نے "مجموعہ نغز" ۱۲۲۱ھ ہجری میں ختم کیا تھا اور نساخ سخن شعراء ص ۳۳۳ کے مطابق عظیم کا انتقال بھی ۱۲۲۱ھ میں ہی ہوا۔ ایک اور عظیم مرزا دبیر کے شاگرد تھے اور وہ زمانا بعد کے تھے ذیل میں عظیم (شاگرد حاتم و سودا) کے ایک مرثیے کے دو بند اور ایک مقطع دیے جاتے ہیں مرثیہ واقعی بہت ہی برا نہیں ہے غالباً انہی عظیم کا ہے عظیم کے متعدد مرثیے اور سلام بیاضوں میں ہیں۔

(۱) پڑا ہے ٹکڑے ہو اکبرؑ بھی نوجوان بھائی
جوانی پن میں جو گردن کو اپنی کٹوائی
یہ خوب چہرے کو اس کے نہ دیکھنے پائی
کٹے گی کس طرح صغراؑ کی ہائے تنہائی
پڑا ہے بھائی بھی چھوٹا گلے پہ کھا کر تیر
کے نام جس کا ہے اصغرؑ نہ پی کہ قطرہ شیر

(۲) حسنؑ کا پوت اسے بابا ہے خون میں غلطاں
تن اس کا چور ہو زخموں میں خاک پر عریاں

تڑپ رہا ہے اور بے سر ہے سر بر نوک سناں
کہاں تلک کروں خویشوں کا اپنے تم سے بیاں
بچھڑے بھائی میں اب کس کے تئیں پکاروں گی
لے نام ہر گھڑی اس کا میں سر کو ماروں گی

مقطع : خدا دیا ہے شہ تم کو شاہی کونین
محمد عربی کے تم ہی ہو نور العین

تمہارا باپ کیا فتح مکہ بدر و حنین
عظیم کمتر عاصی کی یا امام حسین
یہی مدام تمنا ہے مدح ہووے قبول
بحق احمد مرسل بحق زوجہ بتول

کشکول

مخطوطہ نمبر: ۳۵۲۴ داخلہ نمبر ۴۳۵۸۳

فن شاعری - کشکول - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰۹) تقطیع (۲۱×۱۱) سمر سطر (۱۰) مکمل / کاغذ (دیسی) خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب - سید فضل علی خاں بہادر - مقام - سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت ۱۳۱۷ھ

مندرجات: اس کشکول میں مندرجہ ذیل شعراء کا کلام ہے پہلے صفحہ پر مشق کی گئی ہے جس پر کاتب کا نام سید فضل علی خاں ہے اور ورق ۶۵ پر بھی "رقمہ سید فضل علی خاں" درج ہے ورق ۶ ب پر شیخ حسین اور ورق ۱۵ ب پر ۲۲ ربیع الاول ۱۳۱۷ھ درج ہے۔

غزلیات: ولی - قائم - یقین - سودا - مظہر جان جاناں - حاتم - محکم - آبرو - خسرو
بندہ - رقیب - شوکت - رحمان - عاجز - سراج - رحمن - افصح
حفیظ - ندی - حاجی - فریاد - جعفر زٹلی - حسامی - صادق - حافظ

مراثی : دبیرؔ (۱۰، ۵۸) بند ۔ نظیرؔ (۳۵) بند سکندرؔ (۱۱) بند ۔ حشمتؔ ۔ عاشقؔ۔

مخمسات : یوسفؔ ۔ سوداؔ ۔ واقعؔ ۔ شررؔ

رقعات : جعفر زٹلی ۔ جواب اٹلی برادر زٹلی ۔ آشنا زٹلی

مناجات : بو علی قلندر

سلام :۔ ۔کبتیں ۔ دوہرہ ۔ راگ ۔ راگنیاں ۔ چیتان ۔ سلام ۔ عاشق ۔ طنحرہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم ص۳۳) درختوں کے نام حروف ب سے شروع ہونے والے

(مرقوم ۲۰ ر شوال ۱۲۱۳ھ ورق ۶۵)

ابتدا : خانہ آدوروچمن ہیں آخرا سے صیاد ہم

اتنی فرصت دے کہ ہولیں گل سے ملک آزاد ہم

اختتام : مقبول ہو یہ مرثیہ بزم امامؑ میں

تاثیر بخش بہر نبیؐ اس کلام میں

کشکول

مخطوطہ نمبر۔ ۳۵۷۰ داخلہ نمبر۔ ۴۴۴۵۴

فن شاعری۔ کشکول (جدید)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶۶) تقطیع (۲۰×۱۶) سم سطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی) کسی رجسٹر کے کاغذات ہیں۔ خط (نستعلیق)، دستخط۔ غلام احمد رضا خاں بریلوی۔

کتابت: کاتب۔ مقام سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات: اس کشکول میں نعتیں، غزلیں از دلاور جلالی، انبیاء کے قصے، فضائل بسم اللہ، روایت یہودی۔ حکایات، درود شریف کی فضیلت۔ دستخط غلام احمد رضا خاں بریلوی اور مالک عزیز احمد اردلی صوبیدار۔ میجر صاحب بہادر وغیرہ شامل ہیں۔ املائی غلطیاں بہت ہیں۔

دلاور کے بارے میں تذکرے خاموش ہیں۔ کشکول میں زیادہ تر دلاور کی نعتیہ غزلیں ہیں۔ ایک غزل

دین کے محمدؐ سردار تم ہو .:. امت کے اپنی غمخوار تم ہو

تم پر خدا کا قرآن اترا .:. کیسے حبیبؐ غفار تم ہو

راہ عرب میں بدلی یہ ہمت ؛ مجبور تم ہو ناچار تم ہو
بولی شجاعت یوں شاہ دیں کی ؛ کافر کے حق میں تلوار تم ہو
ہجر ... نبیؐ میں بولے اطبا ؛ جینے سے اپنے بیزار تم ہو
ہے پار تم سے امت کا بیڑا ؛ بخشش کی ہو لی سرکار تم ہو

دارِ وفائے شہید پر دلآور
منصور بن کر سردار تم ہو

نوٹ :۔ مہاراجہ چندو لعل شاداں از ڈاکٹر ثمینہ شوکت ص ۱۵۲ تا ص ۱۵۳ میں دلآور کا ذکر ہے لیکن نام وغیرہ کے بارے میں معلومات نہیں ہیں۔

ابتدا : لکھ قلم پہلے حمد ربِّ زمن
دور ہوں جس سے دل کے رنج و محن

اختتام : بھیج اے رب میرے درود و سلام
برگزیدہ نبیؐ پہ اپنے مدام

کشکول

مخطوطہ نمبر: ۳۸۱۲ داخلہ نمبر: ۴۴۷۰۴

فن شاعری: کشکول - جدید -

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۱۵) تقطیع (۲۰ × ۱۵½) سمر، سطر (۶) نمس، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) -

کتابت: کاتب - محمد عبد القادر تمام -

سنہ تصنیف ـــــ

سنہ کتابت ۱۳۲۰ھ

مندرجات: اس کشکول میں مندرجہ ذیل اصناف سخن ہیں :

(۱) غزلیات : وفاؔ، غالبؔ، داغؔ، آصفؔ، گوہرؔ، نسیمؔ، اکبرؔ، امیرؔ، قادرؔ، ضیغمؔ -

(۲) قصائد : محبوبؔ، مضطرؔ، سخنؔ، دستگیرؔ (یوسف بر مخمس)

(۳) مناقب : غوث اعظم دستگیرؒ، سعدیؔ، حافظؔ - مخمس بر غزل امیر خسروؔ -

(۵) رباعیات : خطوط کے مسودے، چہل کاف، ٹھمری، کبت، نسخہ جات -

یادداشتیں - تاریخیں سنہ ۱۳۱۸ف، ۱۳۲۰ف، ۱۳۲۱ف، ۱۳۲۴ف، سنہ ۱۳۲۹ف، ساہوکار جیٹھ مل کے پاس بدست اعظم خاں - زیورات رہن کروانے کا پتہ چلتا ہے سنہ ۱۳۲۲ھ اور تدریسی اصول و ضوابط کے بارے میں انگلش شوز ۱۲ اپر سنہ ۱۳۱۵ف آخری صفحے میں یہ تحریر ہے: مدرسہ تعلیم المعلمین بلدہ سرکار عالی - عنایت کردہ

مولوی محمد ابراہیم قاضی تھرڈ لانسر۔

ابتداء : تو آرے پیارے میرے دلدار
آسانت ترسارے تو آرے
تیری بھویں چلے یا شمشیر تیری چتون چلے یا تیر
ہیں آنکھیں یا شرابے بربا ز چلے ہے بھرے دو پیالے

کشکول

مزاحیہ مضامین

مخطوطہ نمبر: ۳۵۵۷ داخلہ نمبر: ۴۴۴۱

فن شاعری: کشکول - جدید -

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۸) تقطیع (۱۹ × ۱۵) سمر، مسطر (۱۹) مکمل / ناقص کاغذ (دیسی / مشینی کی تیار کردہ بیاض ہے)، خط (نستعلیق)،

کتابت: کاتب۔ مقام سنہ تصنیف ــــ

سنہ کتابت، شعبان ۱۳۴۴ھ

مندرجات: اس کشکول میں طنزیہ کلام، مزاحیہ مضامین، اسپیشل ڈکشنری، لطیفے، زمانے کی کہانی (سوال و جواب نثر میں) ایک خط بنام مرزا عباس حسین صاحب دستخط، شعبان ۱۳۴۴ھ مناجات، فارسی کی تضمین، نظم۔ رشوت زمانے کی کہانی عمل قلت شامل ہیں۔

ابتداء: کریما بہ بخشائے بر حال ما
بہانے سے چندے کے لا روپیا

اختتام: کرسی پہ نہ بیٹھنے پائے کوئی رذیل
کوئی شریف سامنے اس کے کھڑا نہ ہو۔

کشکول

مخطوطہ نمبر : ۳۹۵۱ داخلہ نمبر ۴۴۹۲۲ ۴

فن شاعری : کشکول ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۴۵)، تقطیع (۱۱ × ۱۸) سم، مسطر (۶) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (شکستہ آمیز)

کتابت : کاتب ۔ — مقام ۔ — سنہ تصنیف — سنہ کتابت —

مندرجات : حمد ۔ نعت کے بعد قصائد ۔ ہرونیؒ (خواجہ عثمان ہرونیؒ)، ضیغم ۔ عبدالکریم حافظ ۔ غوث اعظم دستگیرؒ ۔ ایک غزل ۔ کچھ اشعار ۔ صادق ۔ مراثی ۔ درود شریف روایت اور متفرق چیدہ چیدہ اوراق یکجا مجلد کر دیئے گئے ہیں ۔ ایک پد سور داس ملہار جبتر کریم خاں رو کہر مرقوم عاصی ۸۷ سنہ ہے ۔

ابتداء : اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ ربنا ۔: (مصرعہ ثانی پڑھا نہیں جاسکا)

اختتام : حضرت کی قبر پر جاکر پڑھیں گے درود ہم ۔: (مصرعہ ثانی پڑھا نہیں جاسکا)

کشکول

مخطوطہ نمبر: ۳۴۷۵ داخلہ نمبر: ۴۳۵۶۶

فن شاعری: کشکول ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۸) تقطیع (۷ × ۱۲) سمر مسطر (۹) نامکمل، کاغذ (دیسی) خط (بدخط)، ہر ایک پڑھی نہیں جاسکتی ہے۔ سنہ ۱۱۳۰ھ ہمت سنگھ ۔

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۔۔
سنہ کتابت ۔۔

مندرجات: چند (فارسی) نامکمل مثنویات۔ کچھ مراثی (اردو) عشقیہ کے ابیات۔ کبت۔ تلسی داس۔ مناجات (فارسی) اور چیدہ چیدہ اوراق شامل ہیں جن کا پڑھنا دشوار ہے۔

ابتداء: میراب وہم کھلو رنخلند و باغباں (کذا)
انکہ باشد آبیاری خیاباں را زماں

اختتام: ہمت سلطانی مسلم مرد را
نیست کس را ذرہ چون وچرا

مجموعہ

مجموعہ اشعار

مخطوطہ نمبر ۱۷۸۲.   داخلہ نمبر ۳۷.۵۹

کیفیت و/ اوراق (۱۴) تقطیع ۲.۷ × ½۱۱ سمر، مسطر (۱۰) مکمل کرم خوردہ
خصوصیات/ کاغذ (دیسی)، خط (شکست آمیز)۔

مندرجات: اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل مشمولات ہیں۔

(۱) غزلیات: مخمسات۔ سراج۔ سید امام الدین علی دہلوی، شیرازی کامل۔
قائم۔ ناطق۔ شاہ قاسم۔

(۲) مناقب: کامل۔

(۳) رباعی: ناطق۔

(۴) مثنوی: نقلی (دکنی)۔

ورق (۱۴) ب پر کچھ تاریخیں ہیں جن کی تفصیلات یہ ہیں۔

(۱) رحلت سید حسین صاحب قدس سرہ
مادہ تاریخ "بسجود تمام دتر" وصال

۱۱۶۲ھ

(۲) تاریخ ارتحال قطب الدین قدس سرہ تین طریقوں سے لکھی گئی ہے۔

پہلی تاریخ کا مادہ تاریخ یہ ہے اظہار جواد و دائم است یقین

۱۱۲۱ ۵۵ ۱۱۷۶ھ

دوسری تاریخ کا مادہ تاریخ یہ ہے زیب خورشید تولد بود عمرش دال

۱۱۳۹ ۳۵

تیسری تاریخ کا مادہ تاریخ یہ ہے "زیبت خلد جلیل" آمدہ از بوصال

۱۱۷۴ھ

تاریخوں کے بعد ایک صفحہ خالی ہے اس کے دوسری طرف ایک رباعی اور تین فرد ہیں۔ اس طرح یہ مجموعہ ختم ہوتا ہے۔ اختتام کا شعر اسی کا ہے۔ مخطوطے میں سرخ روشنائی بھی کہیں کہیں استعمال کی گئی ہے۔

ورق ۵ ب میں کامل کی ایک نعت ہے جس کا مطلع یہ ہے ؎

ہے وردِ میرے ہاتھ میں تکبیر محمدؐ
محبوب میرے دل کو لگی ہے تصویر محمدؐ

اس میں ۵ شعر ہیں۔ اسی صفحہ میں دو رباعیاں بھی کامل کی ہیں۔ نعت اور ان دو رباعیوں کے ساتھ صفحہ کے بیچ یہ تاریخ درج ہے۔

"برائے خاطر گرامی میر کرشن خان صاحب ارقام نمودہ شد۔ فی تاریخ ۲۶ شعبان المعظم ۱۱۶۳ھ ہجری اندرون قلعہ ایچیکوٹہ در عمل نواب قوی دل خاں بہادر۔

اس مجموعہ میں سب سے پہلے سراج کے مخمس کے (۹) بند ہیں
ہلال ابرو کی شہرت جا بجا ہے۔ ولیکن ان دنوں میں کم نما ہے
مگر بیگانگی سین آشنا ہے۔ یہی مصرع شہید دل کا صدا ہے

تغافل یا قیامت یا بلا ہے

سراج کا یہ مخمس کلیات سراج مرتبہ پروفیسر عبدالقادر سروری میں بھی ص۲۰۷ میں درج ہے۔ لیکن جب دونوں (قلمی اور مطبوعہ) کا مقابلہ کیا گیا تو اختلاف پایا گیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرتب نے یہ نسخہ دیکھا ہی نہیں۔

ابتداء : ہلال ابرو کی شہرت جا بجا ہے
دلیکن ان دنوں میں کم نما ہے

اختتام : ما ومجنوں درس عشق از یک ادیب آموختیم
رد بصورت محو گشت دما بمعنی سوختیم

مجموعہ اشعار

اصغر - سوامی پرشاد

مخطوطہ نمبر: ۵۰۱ داخلہ نمبر: ۱۰۶۷۷

فن شاعری: مجموعہ اشعار (دواوین)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۳)، تقطیع (۱۶ × ۱۱) سمر، سطر (۹) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت: کاتب - سوامی پرشاد (بخط مصنف) سنہ تصنیف ۱۸۲۴ء

مندرجات: دیباچہ فارسی میں ہے۔ اس کے بعد فرد فارسی در بہرہ مطابق فرد فارسی۔ اشعار۔ غزلیات، ریختہ، مناجات، رباعیات، کبت۔ اکبت ہندی از پنت صاحب ڈنڈک۔ کبت فارسی ڈنڈک جواب کبت ہندی (از اصغر عرف سوامی وغیرہ) پہیلیاں۔ آخر میں راگ ملہار اور جھنجوٹی میں خیال کے چار بول ہیں۔ ایک غزل ریختہ (صفحہ ۲۰ کے آغاز میں لکھا ہے کہ "غزل ریختہ از اصغر بتاریخ ۲۹/ ذی قعدہ سنہ ۱۲۳۹ھ" درج ہے۔)

دیباچہ چونکہ مختصر اور مفید ہے اس لئے ذیل میں من وعن درج کیا جاتا ہے:

ہو الکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اشعار غزلیات وریختہ ورباعی وکبت فارسی وہندی وغیرہ دربلدہ فرخندہ بنیاد

حیدرآباد در محلہ حسینی شدہ در عہد زماں رو دلئے رستم دوراں قطب زماں عالم پناہ نواب سکندر جاہ بہادر دام اقبالہ و اجلالہ در زمانہ دیوان نواب والا جناب معلی القاب نواب منیر الملک بہادر مدظلہ العالی پیشکار ئے منصف زماں کوں دوراں مہاراجہ راجہ چندو لعل بہادر یکیہ (کذا) گذرانیدن جناب معدن قدر شناساں زباں منبع مخلقان دوراں آگاہ ضمیر تحقیقی واقف رمز عشق حقیقی، نواب مستطاب نواب محمد بدر الدین خاں بہادر امیر الدولہ میر ساماں دام اقبالہ بعضے اشعار بملاح طلب طبع زاد ابجد خواں لوحِ نادانی فقیر حقیر اصغر بنیاد سوامی پرشادہ لد راجہ رام متوفی حال بانی دولت آصفیہ قوم کائیت سکینہ بطریق یادگار انہ تاریخ بیست و چہارم شہر ذیقعدہ ۱۲۳۹ھ روز جمعہ ترقیم یافت۔

مخطوطے میں ذیل کے صفحات خالی ہیں۔ ان پر کوئی عبارت نہیں ہے۔

۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۵، ۳۸، ۳۹، ۴۳۔

ابتداء : دیباچہ مندرجہ بالا سے ہوتی ہے

اختتام : کر میئے کچھ تدبیر ... ہماری معاف کر و تقصیر

مجموعہ اشعار

مخطوطہ نمبر۔ ۲۵.م داخلہ نمبر —

فن شاعری: مجموعہ ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۱۰)، تقطیع (۲۴×۱۳) سم، مسطر (۸) ناقص کرم خوردہ کاغذ (دیسی) اوراق چیدہ چیدہ متفرق رنگ اور سائز کے ہیں۔ خط شکست آمیز، ہر ایک محمد انور خاں ۱۱۱۳ھ

مندرجات: اس میں غزلیات، مرثیے، ہر سیے، نوحے، مناقب، مناجات، مخمسات، رباعیات، دکنی نظمیں، پہیلیاں، منتخب اشعار، رسالہ، فال نامہ اور طغرا شامل ہے۔ شعراء کے نام مندرجہ ذیل ہیں

غزلیات۔ ناصر علی، قدسی، قزلباش، معظم، سودا، امیر خسرو۔

مراثی۔ دبیر (۳۷ بند)، خلیق، ممنون، جنید۔

نوحے۔ شوق، مونس، مضطر، کلب حسین نادر، عجز، شوکت

مناقب۔ ایجاد۔ غلام علی۔ موزوں۔

رباعیات۔ شمس تبریز، حافظ، نورجہاں، ناصر، رازی، قدسی، مشرب، غنیمت، شاعر، بیدل، افصح، طلسم، شوکت، قاسم، دیوانہ، اسیر، صائب،

منتخب اشعار ۔ سعدی، عاجز، سودا، جگن، بنال، حشمت، میر حسن، حاتم، فیض، فرح، نتوت ۔

چیستاں ۔ سراج، خسرو ۔

رسالہ منظوم ۔ مخدوم شاہ حسین ۔

فال نامہ در بیان ۔ آدمؑ، شیثؑ، ادریسؑ، ہودؑ، صالحؑ، ابراہیمؑ، لوطؑ، یعقوبؑ، یوسفؑ، ایوبؑ، شعیبؑ، موسیٰؑ، محمد مصطفیٰؐ، داؤدؑ، سلیمانؑ، ذکریاؑ، یحییٰؑ، الیاسؑ، عیسیٰؑ، یونسؑ، خضرؑ، نوحؑ، دانیالؑ، ہابیلؑ ۔

ابتداء : کس تشنہ لب کے غم سے کلیجہ کباب ہے
ہر دل کو مثل برق عجب اضطراب ہے

اختتام : خصوص بندہ کہ از خلق ہر گناہ ترم
ز مقبلانِ جہاں جملہ روسیاہ ترم

○

مجموعہ اشعار متفرق

بندہؔ

مخطوطہ نمبر: ۲۲۹۷ داخلہ نمبر: ۴۲۹۱۲

فن شاعری: مجموعہ ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۷)، تقطیع (۱۹×۱۴) سم، مسطر (۷) ناقص الاول کاغذ بدیسی آبی نشان ۔ خط نستعلیق ۔ رہراشاہ نکین کاظمی۔

مندرجات: پہلی غزل فارسی میں ہے اور ابتدا اس شعر سے ہوتی ہے ؎

جتہ الکہ بخودی نگرم لبکہ خفتش ایم
خود بینی و خود فہمی من رائے صواب است

گمان غالب ہے کہ اس سے قبل کے بھی اشعار ہوں گے جو مخطوطے میں نہیں ہیں۔ اس لئے کہ یہ ناقص الاول ہے۔ مقطع میں بندہ تخلص ہے ؎

من بندہؔ بے مثلم و دابستہ خویشم
زاں روکہ بمن خواجۂ من پاک جناب است

پہلے صفحے میں کاتب نے اپنے فن کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ پوری غزل خوش نویسی کا عمدہ نمونہ ہے۔ اس کے بعد کے صفحوں میں معمولی کتابت ہے۔

مخطوطے کی عمر کوئی تیس چالیس سال کی ہوگی۔ اس کی ابتداء میں اردو کے مشہور و معروف، شاعر محقق ناقد اور انشاء پرداز "سید تمکین کاظمی" کی مہر ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مخطوطہ ان کی ملک میں تھا۔

اس مختصر سے مجموعہ میں غزلوں کے کچھ اشعار بھی غیر معروف ہیں۔ علاوہ ان اشعار کے مثلث اور مخمس بھی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ بندہ کو فن موسیقی میں بھی دخل تھا۔ کچھ اشعار تال ٹھمری، راگ وغیرہ کے تحت بھی لکھے ہیں۔ چنانچہ مخطوطے کا خاتمہ بھی موسیقی کے اسی اصناف پر ہوتا ہے۔

ابتداء : ہائے ہم خواب میں آپ سے دوچار ہوئے
(اردو) آنکھ ہی کھل گئی اپنے میں گرفتار ہوئے

اختتام: جاری جاری گر بجے بیتم تو
تورے مورے کاہے کی بات چیت
من مانے کی یت کی ریت

نوٹ:۔ بندہ تخلص کا ذکر شفیق اورنگ آبادی نے چمنستان شعراء میں کیا ہے۔ خوش معرکہ زیبا میں ایک اور بندہ شاگرد مصحفی کا ترجمہ ملتا ہے۔ ان دونوں تذکروں سے معلوم ہوتا ہے کہ زیر نظر "بندہ" وہ نہیں ہے۔ جن کا ذکر انہوں نے کیا ہے۔ محبوب الزمن تذکرہ شعرائے دکن محمد عبدالجبار ملکاپوری نے لکھا ہے کہ میر محمد میر نام (اورنگ آبادی) بندہ تخلص۔ لچھمی نارائن صاحب کے دوستوں میں سے تھے۔ زبان ریختہ میں نہایت نزاکت اور لطافت سے کلام موزوں فرماتے تھے۔

مجموعہ اشعار تعویذات

مخطوطہ نمبر: ۴۶۵۱ داخلہ نمبر: —

فنِ شاعری: مجموعات۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۹۲) تقطیع (۱۲ × ۲۰) سمر سطر (۱۲) ناقص الاول کاغذ (دیسی)، خط (شکستہ آمیز) کرم خوردہ۔

کتابت: کاتب۔ مقام۔ سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت سنہ

مندرجات: مخطوطہ بہت قدیم اور شکستہ حالت میں ہے۔ خط بھی بہت شکست آمیز ہے۔ جس سے کوئی شعر بھی آسانی سے پڑھا نہیں جا سکتا ہے۔ اس میں اشعار کے علاوہ تعویذات وغیرہ اور متفرق اوراق شامل ہیں۔ ادبی لحاظ سے اس کی اہمیت کم ہے۔ لیکن جو اشعار کا انتخاب ہے اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ شعراء کے نام یہ ہے۔

سوداؔ۔ سراجؔ۔ مظہرؔ۔ عبدالوہابؔ۔ بیکلؔ۔ احمد یار خاںؔ۔ یارؔ۔ تاباںؔ۔ متجرؔ۔ کمترؔ اور آبرو وغیرہ۔

ابتداء: نہیں معلوم میری زیست کا انجام کیا ہوئیگا
یہی ہے فکر مجھکو اب ہر صبح ہر شام کیا ہوئیگا

اختتام:

مجموعہ تواریخ مہر

مہرؔ - وزیر الدین - محمد :

مخطوطہ نمبر : ۱۴۳۴ داخلہ نمبر : ۲۲۸۷۵

فن شاعری : مجموعہ تواریخ (ردادین)

کیفیت و خصوصیات : اوراق (۶۵)، تقطیع (۲۲ × ۱۸) سم، سطر (۱۸) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت : کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۳۲۸ھ

سنہ کتابت ۔

مندرجات : اس مجموعہ کی بہت اہمیت ہے پہلے یہ کہ یہ ابھی تک طبع نہیں ہوا ہے۔ دوسری اس سے دکن کے کچھ سیاسی اور سماجی حالات سامنے آتے ہیں۔ خود مصنف کے حالات زندگی پر بھی کافی روشنی پڑتی ہے۔ اس میں متعدد تاریخیں ہیں۔ بعض تاریخوں سے دلچسپ واقعات کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً ۱۳۰۲ھ میں "شہاب ثاقب" آسمان تا زمین مسلسل برس رہے تھے۔ (ورق ۳۵) شہر حیدرآباد میں ۱۳۱۹ھ میں ٹڈی دل کا حملہ ہوا تھا۔ آندھی، طوفان (ورق ۲۷) خطابات (ورق ۳۷) اور تاریخ جشن چہل سالہ کے طریقے بتائے گئے ہیں (ورق ۳۹) قابل ذکر ہیں۔

اس تاریخ میں ایک خاص بات یہ ہے کہ بعض تاریخیں ایسی ہیں جن کا املا اصول کے خلاف ہے۔ اس قسم کا املا تاریخ گوئی میں جائز قرار دیا گیا ہے اسکی ایک نمایاں مثال

میر حسن کی مثنوی میں ہے۔ اس کا سال تصنیف سنہ ۱۱۹۲ھ تب نکلتا ہے جب مادہ تاریخ یوں لکھا جائے "گلذار ارم" اصل میں لفظ "گلزار" ہے۔ اس سے تاریخ نہیں نکل سکتی تھی۔

۱۱۹۲ھ

کیونکہ "ز" کے عدد سات ہیں۔ انہوں نے "ذ" کا حرف استعمال کر کے اس سے سات سَو کے عدد نکلتے ہیں۔ جبھی تو تاریخ درست نکلتی ہے۔ اگر وہ "گلزار" کے (۲۵۸ اعداد) کا لفظ استعمال کرتے تو تاریخ درست نہیں نکلتی۔ زیر نظر مجموعہ کے ص ۲۴ میں مصنف نے حیدرآباد کے قحط عظیم کی تاریخ لکھی ہے اس قحط کا ذکر اودھ پنچ لکھنو (سنہ ۱۸۷۷ء) اور دکن پنچ (سنہ ۱۸۷۷ء) میں بھی ہے۔ یہ قحط سنہ ۱۸۷۷ء میں رونما ہوا تھا۔ یہ تاریخی واقعہ ہے۔ مصنف ہذا نے بھی اس قحط کی تاریخ کہی۔ عنوان اور تاریخ "قحط" کے بجائے "قہط" لکھا ہے۔ جس طرح میر حسن نے "ز" کے بدلے "ذ" استعمال کیا ہے اسی طرح مہر نے بھی "ح" کے بدلے "ہ" سے تاریخ نکالی ہے۔ ذیل میں من وعن عنوان اور تاریخ درج کی جاتی ہے۔

"تاریخ قہط سالے کہ در سنہ ۱۲۹۴ھ شدہ بود"

یا الٰہی ساری دنیا سے نرالا "قہط" ہے
مٹ گئی مخلوق فاقوں سے یہ کیسا "قہط" ہے
مہر لکھو سال تم باقی رہے کچھ یادگار
آتش دل سوز ہے یا قہر ہے یا "قہط" ہے

۱۲۹۴ھ (مطابق سنہ ۱۸۷۷ء)

ابتداء: تاریخ شادی نواب شمس الامراء امیر کبیر سر خورشید جاہ بہادر دام اقبالہٗ

عقد خورشید گفت از شہزادے
گردید بہ ہر قلب مسرّت حاصل
تاریخ گذارشں بنمودم اے مہر
نوشاہ نیّر عروس بدر کامل (١٢٥٥ھ)

اختتام : تاریخ انتقال حضرت بخاری شاہ صاحب قبلہ ساکن درگاہ ادچالہ شاہ صاحب قدس سرہ

از قطع سراجل شدہ سال
شد ور ہے خلد نیک انجام (١٣٢٨ھ)۔

کتابیاتی حوالے : دیوان مہر کے چار نسخے (نمبر ١٤٣٠ تا ١٤٣٣) کتب خانہ ہذا میں موجود ہیں (ملاحظہ ہو وضاحتی فہرست مخطوطات، جلد اول)

نوٹ :۔ دیوان مہر (محمد وزیر الدین مہر) کے چار دواوین اور ایک "مجموعہ تواریخ مہر" کو جناب نصیر الدین ہاشمی صاحب (مرحوم) نے فہرست مخطوطات اسٹیٹ سنٹرل لائبریری جلد اول ص٦٣ تا ص٦٤ میں ان دواوین اور مجموعہ کو "میر آفتاب علی خاں مہر" سے منسوب کیا ہے جبکہ صرف ایک دیوان نمبر ١٨٤١ میر آفتاب علی خاں مہر کا ہے۔ ان چار دواوین اور ایک مجموعہ کے مصنفین کے ناموں کی صراحت مخطوطوں میں موجود ہے۔ جو مندرجہ ذیل ہے۔

محمد وزیر الدین مہر
مخطوطہ نمبر (١٤٣٠) کے ص١٠١ میں مقطع یہ ہے۔

ہے بہت مضطر کن میاں اب وزیرالدین مہر :. اسکو بلوالو شہہ ہر دوسرا اجمیر میں

مخطوطہ نمبر (۱۴۳۱) کے ورق ۱۳۷ میں "تاریخ اوج پیما" کے نیچے
گذر انندہ صادق العقیدہ محمد وزیر الدین مہر (۱۲۷۵ھ)

مخطوطہ نمبر ۱۴۳۳ کے صفحہ ۳۳۴ میں بھی مندرجہ بالا عبارت ہے

مخطوطہ نمبر (۱۴۳۲) ورق (۲ ب) میں قطعہ یہ ہے

اے تاب تکمیں ناصر الدین احمد
اے عرش نشیں ناصر الدین احمد
محشر میں نہ ہو خجل وزیر الدین مہر
اے ناصر دین ناصر الدین احمد

مخطوطہ نمبر (۱۴۳۴) مجموعہ تواریخ ہذہ میں تیاری مکان کے قطعہ کا عنوان
یہ ہے۔

تاریخ تیاری مکان محمد وزیر الدین مصنف دیوان ہذا
صاحبزادہ میر آفتاب علی خاں مہر

مخطوطہ نمبر ۱۸۴۱ ص ۱ غزل ۱ میں یہ شعر ہے۔

برنوردہ کلاہے کہ صدقے ہے تاج زر
خاکہ ہے آفتاب علی کی کلاہ کا

مجموعہ سلام

دیوان سلام سراج

مخطوطہ نمبر ۲۵۷۵ داخلہ نمبر ۲۷۶۶۱

فن شاعری: مجموعہ سلام - جدید

کیفیت و خصوصیات } اوراق (۱۱۴)، تقطیع (۱۸ × ۱۵) سم، سطر (۱۱) ناقص الآخر، کاغذ (دیسی) آبی نشان (بوسیدہ کاغذ) ہے۔

مندرجات: ردیف وار سلام ہیں۔ سراج تخلص کو اکثر و بیشتر سرخی سے لکھا گیا ہے۔ اس میں (۱۰۱) سلام ہیں۔ آخری سلام نامکمل ہے جلد ساز کی لاپرواہی سے اوراق ایک دوسرے سے چپاں ہو گئے ہیں۔ اور جلد بندی میں الفاظ آ گئے ہیں۔ کھولنے پر کاغذ چور چور ہو جا رہا ہے۔

ابتداء: راہِ حق میں سر دیا رتبہ فراواں ہو گیا
بجری سبط نبیؐ شاہ شہیداں ہو گیا

اختتام: کیا حقیقت تیری لشکر کی بھی حملہ جو کروں
صاف اسوار پیادے سے یہ میداں ہوئے

نوٹ: دیوانِ سلام سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مصنف سراج بڑے پُرگو اور قادر الکلام شاعر تھے۔ سراج کا دیوان سلام ردیف وار ہے۔ اور اس کی بڑی اہمیت ہے۔ بہت کم شعراء ایسے ہیں۔ جنہوں نے ردیف دار سلاموں کا دیوان مرتب کیا

ہے۔ جہاں تک معلوم ہو سکا سب سے پہلے مرزا پناہ علی بیگ۔ تخلص افسردہؔ نے سلاموں کے دو دیوان مرتب کئے تھے۔ (۱) باب السلام ۔ (۲) دار السلام ۔ میر خلیقؔ ۔ میاں دلگیرؔ ۔ میر انیسؔ اور مرزا دبیرؔ نے بھی ردیف وار سلام کہے ہیں۔ ان کے سلاموں کے مجموعے شائع ہو چکے ہیں [1]

[1] اودھ میں مرثیے کا ارتقا :- پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری ۔

مجموعہ سلام فاخر

" (دیوان سلام فاخر)

فاخر لکھنوی ۔ اصغر حسین ۔ میر

مخطوطہ نمبر: ۲۸۴۵ داخلہ نمبر: ۲۷۹۳۱

فن شاعری: دیوانِ سلام ۔ جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶۸)، تقطیع (۲۵ × ۱۶) سم، سطر (۱۱) مکمل، کاغذ دیسی، خط نستعلیق، پہلا ورق منقش۔ تصویر ایک عدد ۔ جدول قرمزی ۔

کتابت: کاتب بقلم مصنف ۔ سن کتابت سنہ ۱۳۰۰ھ م سنہ ۱۸۸۳ء

مندرجات: اس مجموعۂ میں سلاموں کی تعداد (۸۴) ہے پہلے صفحے پر اسم تاریخی ختم ایں دیوانِ سلام "سیر غم" بحساب ابجد لکھا ہے۔ سر غم سے (۱۳۰۰) کے اعداد نکلتے ہیں۔ سلام ردیف دار ہیں اور ہر سلام کے اشعار کی تعداد درج کی گئی ہے۔ حاشیوں پر بھی سلام ہیں۔ کہیں کہیں تصحیح بھی کی گئی ہے۔ پہلے صفحے پر کسی نے پنسل سے "مجموعہ سلام از نواب میر اصغر حسین صاحب مرحوم تخلص بہ فاخر لکھنوی اردو" لکھا ہے۔ اس کے بعد پن سے سنہ ۱۳۰۰ھ بخط مصنف لکھا ہے۔ سلاموں کے اشعار موزوں اور درست ہیں۔ اور املا بھی صحیح ہے۔ ممکن ہے کہ مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہو ۔ پہلے صفحے کا کاغذ بیاض کے اوراق سے جداگانہ ہے۔

ورق ۱۵۵ کے حاشیے کے کونے میں مطلع سلام فرمائشی مرزا سلیمان قدر صاحب بہادر مورخہ ۱۸ ماہ محرم سنہ ۱۳۰۷ھ درج ہے (سلیمان قدر جان عالم واجد علی شاہ

بادشاہ اودھ کے بھائی تھے)۔ سر ورق کی پشت پر ابتداء میں کوئی ۳ × ۴ انچ میں منقش لوح ہے جس میں تین سپاہی نظر آتے ہیں۔ ایک بندوق بردار دوسرا پرچم بردار اور تیسرا بگل بردار۔ تینوں کے سر پر ایک شہسوار تیز رفتاری کے عالم میں اپنا گھوڑا دوڑا رہا ہے۔

ابتداء : صحرا میں روئے شاہ جو پرتو فگن ہوا
ذرہ ہر ایک کوکب چرخ کہن ہوا

اختتام : فاخرؔ کو کر بلائے معلیٰ دکھا دے پھر
بیتاب ہے زیارت شبیرؑ کے لئے

ترقیمہ : بتاریخ ختم دیوان درسن عیسوی مسمّٰی بہ "سرنم" کہ دور سال بہ سن ہجری پیدا است۔ ہم خم

بکا جو دیوان فاخر — ختم کردیم کنوں چند سلام افزودہ
گفت خرد این تاریخ — یوم یکشنبہ ذوالقعدہ و بستم بودہ
سنہ ۱۸۸۳ء

نوٹ : فاخرؔ لکھنو کے مشہور نوابوں میں تھے۔ ان کے خاندان کے چشم و چراغ لکھنو کے مشہور وکیل نواب افسر حسین افسرؔ تھے جن کا انتقال حال ہی میں لکھنؤ میں ہوا۔ فاخرؔ لکھنو کے مشہور شعراء میں شمار کئے جاتے ہیں۔ [1] غزلوں کے علاوہ وہ مرثیے، نوحے اور سلام بھی کہے تھے۔ ایک سلام کے آخر میں کہتے ہیں ؎

فاخرؔ کیا جو فضل خدا سے نیا کیا۔۔ نوحہ ہوا سلام ہوا مرثیہ ہوا

[1] بقول پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری۔

مجموعہ کلام عاجز و بلاقی

مخطوطہ نمبر: ۴۷۴۷ داخلہ نمبر: —

فن شاعری: مجموعہ کلام - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸) تقطیع (۲۰×۱۴) سمر، سطر (۹) ناکمل، کاغذ دیسی، خط (خراب) -

کتابت: کاتب - مقام -

سنہ تصنیف —
سنہ کتابت —

مندرجات: اس میں عاجز، بلاقی اور محمود کا کلام شامل ہے۔ دکنی، عربی اور فارسی میں مناجات بھی ہیں۔ پورا مخطوطہ انتہائی خوشخطی میں تحریر ہے۔ ابتداء میں "مسجد کی تعریف" میں کچھ اشعار ہیں۔ اس کے بعد ابتداء اس شعر سے ہوتی ہے۔

ابتداء: کرد مصطفٰے کوں اُمت سب سوال
قیامت کے دن میں تو راہما سنبھال

اختتام: کہے شیخ محمود سن اے دا مکل
قیامت کو پہنچیں گے دونوں کوں مل

مجموعہ مثنویات و قصائد

مخطوطہ نمبر۔ ۵۴۸ داخلہ نمبر ٢٩٩٤٢

فن شاعری: مجموعہ ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (٩۴)، تقطیع (١٩ × ١۵) سم، سطر (١٣) ناقص الآخر۔ کاغذ ۔ دیسی، خط ۔ نستعلیق ۔

مندرجات: اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل مشمولات ہیں:

(١) مثنوی قائم (١ تا ١٧) اوراق۔ مثنوی عشقیہ قصۂ درویش کہ در پنجاب بود۔ پہلا مصرعہ یہ ہے ؎ الٰہی شعلہ زن کر آتش دل۔ (٣۵٩ اشعار ہیں)۔ شوق رامپوری صفحہ ٢٠٦ اور کمالؔ نے مجمع الانتخاب ورق ۵٩٣ الف سے ٦٠۵ ب تک اس کا انتخاب قائمؔ کے نام دیا ہے۔ ڈاکٹر اسپرنگر نے بھی اسے اودھ کیٹلاگ میں قائمؔ کی مثنوی تسلیم کیا ہے۔ زیر نظر مخطوطہ کی مثنوی بھی اس بات کی گواہی دیتی ہے۔

مطبوعہ کلیات سوداؔ میں یہ مثنوی مرتبین نے غلطی سے سوداؔ کی طرف منسوب کی ہے۔ اصل میں یہ قائمؔ ہی کی ہے لہ تحقیقاتِ حیدری (اکبر حیدری کاشمری)۔

(ا) اس مجموعہ میں مثنوی قائمؔ کے ٣۵٦ اشعار ہیں۔ پہلے صفحے کی پشت میں ایک سطر چھوڑ دی گئی ہے۔ اور دوسرے صفحے میں دو سطریں چھوڑی گئی ہیں۔ اس طرح سے تین اشعار کم ہیں۔

(۲) مثنوی میر (۱۷ تا ۲۹) اوراق (مثنوی دریائے عشق) اس میں ۲۶۳ (اشعار ہیں)۔ اس مثنوی کو پروفیسر اکبر حیدری نے مرتب کیا ہے اور نقوش لاہور خاص نمبر ۱۹۸۷ء میں شائع ہوئی ہے۔

(۳) قصائد سودا۔ منقبت حضرت علیؑ۔ ۱۲۷۵ھ دیگر۔

(۴) ہجویات۔ سودا۔ ہجو مولوی ساجد۔ در ہجو شخصے کہ متعصب بود۔ تضحیک روزگار۔

(۵) مخمسات سودا۔ ۸ عدد (ایک مخمس ہجو شیخ جی کی ہے)

(۶) واسوخت سودا۔ (۲۲) بند ہیں۔ جرأت (۵۶) بند ہیں۔ (۱۲۷۸ء)

(۷) چند غزلیات۔ ناسخ۔ ظفر۔ عزلت۔ یقین۔ سودا۔ شاہ قائم۔ نظیر۔

ابتداء : الٰہی شعلہ زن کر آتش دل
تپ دل دے بقدر خواہش دل (مثنوی قائم)

(مقطع یہ ہے) بس اب قائم خموشی پیشہ کر تو
سخن کے طول سے اندیشہ کر تو
مبادا ہووے دل کو ملالت
کہ اس حسن تکلم پر طوالت

اختتام : یہ دل کب عشق کے قابل رہا ہے
ہمیں اب کان دماغ اور دل رہا ہے
خدا کے واسطے اس کو نہ ٹوکو
جہاں میں ایک وہ قاتل رہا ہے

مجموعہ مراثی

مخطوطہ نمبر: ۳۹۰۶ داخلہ نمبر: ۴۴۸۲۷

فن شاعری: مراثی - جدید -

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۳)۔ تقطیع (۲۲×۱۳) سمر سطر (۱۲) خط شکستہ آمیز نستعلیق ناقص الآخر۔ کرم خوردہ ٹشو کیا گیا۔

مندرجات: اس میں زیادہ تر فارسی مراثی و مناقب کے علاوہ ایک مرثیہ مرزا دبیر کا بھی ہے۔ جس میں (۵۹) بند ہیں۔ مرثیہ کے آخر میں ترقیمہ کے الفاظ یہ ہیں۔

" بپاس خاطر مجاور حسین نوشتہ شد المرقوم روز جمعہ ششم ماہ محرم الحرام ۱۲ سنہ ہجری نبوی" مرثیہ " دفتر ماتم" میں شائع ہوا ہے لیکن " دفتر ماتم" کی سب ہی جلدیں نایاب ہیں۔ مرثیہ کا مطلع یہ ہے:

اے شمع قلم انجمن افروز رقم ہو
ہر بزم مخالف کے لئے صاعقہ دم ہو
اے تیغ زباں نظم کے میدان میں علم ہو
اسطرح علم ہو کہ سر کفر قلم ہو
اے طبع رسا نادِ علی پڑھ کے سنبھل جا
(کرم خوردہ) .... دشمن کو نگل جا

مرزا دبیر نے اس مرثیہ کا نام "مظہر حق" رکھا ہے۔ "مظہر حق" تاریخی نام ہے اس سے سنہ ۱۲۵۳ھ نکلتے ہیں۔ بہر حال مقطع یہ ہے:

روک اب قلم میں فکرِ دبیرؔ اب نہ کر ارقام
ہر طرح دیا سب نے مجھے نافہم کو الزام
اس مرثیہ کا "مظہرِ حق" میں نے رکھا نام
اس نام سے تاریخ نے بھی پایا سرانجام

— — — — — — —

— — — — — — —

ٹیپ پڑھی نہیں جاسکی

اس مجموعہ میں کچھ مخمس بھی ہیں۔ لیکن شاعر کا نام یا تخلص درج نہیں ہے ایک مخمس کا پہلا بند یہ ہے۔

آج شبیرؑ خدا کا میلا ہے
نائب مصطفےٰ کا میلا ہے
وہ شہؑ ھل اتیٰ کا میلا ہے
والیؑ دوسرا کا میلا ہے
یعنی مشکل کشا کا میلا ہے

اس مجموعہ میں یکرنگ کا ایک مستزاد ہے۔ یکرنگ کا نام مصطفیٰ خاں اور ان کے مرثیے کے تین شعر میر تقی میرؔ نے اپنے تذکرہ "نکات الشعرا" میں دیئے ہیں۔ یکرنگ کا کلام مثلِ عنقا ہے۔ اس مجموعہ میں ان کا کلام بھی موجود ہے ذیل میں مطلع اور مقطع ہے۔

مطلع : اے اہل نظر دیکھ میری لوحِ جبیں پر ۔ ہے نقش معظم
یہ خط جلی ہے زیدِ قدرتِ داور ۔ بر چہرہ آدم

مقطع : بازارِ قیامت میں عاصی یکر تگ ۔ در سلک غلاماں
نعلین کے سائے میں رہے خرم و خوشتر ۔ بے رحمت و بے غم

اس کے نیچے مناجاتِ بوعلی قلندر ہے ۔

مخطوطہ غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے ۔ کیونکہ اس میں ورق نمبر ۲۴ الف) میں شاہجہاں کے ایک فرمان کی نقل ہے جو انہوں نے اپنے دستخط خاص سے اورنگ زیب عالمگیر نے نام لکھا تھا ۔ عنوان یہ ہے ۔

" شقہ شاہجہاں از دستخط خاص بعالم گیر نوشتہ بود "

فرمان کی اس نقل کا ترقیمہ اس طرح درج ہے

" بتاریخ بستم ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۰۰ھ روز شنبہ بوقت قریب دو پہر در حویلی عضد الدولہ " ..

فرمان کے بائیں طرف اردو کا یہ شعر بھی ہے ۔

پردہ کون یقین کے در دلبر سے اٹھا دے

کھلتا ہے ابھی پل میں طلسمات جہاں کا

اس کے نیچے " سنہ ۱۲۰۸ھ ۱۱ ربیع الاول روز پنجشنبہ " لکھا گیا ہے ۔

فرمان اس طرح بیت سے شروع ہوتا ہے

من چرا گریہ کم از مددِ سستی بخت

بے رضائے تو یکے برگ نہ جنبد ز درخت

با مائے من بہا درمق

دیروز صاحب چند تک سوار بودم وامروز بیک آبدار

محتاجم بر معاملے فلکِ غدّار مغرور مباش کہ عالم فانی است

با حق بودن سعادتِ دو جہانی

آخر بن بر ہنود ور ہر باب مردہ رامید بند دائم آب

اے پسر تو عجب مسلمانے ..... عذاب ترسانی
سرم خوردہ

ورق ۲۸ ب میں اکبر اعظم کی کبت بھی ہے۔ عنوان یہ ہے

"کبت از اکبر" "جواب از بیر بر" یہاں پر صرف ایک ایک شعر دیا جا رہا ہے

(اکبر) انجرا جو کلول کرے کچھ سوں ہنوں نہ ہوا نجرا

آپ گرادیں ہودیں بڑا پھل ہے پھل ہمارے سوں

(بیربر) لوال کے یہاں گئے نند لعل کے ہات کے تین میرے گیند کی چوری کرے ہے

تیرے سوں ہو موہن میں نہیں جانت گیند۔ چورا و ٹھاری میری ہے

اسی صفحے میں کبت فرمودہ شاہ ابوالحسن صاحب مرحوم" ہے۔ اس کے بعد ورق ۲۹ تا ۳۰ الف تک کچھ دعائیں اور تعویذات بھی ہیں۔ ورق ۳۰ ب کی دعا کے خاتمے پر ذیل کا ترقیمہ درج ہے۔ "بتاریخ سلخ جمادی الثانی ۱۲۰۷ھ روز سہ شنبہ بوقت عصر صورتِ ترقیم یافت"۔

ورق ۳۱ ب کے آغاز میں ایک فرد ہے وہ یہ ہے

دلم از شادمانی گشت خنداں

مسرت بر مسرت شد دو چنداں

اس بیت کے بعد بھی " ۲۹ رجمادی الاول ۱۲۲۸ھ " کی تاریخ درج ہے۔
بائیں طرف ایک تاریخی یادداشت ہے۔
"پیشگاہ حضور انور جہت ادر دن حضرت معین الدولہ نواب ہمایوں جاہ

بہادر سید عمر خاں بہادر در قلعہ بیدر بوجلوس سواری مبارک رواں شدن انشاء اللہ تعالیٰ۔
فتح فیروز ۔ رونق افروز ۔ در بلدہ حیدر آباد میشود ۔
رباعی : بیادت جانم تا کسی ہستم
الٰہی روز و شب دل شاد باشی
دعا گوئے توام ہر جا کہ ہستم
ز غمہائے جہاں آزاد باشی
ورق ۳۲ ب میں ایک مناجات ہے۔ شاعر نے اپنا تخلص نہیں دیا ہے۔ اس
کے بعد ترقیمہ ہے۔ وہ یہ ہے۔
" بتاریخ شہر ربیع الاول ۱۲۱۰ھ روز آدینہ بوقت یک پاس
روز برآمد بود صورت ارقام یافت۔"
اور پھر ایک فرد ہے اس کے نیچے یہ عبارت ہے۔
" امام قلی عرف خاں عالم خاں بہادر موتمن الدولہ "
آخر میں صـ ۳۳ الف میں ذیل کی رباعی درج ہے۔
در خورد خواب میگذرد کار وبار ما
کارے نہ میکنم کہ آید بکار ما

بازنیم اشک حسرت دکاریم تخم غم
تا عاقبت چہ بر دہد ایں کشتہ بارہا

مخطوطے کے آغاز میں چند اشعار ہیں۔
ابتدا اس شعر سے ہوتی ہے۔

ابتداء : جما کر جب دھڑی مسی کی گل پان کھاتی ہے
تصدق شام ہوتی ہے سحر قربان جاتی ہے

اختتام : ص۳۳ کی رباعی ہے۔

مجموعہ مراثی

مخطوطہ نمبر: ۲۰۲۰ داخلہ نمبر: ۳۹۷۲۶

فن شاعری: مراثی - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۵۸)، تقطیع (۲۹ × ۱۷) سمر، سطر (۲۰) مکمل کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) -

کاتب - سکندر علی ذاکر۔ مقام۔

سنہ تصنیف سنہ

سنہ کتابت ۱۸۷۵ء

مندرجات: اس میں مختلف مرثیہ گویوں کے (۶۸) مراثی ہیں۔ بعض مرثیوں کے آخر میں شاعر کا تخلص درج نہیں ہے۔ اس مجموعہ میں کچھ ایسے مرثیے ہیں جن کا اسلوب بڑا شاندار ہے۔ ان میں نادر تشبیہات اور عمدہ استعارات کا بھرپور اور موزوں استعمال کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر ادراکؔ، ذہینؔ، نیرؔ اور حبیبؔ وغیرہ ہیں۔ نیرؔ (فرخ آبادی) اور حبیب کے مرثیے پہلی مرتبہ اس مجموعہ میں نظر آرہے ہیں۔ ہماری نظر سے ادراکؔ کا مجموعہ مراثی نہیں گذرا۔ ان کے حالات زندگی بھی معلوم نہیں ہوتے

ہیں۔ مرثیے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قادر الکلام شاعر تھے۔ مجموعہ کی ابتدا ادراک کے مرثیے سے ہی ہوتی ہے۔ اس کے کچھ بند تلف ہوگئے ہیں۔ لہٰذا ہم ابتدا مجموعہ کے دوسرے مرثیے سے کرتے ہیں جو ادراک کا کہا ہوا ہے۔ مجموعے کے تمام مرثیوں کا کاتب ایک ہی ہے۔ جن کا نام سکندر علی ذاکر ہے۔ ہر مرثیہ کے آخر میں ذاکر نے تفصیلی ترقیمہ دیا ہے (یعنی دن، تاریخ، ماہ، ہجری، فصلی، عیسوی۔ وقت، محلہ، وغیرہ وغیرہ)۔ لیکن سنین کے اعتبار سے دیکھا جائے تو مجموعہ کی ترتیب درست نہیں ہے۔ یا جلد سازی میں ترتیب بگڑ گئی ہوگی۔ بہر کف یہ مجموعہ ۱۸۷۲ء سے ۱۸۷۵ء کے زمانے میں لکھا گیا ہے۔

ہر مرثیے کی ابتداء میں شبیہ کربلائے معلّا بنائی گئی ہے۔ بعض مرثیوں کی ابتداء میں "مقابلہ نمودہ شد" لکھا گیا ہے۔ خاتمہ نیّر کے مرثیے پر ہوتا ہے اور ان کا نام پہلی دفعہ سننے میں آیا ہے۔ اس لیئے ذیل میں مطلع اور مقطع پیش کیا جا رہا ہے۔

مطلع نیّر یہ ہے:

جب اصغرِ معصوم گئے باغ ارم کو
تب شمر نے ترغیب یہ دی فوجِ ستم کو
اب جنگ کا یارا نہیں سلطانِ اُمم کو
اغلب ہے کہ خود کاٹ کے سر بھیج دیں ہم کو
بارِ غم میں عباس سے خم شہؑ کی کمر ہے
اکبرؑ ہے نہ اصغرؑ ہے نہ دل ہے نہ جگر ہے

مقطع یہ ہے: سر پیٹ کے زینب تو پکاری با دلِ مضطر
یہاں حلقِ شہؑ تشنہ پہ بس چل گیا خنجر

ناموں سے بیمبر یں بپا ہو گیا محشر
نیّر یہ دعا مانگ خدا سے سرِ منبر
بینائی کامل میری آنکھوں کو عطا کر
اِن آنسوؤں کو نورِ بصارت سے جِلا کر

مقطع سے الیامعلوم ہوتا ہے کہ نیّر اپنی بینائی کھو چکے تھے۔

مراثی کی تفصیلات یہ ہیں:

تخلص شعراء	تعداد مراثی
(۱) ادارک	۲
(۲) اُنس، اِنس	۵
(۳) انیس	۲
(۴) باقر علی (حکیم)	۱
(۵) حبیب	۱
(۶) خلیق	۳
(۷) نامعلوم	۱۳
(۸) دبیر	۲۷
(۹) ذہین	۱۰
(۱۰) مشیر	۲
(۱۱) نفیس	۱
(۱۲) نیّر	۱
جملہ	۶۸

ابتداء : (ادراک ہے) بلقیس سخن مسند شاہانہ بچھا دے
سلمائے خرد گردنِ تسلیم جھکا دے
لیلائے زباں حسن فصاحت کو دکھا دے
سارائے بیاں آئینہ غم کو جلا دے
عصیاں کے عالم میں کدورت نظر آئے
آنکھوں سے غم درد کی صورت نظر آئے

اختتام : نیر کا مقطع ہے۔
ترقیمہ : بقلم سکندر علی ذاکر صاحب سید الشہدا علیہ السلام ساکن قصبۂ اندراول ضلع بلند شہر مورخہ ۱۶ ڈسمبر ۱۸۷۲ء بوقت دوپہر مطابق بستم ذیقعدہ ۱۲۸۲ف تمام یافت ۔۔

مطبوعہ : تلاشِ دبیر۔ مرزا کاظم علی خاں، نوادر دبیر، سید مرتضیٰ حسین فاضل، شاعر اعظم مرزا سلامت علی دبیر، اکبر حیدری کاشمیری، مراثی دبیر، اکبر حیدری کاشمیری اترپردیش اردو اکادمی لکھنو۔ تحقیقی نوادر۔ اکبر حیدری کاشمیری۔ اودھ میں اردو مرثیے کا ارتقاء۔ اکبر حیدری کاشمیری۔ انیس کی مرثیہ نگاری۔ جعفر علی خاں اثر لکھنوی۔ حیات انیس۔ مولانا امجد علی اشہری مطبع آگرہ اخبار۔ حیات دبیر۔ سید افضل حسین ثابت لکھنوی۔ مطبع سیوک اسٹیم پریس لاہور۔ دبستان دبیر۔ ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی۔ موازنہ انیس و دبیر۔ مولانا شبلی۔ مراثی انیس مطبوعہ نظامی پریس بدایوں جلد اول تا جلد سوم ۔

شاہکار انیس۔ مراثی دبیر جلد اول دوم مطبوعہ نولکشور مراثی دلگیر۔ جلد اول تا ششم۔ نولکشور مراثی مونس جلد اول تا جلد سوم۔ مراثی نفیس جلد اول جلد دوم۔ یادگار انیس۔ امیر احمد علوی۔

دیگر نسخے: دیوان خلیق۔ مجموعہ سلام۔ کتب خانہ راجہ صاحب محمود آباد۔ مراثی انیس۔ دبیر۔ دلگیر۔ سکندر۔ میر ضمیر۔ فصیح۔ مونس۔ نفیس کتب خانہ راجہ محمود آباد۔ میر ضمیر۔ فصیح۔ خلیق۔۔ کتب خانہ سید مسعود حسن رضوی۔

مجموعہ مراثی

مخطوطہ نمبر: ۳۸۳۳ داخلہ نمبر: ۴۴۷۲۶

فن شاعری: مراثی جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۲)، تقطیع (۲۰×۱۶) سمر، سطر (۶) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت: کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف سنہ — سنہ کتابت سنہ —

مندرجات: اس میں مشیر کا ایک مرثیہ مسدس (۲۷) بند کا شامل ہے۔

ابتداء:

دم بھرتے ہیں مسیح ولائے حسینؑ کا
جبریل خطبہ خواں ہے ثنائے حسینؑ کا
رضوان دارباں ہے سرائے حسینؑ کا
شہرہ بھی دو جہاں میں عطائے حسینؑ کا
جز یک بنی اُمیہ کسی سے گلا نہیں
ہے کون بندہ جس کے یہ مشکل کشا نہیں

اختتام: زینب کے اس بیاں ہلی فاط (مخطوطہ کا کاغذ پھٹ گیا ہے اس پر دوسرا کاغذ چسپاں کیا گیا ہے۔ قرین قیاس ہے کہ مصرعہ یوں ہوگا)

زینب کے اس بیاں سے ہلی فاطمہؑ کی گور
روتے لگے سب اہلِ مدینہ مچا کے شور
بس اے مشیرؔ بس نہیں مجھ میں تُکا کا زور
کر عرض شہؑ سے تو ہے سلیماں بھی اور مور
ضائع نہ ہونے پائے امانت ہے آپ کی
میری بھی آبرو دیں ضمانت ہے آپ کی

ترقیمہ: المرقوم ۵ شہر جمادی الاول ۱۳۱۴ھ

کتابیاتی حوالے: مشیرؔ کے مرثیے کئی بیاضوں میں ہیں۔

نوٹ: مشیرؔ لکھنؤ کے مشہور باکمال قادر الکلام شاعر تھے۔ دبیرؔ کے شاگرد تھے۔ دبیرؔ کی مناسبت سے اپنا تخلص مشیر اختیار کیا۔ مشیر نے غزلیں، مخمس، مرثیوں وغیرہ کے علاوہ مرثیہ گوئی کے فن میں بھی ماہر تھے۔ مشیرؔ کا مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام نادر و نایاب ہے۔ بہت ممکن ہے کہ یہ مرثیہ غیر مطبوعہ ہو۔

مجموعہ واسوخت

مخطوطہ نمبر: ۶۹۴ داخلہ نمبر: ۶۷۳۹

فنِ شاعری: واسوخت۔ (شاملات از دیوانِ سوز)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۰۷)، تقطیع (۲۰ × ۱۴) سمر، سطر (۱۴) مکمل، کاغذ دیسی ہلکے ہرے رنگ کا ہے)، خط۔ نستعلیق، سنہ کتابت ۱۲۷۲ھ۔

مندرجات: مجموعہ میں حسبِ ذیل شعراء کے واسوخت شامل ہیں۔

آبادی۔ جرأت، قیصر۔ شوقؔ (شاگرد مصحفیؔ)۔ فراقؔ۔ لادریؔ۔ جولاںؔ۔ سحرؔ (شاگرد ناسخؔ) شیداؔ۔ برقؔ۔ رقتؔ۔ مجرمؔ۔ ذکیؔ۔ شوقؔ لکھنوی (مصنف زہرِ عشق)۔ ہلالؔ۔ ابن مرزا حاجی۔

لادریؔ کی غزلیات کئی بیاضوں میں ہیں۔ اس مجموعہ میں ایک واسوخت ہے جو مسدس کے فارم میں ہے اور اسکے ۳۳ بند ہیں۔ ذیل میں پہلا اور آخری بند پیش کیا جاتا ہے۔

پہلا بند:

اب تو کچھ نام خدا طرز نیا سیکھے ہو
جان جاناں کس سے یہ انداز دادا سیکھے ہو
ہم سے یوں ترکِ وفا کرکے جفا سیکھے ہو
دو جواب اس کا ہمیں بات یہ کیا سیکھے ہو

چار دن صحبت اغیار میں کیا بیٹھے تم
آشنائی سے ہاتھ میرے اٹھا بیٹھے تم


آخری بند:
غیر سے آپ کی شیریں سخنی ہے اب تو
دل پہ اس غم سے میرے آن بنی ہے اب تو
کرتا برباد مجھے چرخ دنی ہے اب تو
بخدا ایسی دل میں ٹھنی ہے اب تو
میروم از درِ تو باز بتو رو نہ کنم
گر درت قبلہ شود سجدہ بہ آں سو نہ کنم

مجموعہ کی ابتداء، اختتام اور ترقیمہ یہ ہے:

ابتداء:
بیشتر حسن سے یوں آپ خبردار نہ تھے
فتنہ پرداز نہ تھے یار دل آزار نہ تھے
آشنا ناز و ادا سے کبھی زنہار نہ تھے
ہم ہی صحبت میں رہا کرتے تھے اغیار نہ تھے

اختتام:
پھر وہی تم ہو وہی ہم ہیں وہی باتیں ہیں
ویسی ہی صحبتیں ویسی ہی ملاقاتیں ہیں
خود وفادار رہو رکھو وفادار سے کام
تھی جو آغاز کی بات اس کا نیا ہو انجام
اس سخن پر یہ غرض عشق کا دفتر ہے تمام
قول پر اپنے اگر تم کو ہے منظور قیام

ترقیمہ: واسوخت ہائے مجموعہ تمام شد بتاریخ بیست و یکم صفر المظفر ۱۲۷۳ھ ہجری نبوی



مخمسات

مخمس بہ ہجو منیر الملک و افیون نامہ

مخطوطہ نمبر: ۱۴۱۵ داخلہ نمبر: ۳۳۵۷۳

فن شاعری: مسدس۔ (جدید)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۹)، تقطیع (۲۷ × ۱۷) سمر، سطر (۱۰)، ناقص الاول، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت: کاتب۔ میر رفیع الدین۔ سنہ کتابت ۱۳۱۹ھ

مندرجات: ایک مخمس بہ ہجو منیر الملک ہے جس کے (۶۷) بند ہیں۔ شاعر کا نام درج نہیں ہے۔ منیر الملک اور دوسرے امراء یعنے معین الملک۔ قطب الملک۔ نظام یار جنگ۔ فیروز جنگ۔ اور بندہ علی خاں وغیرہ وغیرہ کی ہجویں زشت خط میں لکھی گئی ہیں۔ جن کا پڑھنا مشکل ہے۔

پہلا بند یہ ہے: منیر الملک کا مشہور ہیگا لیت و لعل
کمی ہے آج کی اُس سے تو وہ بتا دے کل
جو پوچھے آج تو کل کا وہی برآوے خلل
تمام عمر غرض وہ کیا کرے کل کل
وہ جھوٹا ہے اس کے نہیں سخن میں قیام

اس کے آخر میں ترقیمہ ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بجویہ مخمس ۹ ا رمضان ۱۳۱۹ھ کو "میر رفیع الدین نے لکھا تھا۔ اس کے بعد ایک مسدس "افیون نامہ" ہے۔ اس میں بھی شاعر کا نام نہیں ہے۔ لیکن اس کا خط نستعلیق ہے۔ افیون کی برائی بتائی گئی ہے۔ پہلا بند یہ ہے:

مردم چشم حسینان جہاں ہے افیون
عنبر خالِ رُخ حور جناں ہے افیون
طفل بھی مرتے ہیں جس پر وہ جواں ہے افیون
طرفہ معشوق عجب روحِ رواں ہے افیون
اس قدر عاشق شیدا ہیں جہاں میں کس کے
یہ وہ لیلیٰ ہے کہ مجنوں ہیں زن و مرد اسکے

اختتام یہ ہے:

ہاتھ لگ جانے سے ہوتے ہیں جو شاد اسکے مرید
فنا کہتے ہیں اسے جنائے شب عید
یا سمجھتے ہیں ایسے قفل درِ دل کی کلید
آنکھیں کھلے جاتے ہیں جو اس شوخ کی دید
جان کر آب حیات اس کو بشر کہتے ہیں
جو نہیں مرتے اس پر وہ بہشت جیتے ہیں

ترقیمہ: "مخمس بجو نیر الملک" المرقوم ۱۹ رمضان سہ شنبہ ۱۳۱۹ھ مطابق ۲۸ بہمن ۱۳۱۱ف راقم است میر رفیع الدین"۔

مخمسات

مخطوطہ نمبر: ۱۰۰۵ داخلہ نمبر: ۷۰۵۰

فن شاعری: مخمسات (رسائلات از مثنویات نمبر ۱۳۳ صہ ۱ تا صہ ۲۷۵)

اوراق (۹۸) تقطیع (۱۷×۲/۱ ۹) سم، مسطر ۸ مکمل

کیفیت و خصوصیات: کاغذ دیسی۔ خط شکست آمیز
ہر ایک ہنس رائے ۱۲۳۷ھ ۔

مندرجات: یہ مخطوطہ کوئی تین سو سال پرانا ہے۔ ابتداء میں ہرے ورق کے دوسرے حصہ میں مرزا عبد القادر بیدلؔ عظیم آبادی کی رباعی (فارسی) ہے۔ اوپر مرزا بیدلؔ لکھا ہوا ہے۔ اس کے بعد کے صفحات بادامی رنگ کے ہیں۔ دوسرے صفحہ میں بھی بیدلؔ کی فارسی غزل ہے۔ تیسرے صفحہ میں مرزا محمد علی انفعؔ کی رباعی ہے۔ اس کے ساتھ ہی مظہر جانِ جاناں کی یہ رباعی ہے:

دادارم دل بہ بُتِ جنگ پسند
شیشہ دار اند بغل سنگ پسند
داغِ دستار سفیدم مظہر
کیست جز من گلِ بے رنگ پسند

اس رباعی کے آغاز میں "مرزا مظہر سلمہ اللہ" لکھا ہے۔

مرزا جانِ جاناں کا انتقال ۱۱۹۵ھ میں ہوا۔ لفظ "سلمہ اللہ" سے معلوم ہوتا ہے یہ رباعی ان کی زندگی میں لکھی گئی ہے۔

مخطوطہ کی ابتداء میں کسی ہنس رائے کی مہر ہے۔ ۱۲۳۷ھ درج ہے۔ اس کے نیچے "مخمسات وغیرہ" لکھا ہے۔ ان صفحات کا رنگ سفید ہے۔ اس میں غزلیات، مخمسات، قصائد، ہجو، رباعیات، قطعات، چیستان، رقعہ، مسودہ فرمان، فرد اور ایک خط شامل ہے۔ شعراء کے نام یہ ہیں۔ سودا کے کلام کی تعداد نسبتاً زیادہ ہے۔

غزلیات : جعفر۔ سودا۔ میر درد۔ حسن۔ قدرت۔ ممتاز۔ مظہر۔ واقف۔ سراج۔

مخمسات : سودا۔ شہر آشوب (ویرانی شاہجہاں آباد)۔ شاہ قاسم۔ بیدل۔ حافظ۔ عاجز (فارسی)۔

قصائد : سودا۔ (سالگرہ آصف جاہ)

ہجو : سودا۔ فولاد خاں۔ حکیم صاحب۔

رباعیات: خیام۔ روشنا۔ اسمٰعیل خاں۔ صائب (فارسی)۔

قطعات: حاتم۔ تمنا۔

چیستاں : عاجز۔

رقعہ : نواب صمصام الدولہ (فارسی)۔

مسودہ فرمان: بادشاہ نواب نظام الدولہ بہادر۔

فرد : جانی۔

ایک خط صفحہ ۳۶۱ ب میں ہے۔ اس میں شیخ سعدی کی گلستان کا ذکر کیا گیا ہے۔

ابتداء : کہاں ہیں آج یہ سودا ہے کیوں تو ڈانواں ڈول
ہوئے ہے جا کہیں نوکر ہو لے کے گھوڑا مول

اختتام : مراز جوہر شمشیر شد جہاں معلوم
کہ خوئے مختلف ہمدم ہر کہ جوہرے دارد

خمسہ مدح علی کرم اللہ وجہہ

علی حسن ۔ بلگرامی ۔ سید

مخطوطہ نمبر: ۳۸۲۷ داخلہ نمبر: ۱۹۷۴۴

فن شاعری: خمسہ ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۷)، تقطیع (۱۷×۱۰) سمر، سطر (۴) ۔ مجلی کمل، کاغذ دیسی، خط نستعلیق / خوشخط، مہر ایک سرورق پر پڑھی نہیں جا سکتی، ۴ عدد ربر اسٹامپ چاند کی مانند

کتابت: کاتب ۔ حسین عباس ۔ مقام

سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ ۱۳۳۲ھ

مندرجات: اس میں ۲۷ خمسے ہیں ۔ ربر اسٹامپ پر یا ہو المختار ۱۳۳۵ھ مرزا عباس حسین منصبدار ہے ۔

ابتداء:

لافتیٰ جس کی ثنا وہ شہہ مردان حیدرؑ
انما شان میں آیا ہے وہ سلطان حیدرؑ
ھل اتیٰ جس کے لئے اترا وہ ذیشان حیدرؑ
نقصہ آیہ بلغ ہے مری جان حیدرؑ
اور میں کیا کہوں ہمرتبہ قرآں حیدرؑ

اختتام : کشتی نوحؑ پیمبر نے کہا ہے انکو
فرض اللہ نے کی انکی مودت دیکھو
مُصحف ناطق و صامت ہیں میرے حامی دو
ہے حدیث ثقلین اس پہ گواہ نیکو
رہبر و شافع انسان و نبی جان حیدرؑ

ترقیمہ : الکتابتہ الحقیر العبد الذلیل الملک المنان الجلیل المقتدر سید عباس حسین اللہ ... غفر ذنوبہ من حبیب الفرقان المشغف المکرمی احقر بے عباس حسین صاحب الطرز تلمیذ مصنف ھذا۔ تمت تمام۔ المرقوم فی التاریخ بست ششم شہر شعبان المعظم فی السنہ ۱۳۴۲ھ ہجرتہ المقدس۔ المطابق شبر یور فی ۱۳۲۳ھ

نوٹ : صفحہ اول پر مصنف کے بارے میں یہ عبارت درج ہے۔

الخمسہ من تصنیف قدوۃ العلماء الکرام زبدۃ الفضلاء الانام خلاصتہ الزمن الاجل السید علی الحسن بلگرامی رحمتہ اللہ طاب ثراہ و جعل الجنتہ مثواہ ۔

مسدس کلیان داس

کلیان داس

مخطوطہ نمبر: ۵۷۶۸ دفعہ نمبر: —

فن شاعری: مسدس۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸)، تقطیع (۲۲×۱۴) سمر، سطر (۱۴) مکمل کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

کتابت: کاتب۔ مقام۔ حیدرآباد سنہ تصنیف —

سنہ کتابت ۱۲۵۸ھ

مندرجات: ۵۷ کبتیں ہیں۔ زبان ہندی ہے اور رسم الخط فارسی

ابتداء:

دد یا دیا ور کبوٗ سر مرہری دیوا
دکھ یں ہوے سہاسی ستے ٹیہ ٹھری توا

اختتام:

چرن سرن یں لگے جائے پرسو کے ہرسا ہے
کیجو اپنی بندہ سیکھا ہے بید گاٹے

ترقیمہ: بقلم پدہار سرک کلیان داس صوسوائی رساہب سنہ پرکھکر ایا پدہار اکہ۔

- -

اس کے بعد تین سطریں ادھیں پڑھی نہیں جاتیں۔ بتاریخ ۲۶ رمضان ۱۲۵۸ھ بمقام حیدرآباد۔ در ضلع ———— حسب فرمائش ہے —— داس صاحب۔

مسدس مکھن لعل

مکھن۔ مکھن لعل۔ راجہ

مخطوطہ نمبر: ۱۸۷ داخلہ نمبر: ۱۰۲۳۵

فن شاعری: مسدسات۔ رثنویات؛۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۴)، تقطیع (۲۵ × ۱۶) سم، سطر (۱۵) ناقص الآخر ٹیشو کیا گیا۔ کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

مندرجات: اس کے ابتدائی دو اوراق از "منقبت علیؑ اسد اللہ" ہے۔ عنوان سرخی سے لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد مسدس کے (۱۶) بند ہیں۔ مسدس دراصل دیوان مکھن لعل نمبر ۵۰۲ (کتب خانہ ہذا) سے الگ کیا گیا ہے۔ ۱۷واں بند دیوان ہذا کے صفحہ ۳۶ سے شروع ہوتا ہے اور آخری ۲۹واں بند صفحہ ۳۹ پر ختم ہوتا ہے۔ قدیم اوراق نمبر کے تحت ورق نمبر ۱۹ سے ۲۲ تک دیوان میں نہیں پائے گئے۔ یہ چار اوراق کی الگ جلد بندی ہوئی ہے۔ بیاض کے اوراق (ٹیشو، طرز تحریر، بند کی تعداد، سرخ روشنائی) ترک وغیرہ سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ (دیوان مکھن لعل) بیاض کے اوراق کا ٹیشو کیا گیا ہے۔ دیوان کی جلد سازی میں یہ اوراق چھوٹ گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان اوراق کو ایک نئی کتاب کی شکل دے دی گئی ہے۔ منقبت کا ترک (بیاساقی) دیوان کے صفحہ ۳۵ میں ہے۔ منقبت کا مطلع بیاض میں یہ ہے۔

بیا ساقی شراب ارغوانی :.: بدہ او دم کہ بر دل شد گرانی

اور بیاض کے مسدس کے مقطع کا مصرع ثانی کا ترک (اوسے کہہ دو)

دیوان کے ص ۳۹ سے شروع ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے۔

اوسے کہہ دو کہ پھیرا کر نبیؐ کے نام کے سمرن

مسدس کی ابتداء اور اختتام یہ ہے۔

ابتداء: کیا ہوں نام حق کو دلیں صبح و شام کی سمرن
اوسی سمرن میں لکھے ہر لحظہ میرے کام کا سمرن
کروں من کے سے من کے شافع انام کی سمرن
یہی ہے مجھکو دفع گردش ایام کی سمرن
اگر چاہے کوئی ایمان اور اسلام کی سمرن
اوسے کہہ دے کہ پھیرا کر نبیؐ کے نام کی سمرن

اختتام: نبیؐ کے فیض سے آتش ہوئی گلشن خلیل اوپر
سلیمان نے نبیؐ کے لطف سے پائی ہے انگشتر
نبیؐ کا مرتبہ حق نے کیا ہے بسکہ اعلیٰ تر
نہ پہونچے کوئی مرسلؐ مانے تا کوئی پیغمبر
اگر چاہے کوئی ایمان اور سلام کی سمرن

مرثیہ

مرثیہ اردو

مخطوطہ نمبر: ۶۷۶ داخلہ نمبر: ۶۷۲۱

فن شاعری: مراثی (رشائلات از تفسیر ۳۰۷ رسالہ فرائد مع بیان فوائد از باقر آگاہ)

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸)، تقطیع (۲۰×۱۴) سمر، سطر (۹) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (خوش خط)۔

مندرجات: حالی کی مناجات، بر بیاتت نے تضمین کی ہے۔ آخر میں ایک صفحہ سادہ ہے اس کے بعد تضمین کا بند ہے۔

ابتداء: کیا عرض کروں حال تیری قوم کا کیا ہے
آ دیکھ ذرا ہند میں کیا حشر بپا ہے
غربت میں عجب طرح گرفتار ہے
اے خاصۂ خاصاں رسل وقتِ دعا ہے
امت پہ تیری آکے عجب وقت پڑا ہے

اختتام: تضمین تمہید سے کی نہ تھی گرچہ لیاقت
سمجھائیں نگر اسکے بڑھانے کو عبارت
تاہم بھی اگر مجھ سے ہوئی ہو کوئی جرأت
بخشو مجھے للہ زرہِ لطف و عنایت
خوردوں سے خطا ہے تو بزرگوں سے عطا ہے

مرثیہ امام حسین

مخطوطہ نمبر: ۹۷ / ۳۷۸ ۷ داخلہ نمبر: —

فن شاعری: مراثی۔ شاملات (از طب یونانی۔ ۱۶)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۷)، تقطیع (۳۰ × ۱۸) سمر، سطر (۶) نامکمل تیشو کیا گیا۔ کاغذ (دیسی)، خط ناشستہ خط۔ غلط املا)۔

کتابت: کاتب۔ فیض بی بی (رقیہ) مقام۔ — سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ

مندرجات: ابتدائی اوراق میں لکھنے کی مشق کی گئی ہے۔ نہایت ناشستہ خط اور غلط املا ہے۔ بیچ میں ایک مرثیہ ہے جو اس شعر سے شروع ہوتا ہے

شاہ سے جب لے کے رضا مسلمؑ مظلوم چلے
یعنی کوفے کی طرف با دل مغموم چلے

ابتداء: بہ حیرے بر عیاں کیوں نہ کروں کا
الفت ہے میرے دل میں بہت سیم بردل کا

اختتام: کس من زمر دے، دو دست کہ خایم حرام شد

ترقیمہ: نوشتہ — فیض بی بی ہمشیرہ — از رقیہ سکینہ۔

مرثیہ انیس

انیس ۔ ببر علی ۔ میر

مخطوطہ نمبر: ۱۹۶۱ داخلہ نمبر: ۳۸۵۹۵

فن شاعری: مراثی ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۴) ، تقطیع (۳۰ × ۱۸) سم ، سطر (۸) ، مکمل ، کاغذ (دیسی) ، خط (نستعلیق) ۔ مہر ایک ، اکبر حسین ۱۲۷۹ھ ۔

مندرجات: مرثیہ انیس کی زندگی میں لکھا گیا ہے ۔ نام کے ساتھ "سلمہ" درج ہے ۔ صفحہ پر یہ عبارت درج ہے: "مرثیہ تصنیف میر انیس صاحب سلمہ"
"آمد ہے کربلا کے نیستاں میں شیر کی"
"بند ۱۴۸"
(ایک مہر اکبر حسین ۱۲۷۹ھ مرثیہ در احوال شہادت جناب عباس ع) ۔
انیس کا یہ مشہور مرثیہ ۔ حضرت عباس ع کے حال میں لکھا ہے اس میں (۱۴۹) بند بطرز مسدس ہیں ۔

ابتداء: آمد ہے کربلا کے نیستاں میں شیر ع کی
ڈیوڑھی سے چل چکی ہے سواری دلیر ع کی

جاسوس کہہ رہے ہیں نہیں راہ سپہر کی
غش آ گیا ہے شہ کو یہی وجہ دیر کی
خوشبوئے دشت باد بہاری قریب ہے
ہوشیار غافلو! کہ سواری قریب ہے۔

اختتام: بس اے انیس بس کہ دعا کا ہے یہ مقام
ہو مغفرت خلیق کی یارب ذوالکرام
مداح آلِ پاک نبیؐ تھا وہ خوش کلام
یارب اسی بزرگ کا یہ فیض ہے تمام

بندہ وہ کونسا ہے کہ جو بے قصور ہے
گر بخش دے تو کیا تری رحمت سے دور ہے۔

— تمام شد —

مرثیہ جات

مخطوطہ نمبر: ۴۰۹۹ داخلہ نمبر: —

فن شاعری: مراثی۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۷۲)، تقطیع (۳۴ x ۲۲) سمر، سطر (۲۲) مکمل کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

مندرجات: اس میں ایک مرثیہ ایک نعت۔ غزلیات۔ قصائد۔ مناجات۔ متفرق اشعار۔ اخبار۔ اور خطوط شامل ہیں۔ درمیانی صفحات سادے ہیں۔

مرثیہ: انیس (۸۰) بند۔

نعت: قدسی کی نعت پر کسی نے تضمین کی ہے۔ لیکن تخلص کی جگہ چھوڑ دی گئی ہے جس سے شاعر کا پتہ نہیں چلتا۔ شائد سرخ روشنائی سے لکھنے کا ارادہ ہوگا جو پورا نہ ہوسکا۔

غزلیات: خسرو۔ قتیل۔ حاتی۔ سعدی۔ تراب۔ نعیم (دبارہ بنکوی) ظفر۔ نور عالم۔ شمس تبریز۔

قصائد: حسن شاہ صاحب سنہ ۱۲۱۱ھ حبیب۔ سید حبیب الحسن۔ قدرت شاہ جہاں پوری

اخبار: کرزن گزٹ۔ نمبر ۶، ۷۔ مطبوعہ یکم اپریل سنہ ۱۹۰۴ء کی نقل۔

خطوط : سلاطین ۔ روم ۔ شام اور ترکی کے درمیان ۔

ابتداء : کیوں آج زلزلہ میں زمین کربلا کی ہے
کیوں خاک زرد خوف سے دشت دغا کی ہے
کیوں صف الٹ پلٹ سپہ اشقیا کی ہے
ساری یہ ڈھاک سیف شہ لافتا کی ہے
ایک تہلکہ ہے زیر فلک ہر مقام پر
نزدیک ہے برق گرے فوج شام پر

اختتام : جلوہ نازنین صنم در دل و جان یکیس منم
آں نہ منم نہ ایں منم از دو جہاں جدا منم

مرثیہ جات

انیس ببر علی۔ میر۔

مخطوطہ نمبر: ۳۴۷۹ داخلہ نمبر: ۴۳۵۳۰

فن شاعری: مراثی ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۲)، تقطیع (۲۲×۱۶) سمر، سطر (۱۲) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) ۔

کتابت: کاتب۔ — مقام۔ — سنہ تصنیف — سنہ کتابت —

مندرجات: انیس کے مشہور مرثیہ "کیوں آج زلزلہ ہیں زمین کربلا کی ہے" کے ۵۷ بند ہیں یہ بھی مرثیہ نامکمل ہے ۔

ابتداء:

کیوں آج زلزلہ ہیں زمین کربلا کی ہے
کیوں خاک زرد خوف سے دشت دغا کی ہے
کیوں صف الٹ پلٹ سپہ اشقیا کی ہے
ساری یہ دھاک سیف شہ لافتیٰ کی ہے
ایک تہلکہ ہے زیر فلک ہر مقام پر
نزدیک ہے کہ برق گرے فوج شام پر

اختتام:

کثرت سے وار کرتا تھا ہر چند نابکار
سر بر مگر امام سے کیا ہو جفا شعار
ہر وقت اُسکے قتل میں تھا شہؑ کو اختیار
باعث یہ دیر کا تھا کہ ہوئے ذلیل و خوار
جب تک تو ڈھال (یہ) سب اُسکے وار لیں
جی چھوڑ کر نبرد سے بھاگے تو مار لیں

مراثی

مخطوطہ نمبر: ۳۵۰۱ داخلہ نمبر: ۴۳۵۵۷

فنِ شاعری: مراثی۔ جدید۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۹)، تقطیع (۱۴×۲۷) سمر، سطر (۱۰) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)۔

مندرجات: اس میں مدح امام۔ نوحے۔ نعتیں۔ اور سلام ہیں (زیارت۔ روزِ عاشور بستم۔ چہلم اور شہادت علی مرتضیٰؑ پر خصوصی طور پر سلام لکھے گئے ہیں)۔

(۱) مدحِ امام: طولیؔ۔ انسؔ۔

(۲) نوحے: دبیرؔ۔ فیاضؔ۔ خالقؔ۔ اشرفؔ۔ منصورؔ۔ ضیاؔ۔ عجزؔ۔ قمرؔ۔ عابدؔ۔ ذاکرؔ۔ اُنسؔ۔ مونسؔ۔ لطافتؔ۔ حسینؔ۔

(۳) نعتیں: لطافتؔ۔ فصیحؔ۔ ذہینؔ۔ کنیزؔ۔

(۴) سلام: مونسؔ۔ دحیدؔ۔ نصیحؔ۔ ذہینؔ۔

ابتداء: کہتی تھی شہؑ کی بہن ہائے حسینؑ غریب
بے کفن دبے وطن ہائے حسینؑ غریب

اختتام: یارب ہو امام پاک ظاہر
باشوکت و شان و عدل ظاہر

مراثی

مخطوطہ نمبر: ۳۹۸۳ داخلہ نمبر: ۴۴۹۵۳

فن شاعری: مراثی - جدید

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۱۰)، تقطیع (۲۲×۱۴) سم، سطر (۱۴) ناقص الآخر کرم خوردہ، کاغذ دیسی، خط نستعلیق


کتابت: کاتب - مقام - سنہ تصنیف ــــ

سنہ کتابت ــــ

مندرجات: ابتداء میں مثنوی لعل و گوہر - عاجز کے (۱۷۵) اشعار ہیں - اس کے بعد مرثیہ - سرور کے (۳۱) بند ہیں -

ابتداء: الہی دے مجھے رنگین بیانی
عطا کر مجھکو یاقوت معانی

اختتام: یا باکی شجاعت مجھکو یاں کرکے دکھانا ہے
سجدے میں غرض مجھکو سر اپنا کٹانا ہے
یہہ کہے کہ جھکایا د اں سر عجز سے سرور نے
جو سجدہ کیا حق کا اس سبط پیمبر نے
خنجر رکھا گردن پر جب آکے ستمگر نے
کٹوایا غرض سر کو تحت دل حیدر نے



واسوخت

واسوخت امانت

امانت۔ آغا حسین۔ سید

مخطوطہ نمبر: ۶۹۵ داخلہ نمبر: ۶۷۴۰

فن شاعری: واسوخت (شامل ات از دیوان سوز نمبر ۱۷۱۲)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۵)، تقطیع (۲۰×۱۴) سم، سطر (۱۵) مکمل، کاغذ دیسی، خط نستعلیق۔

کتابت: — — سنہ کتابت ۱۲۷۱ھ

مندرجات: اس میں فارسی قطعات۔ تاریخ وفات۔ تیرہ چھپیاں اور واسوخت امانت کے (۲۷۹) بند ہیں۔ ترقیمے کے بعد ایک رباعی بھی ہے۔ پہلے صفحہ کے حاشیے میں وزیر کا ایک شعر اور ایک رباعی ہے

شعر:

حسن یوسف سے فزوں تر ہے رسول اللہ کا
ہے وہ نور چشم یعقوب اور یہ نور اللہ کا

رباعی:

میں سراپا مظہر اسم خدا واللہ ہوں
ہمصفر واس چمن میں مرغ بسم اللہ ہوں
کس طرف جاؤں دکھا دو یا محمد راہ حق
بیاں ہر اک گمراہ کہتا ہے کہ خضر راہ ہوں

قطعات تاریخ وفات: سرورؐ کونین و صحابہ کرام۔ منشی اخی بلگرامی۔ تاریخ شہادت امام حسینؓ مولانا یدم از مرزا قتیلؔ۔ مسکینؔ۔ امام اعظمؓ۔ امام شافعیؒ۔ محبوب سبحانیؒ۔ خواجہ بندہ نوازؒ۔ سعدی شیرازی۔ ٹیپو سلطان۔ مرزا مظہر جان جاناں نواب سعادت علی خاں۔ ناصر جنگ۔ نظام علی خاں۔ اکبر یار جنگ۔ آصف الدولہ۔ مولوی بیبن بعض قطعات تاریخ کے اعداد غلط دیئے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر مرزا مظہر جان جاناں کی تاریخ وفات ۱۱۹۵ھ ہے اس کے بدلے ۱۱۴۱ درج ہے

قطعات تاریخ تعمیرات: مسجد احمد آباد۔ مسجد چنداؔ۔

واسوخت کی ابتداء، اختتام اور ترقیمہ یہ ہے۔

ابتداء: عشق کے حال سے یارب کوئی آگاہ نہ ہو

پاؤں اس راہ میں رکھکر کبھی گمراہ نہ ہو
غرق بحر غم و اندوہ میں دل آہ نہ ہو
حسن یوسفؑ بھی نظر آئے تو کچھ چاہ نہ ہو
مثل ہاروت اسیر چہ بابل ہوئے
دل مگر زہرہ جبینوں پہ نہ مائل ہوئے

اختتام: دولت وصل کو کیا منہ ہے جو لوٹیں اغیار
اب امانت میں خیانت نہیں ہوتی زنہار
پھر وہی میں وہی گھر ہے وہی صحبت وہی یار
وصل جاناں کے اڑاتا ہوں مزے لیل ونہار

غیر کے ذکر سے دل یار کا گھبراتا ہے

بے امانتؔ اُسے دم بھر نہیں چین آتا ہے

ترقیمہ : تحت تمام شد واسوخت سید آغا حسن متخلص بہ امانتؔ ساکن پُل غلام حسین فی التاریخ پانزدہم جمادی الاول ۱۲۷۱ھ اسکے بعد ایک رباعی ہے :

چونکہ زیں واسوخت نہایت

صرف شدہ دل و جاں امانتؔ

عالم گشت شگفتہ طبعیت

ہم ز بہارستاں امانتؔ

نوٹ : سید آغا حسن تخلص امانتؔ ابن میر آقا علی عرف میر آغا برادر زادہ میر طالب علی صاحب دیوان وخمسہ ومسدس دو واسوخت وغزل ومرثیہ بھی وسلام بھی اپنی دانست میں خوب کہے اور اُن کے کلام میں جگت وضلع خوب ہوتا ہے۔ انتہا یہ ہے کہ مرثیے بھی اُن کے جگت سے خالی نہیں ہیں۔ اور میاں امانتؔ نے ہر چند چاہا کہ اپنے آگے رنگ میر انیس کا اور مرزا دبیر کا رنگ مٹ جاوے لیکن نہیں ہو سکا۔ خواجہ صاحب اور شیخ صاحب کے روبرو کوئی اور شاعر چمکا ہے کہ میاں امانتؔ اور میاں عشق آگے ان صاحبوں کے چمکتے امانتؔ کے شاگردوں کے تخلص میں آخر میں "ت" مثلاً جنتؔ وعنایتؔ و میاں فرحتؔ وغیرہ ہوا کرتا ہے ایک مثنوی تصنیف کی جو "اندر سبھا" کے نام سے مشہور ومعروف ہے اس میں بجائے امانتؔ اپنا تخلص استادؔ قرار دیا تھا۔ (تذکرہ خوش معرکہ زیبا۔ ڈاکٹر شمیم انہونوی)۔

واسوخت امانت

امانت ۔ آغا حسین ۔ سید

مخطوطہ نمبر: ۱۴۷۴ داخلہ نمبر: —

فن شاعری: واسوخت ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۲۶)، تقطیع (۱۸ × ۳۰) سمر، سطر (۱۵) مکمل کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) ۔

کتابت: کاتب ۔ محمد عبدالحمید ۔ سنہ کتابت سنہ ۱۳۱۱ھ

مندرجات: واسوخت کے (۱۸۸) بند ہیں ۔

ابتداء:

عشق کے حال سے یارب کوئی آگاہ نہ ہو
پاؤں اس راہ میں رکھ کر کبھی گمراہ نہ ہو
غرق بحر غم و اندوہ میں دل آہ نہ ہو
حسن یوسفؑ بھی نظر آئی تو کچھ چاہ نہ ہو
مثل ہاروت اسیر چہ بابل ہووے
دل مگر زہرہ جبینوں پہ نہ مائل ہووے

اختتام :
دولت وصل کو کیا منہ ہے جو لوٹیں اغیار
اب امانت میں خیانت نہیں ہوتی زنہار
پھر وہی میں وہی گھر ہے وہی صحبت وہی یار
وصل جاناں کے اُڑا تا ہوں مزے لیل و نہار
غیر کے ذکر سے دل یار کا گھبراتا ہے
بے امانت اُسے دم بھر نہیں چین آتا ہے

ترقیمہ : صفحہ اول پر حسب ذیل تحریر درج ہے
واسوخت ہذا من تصنیفات سید آغا حسن تخلص بہ امانت حسب الحکم جناب خانصاحب والاشان بشیر المکان محمد غلام مصطفیٰ خانصاحب مددگار نظم جمعیت سرکار عالی عاصی دُعاگو محمد عبد الحمید بتاریخ ۱۲ جمادی الاول ۱۳۱۱ھ باتمام رسانید۔

واسوخت امیر مینائی

موسوم بہ شکایت رنجش

: امیر مینائی ۔ امیر احمد

متوفی ۱۳۱۸ھ م ۱۹۰۰ء

مخطوطہ نمبر: ۱۲۰۹ داخلہ نمبر: ۱۹۹۶۵

فن شاعری: واسوخت ۔ دواوین ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۶۶)، تقطیع (۳۰×۱۹) سمر، سطر (۱۶) مکمل، کاغذ دیسی یا آبی مہر معہ آبی نشان)، خط (نستعلیق)

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف ۱۲۸۴ھ

سنہ کتابت ـــــ

مندرجات: اس میں چھ واسوخت شامل ہیں۔ اور مختلف عنوانات سے لکھے گئے ہیں۔ عنوانات یہ ہیں اور سب میں ۱۲۸۴ھ کا سال درج ہے۔ کہیں کہیں تصحیح کی گئی ہے جو بالکل الگ قلم کی ہے۔

۱۔ شکایت رنجش (۱۲۹ بند)۔

۲۔ غبار طبع (۳۶ بند)۔

۳۔ حسد اغیار (۵۵ بند)۔

۴۔ صفیر آتشباز (۱۶۳ بند)۔

۵۔ بانگِ اضطرار (۳۵ بند)۔

۶۔ داسوخت اردو (۸۹ بند)۔

ابتداء: دھوم ہے خسرو اقلیم جنون آتا ہے
فوجِ غم ساتھ ہے آمادۂ خون آتا ہے

اختتام: پھر کبھی جوشِ طبیعت کا دکھاؤں گا نہیں
ہوش آئیگا تو افسانہ سناؤں گا نہیں

نوٹ: حضرت امیر مینائی اپنے عہد کے بلند پایہ غزل گو اور کامل فن استاد تھے۔ ۲۶ / شعبان ۱۲۴۴ھ مطابق ۱۸۲۶ء بروزِ دوشنبہ دن کے ساڑھے دس بجے تولد ہوئے۔ عربی و فارسی کی ابتدائی تعلیم والد ماجد سے حاصل کی۔ اس کے بعد دیگر علماء فضلاء سے اکتساب علم کیا۔ علوم جیفر و نجوم میں بھی مہارت حاصل تھی۔ اور ہندی و سنسکرت وغیرہ پر بھی دسترس رکھتے تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد فکر معاش دامن گیر ہوئی تو مظفر الملک منشی مظفر علی اسیر امیٹھوی کی وساطت سے جو اس وقت زماں رواے اودھ واجد علی شاہ کے استاد تھے، دربارِ اودھ میں رسائی حاصل کی اور ۱۸۵۲ء میں ملازمت کا آغاز ہوا۔ منشی صاحب نے اسی زمانہ میں "ارشاد السلطان" و "ہدایت السلطان" تصنیف کیں جواب کمیاب ہیں۔

دربار اودھ کے خاتمہ کے بعد فرمانروائے رامپور نواب یوسف علی خاں ناظم جو غالب۔ مومن۔ اسیر کے شاگرد تھے منشی صاحب کے فضل و کمال کی شہرت سن کر اُن سے بے حد متاثر ہوئے اور ۱۲۷۵ھ میں انہیں عہدہ مفتی عدالت پر مامور کیا۔ (اسیر امیٹھوی کا دیوان کتب خانہ ہٰذا میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو وضاحتی فہرست مخطوطات اردو جلد اول ص)

مرزا داغ دہلوی کی تحریک پر نظام حیدر آباد اپنے دورہ بنارس کے موقع پر امیر مینائی کو طلب کرکے حیدر آباد آنے کی دعوت دے چکے تھے۔ اس لئے وہ ۵ استمبر ۱۹۰۰ء کو حیدر آباد پہونچے۔ لیکن مسلسل علالت کی وجہ سے ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو رات کے دو بجے اکتر سال سات مہینے اور بیس دن کی عمر میں دنیائے ادب کا درخشندہ ستارہ غروب ہوگیا۔ جسدِ خاکی درگاہ شاہ یوسفین ؒ حیدر آباد دکن کی خاک کو سونپ دیا گیا۔

تصنیفات یہ ہیں:

(۱) دیوان اول۔ غیرت بہارستان۔ "مجموعہ ابتدائی کلام جو تلف ہوگیا تھا"۔

(۲) ارشاد السلطان۔

(۳) ہدایۃ السلطان۔

(۴) سرمۂ بصیرت۔ عربی و فارسی الفاظ کی تصحیح و تنقیح۔

(۵) بہار ہند۔ اردو مصطلحات و محاورات کا مجموعہ مع سند کلام اساتذہ۔

(۶) نور تجلی مثنوی۔

(۷) ابر کرم مثنوی۔

(۸) مضامین دل آشوب۔ نظم۔

(۹) ذکر شاہ انبیاء۔ نعتیہ مسدس۔

(۱۰) مجموعہ واسوخت، دیناے سخن۔ چھ واسوخت کا مجموعہ جسے منشی نول کشور نے "شعلہ جوالہ" کے نام سے شائع کیا۔ اس کے بعد دائرہ ادبیہ نے "مینائے سخن" کے نام سے شائع کیا۔

(۱۱) خیابان آفرینش۔ ذکر رسالت مآب تاریخی نام ہے اور ۱۳۰۵ھ کی تصنیف ہے۔

(۱۲) لیلۃ القدر ۔ مسدس در بیان معراج ۔
(۱۳) صبح ازل ۔ مسدس در بیان ولادت حضور سرورِ کائنات ؐ ۔
(۱۴) شام ابد ۔ مسدس در بیان وفات حضور سرور کائنات ؐ ۔
(۱۵) نماز کے اسرار
(۱۶) محامد خاتم النبین (تاریخی نام ہے مجموعہ نعتیہ قصائد، غزلیات، مخمس و نظمیات ۱۲۸۹ھ میں شائع ہوا تھا ۔
(۱۷) جواہر انتخاب ۔ مجموعہ مفردات اردو جس میں منتخب اشعار درج ہیں ۔
(۱۸) زاد الامیر فی دعوت البشیر النذیر ۔
(۱۹) گوہر انتخاب ۔ مجموعہ ثانی مفردات اردو ۔
(۲۰) مرآۃ الغیب ۔ دیوان عاشقانہ معہ قصائد
(۲۱) صنم خانۂ عشق ۔ دیوان غزلیات اردو ۱۳۱۳ھ میں شائع ہوا ۔
(۲۲) آخری دیوان ۔ مشتمل بر قصائد ۔ رباعیات ۔ خمسے ۔ تضمین و منظومات وغیرہ طبع نہیں ہوا ۔
(۲۳) انتخاب یادگار ۔ تاریخی نام ۔ رام پور سے متعلق شعراء کا تذکرہ ۔
(۲۴) امیر اللغات ۔ ۲ جلدیں مطبوعہ ۔ تیسری جلد غیر مطبوعہ ۔

اس کے علاوہ امیر مینائیؔ نے ۱۸۸۵ء میں لکھنؤ سے اپنی ادارت میں ایک ماہانہ گلدستہ "دامن گلچیں" کے نام سے جاری کیا تھا ۔

لہ دبستانِ امیر مینائیؔ ۔ عرفان عباسی

واسوخت سودا

سودا ۔ محمد رفیع ۔ مرزا

مخطوطہ نمبر: ۵۹۹۰ داخلہ نمبر:

فن شاعری: واسوخت ۔ جدید ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۸)، تقطیع (۲۰ × ۱۴) سم، سطر ( )، مکمل
کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) ۔


کتابت: کاتب ۔ مقام
سنہ تصنیف سنہ
سنہ کتابت سنہ

مندرجات: اس میں (۳۹) بند ہیں ۔ اس واسوخت کو "مسدس سودا" کا نام دیا گیا ہے ۔

ابتداء: یا الٰہی میں کہوں کس سیتی اپنا احوال
زلف خوباں کی میرے دل کو ہوئی ہے جنجال

اختتام: خوش کنی خاطر سودا بہ نگاہے سہل است
سوئے او گوشۂ چشمی زتو گاہے سہل است

سودا کا واسوخت کئی بیاضوں میں ہے ۔



متفرقات

بزم فرحت

مخطوطہ نمبر: ۳۶۴۵ داخلہ نمبر: ۴۴۵۳۲

فن شاعری: قصائد ۔ (جدید) ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۰) تقطیع (۲۳×۱۵) سمر، سطر (۹) ناقص الآخر۔ کرم خوردہ ۔ کاغذ (دیسی)، خط نستعلیق خط) ۔ جدول سیاہ ۔

مندرجات: یہ مخطوطہ مطبوعہ کتاب سے نقل کیا گیا ہے۔ مطبع کا نام "مطبع نظامی حیدرآباد" ہے کسی نومشق نے لکھا ہے۔ جدولیں ٹیڑھی ہیں۔ کاغذ بھی بہت خراب ہے۔ اس میں فرحت کے چند قصائد ہیں۔ ابتدائی چار صفحات اور آخری صفحہ میں خوشخطی کی مشق کی گئی ہے۔ آخری صفحہ پر گوری بیگم صاحبہ تحریر ہے اور ایک فارسی رباعی ہے۔

ابتداء:
کیا مرتبہ ہے خلق میں عابد درود کا
اتنا نہیں ہے کہنے میں ادرجہ درود کا

اختتام:
پردہ غفلت کو آنکھوں سے اٹھا کر دیکھنا
صورت حق دل کو آئینہ بنا کر دیکھنا

نوٹ:۔ سخن شعرا۔ عبدالغفور نساخ صـ ۳۶۳ تا صـ ۳۶۴ میں فرحت تخلص کے آٹھ شعراء کا تذکرہ کیا گیا ہے ۔ وہ یہ ہیں ۔

۱۔ فرحت۔ خواجہ فیض اللہ۔ عظیم آباد۔ شاگرد غلام علی راسخ
۲۔ فرحت۔ امیر علی دہلوی۔ شاگرد میر عزت اللہ خاں عشق۔ مقیم لکھنؤ۔
۳۔ فرحت۔ لالہ نناننددوکیل۔ عدالت منصفی الہ آباد
۴۔ فرحت۔ شیخ فرحت اللہ شاگرد سراج الدین علی خاں آرزو
۵۔ فرحت۔ پنڈت کیدارناتھ۔ شاگرد امانت
۶۔ فرحت۔ محمود علی خاں دہلوی۔ خلف حکیم نصر اللہ خاں وصال
۷۔ فرحت۔ کشن پرشاد کایستھ۔ شاگرد قطب الدین مشیر۔
۸۔ فرحت۔ شیخ حسین علی۔ شاگرد مرزا نیاز علی بیگ نکہت۔

ترجمہ رباعیات عمر خیام

مترجم
لعل ۔ مکھن لال ۔ راجہ

مخطوطہ نمبر: ۸۵۰   داخلہ نمبر: ۱۵۸۷۰

فن شاعری: رباعیات ۔ دو دادین ۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۶)، تقطیع (۲۳ × ۱۳) سمر، سطر (۱۲) مکمل، کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق) ۔

کتابت: کاتب ۔ مقام ۔ سنہ تصنیف آغاز سنہ ۱۲۶۰ھ
اختتام سنہ ۱۲۶۷ھ

مندرجات:۔ دیباچہ کے بعد (۳۲۸) رباعیات ہیں۔ یہ مخطوطہ نہ صرف نادر و نایاب ہے بلکہ غیر معمولی اہمیت کا بھی حامل ہے۔ آج تک یہ سمجھا جاتا تھا کہ رباعیات عمر خیام کا انگریزی کا منظوم ترجمہ سب سے پہلے سنہ ۱۸۶۱ء میں فیٹز جیرالڈ نے کیا تھا۔ اردو منظوم ترجمہ آغا شاعر قزلباش اور سید محمد لائق حسین تخلص قوی امروہوئی نے "تاج الکلام" کے نام سے رباعیات عمر خیام کا منظوم ترجمہ سنہ ۱۳۴۲ھ م سنہ ۱۹۲۴ء میں کیا تھا۔

"میخانہ خیام" آغا شاعر قزلباش کا منظوم ترجمہ ہے ۔

اس کا ایک خوبصورت اور یادگار ایڈیشن سنہ ۱۹۶۹ء میں ایران والوں نے شہنشاہ ایران کی جشن تاج پوشی کے موقع پر دوبارہ شائع کیا۔ اس میں اردو کے علاوہ انگریزی

اور دوسری زبانوں کے ترجمے بھی ہیں "میخانہ خیام" اب بہت کمیاب ہے۔ اس میں (۱۱۰) رنگین اور خوبصورت تصویریں شامل کی گئی ہیں۔ (بازیافت۔ شعبہ اردو کشمیر یونیورسٹی سرینگر، کشمیر۔ افسر الشعراء، آغا شاعر قزلباش دہلوی۔ پروفیسر اکبر حیدری کاشمیری۔ صفحہ ۸ تا ۸۶)۔

مخطوطے سے وہ تمام شبہات دور ہو سکتے ہیں جن کے بارے میں لوگوں نے لکھا ہے کہ خیام کی رباعیوں کا منظوم ترجمہ آج سے ۶۰، ۷۰ سال پہلے کیا گیا تھا۔ مخطوطے کی اہمیت اس بات میں بھی مضمر ہے کہ یہ غالباً مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں سب سے پہلے مفصل اور دلچسپ دیباچہ ہے جو پانچ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتب خانہ ہذا میں "رباعیات عمر خیام" نسخہ برٹش میوزیم لندن وغیرہ کے قلمی نسخوں کے فوٹوز ہیں۔ ان فوٹوز سے بھی تقابل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی قلمی نسخے ہیں اور بیاضوں میں بھی رباعیات شامل ہیں۔

مترجم نے اصل کے مطابق، رباعی کے اُصول کو ملحوظ رکھتے ہوئے ترجمے کے فن کو خوبی سے ادا کیا ہے۔ اور زبان کی لطافت و شگفتگی کا بھی خاص خیال رکھا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، کہیں کہیں رباعی کو مستزاد کی شکل میں بھی تبدیل کیا ہے۔ پھر بھی یہ منظوم ترجمہ شاندار اور لاجواب ہے۔ مستزاد کی مثال ذیل میں دی جاتی ہے۔

کعبہ میں تو گر امیر اسلام ہوا ــ عالم کو کیا
اے عزیز یا عدم کے جانب گذرا ــ دھوکا تھا ہوا۔
دانا ہو تو اعتماد ہستی مت کر ــ سنتا ہے غور
جو شخص کہ اس جہان فانی سے گیا ــ گویا کہ نہ تھا

ابتداء: جب عشق ہو پستی و بلندی پھر کیا
ہے بیخودی تو ہوشمندی پھر کیا
رکھ طاق میں یار تو مریدی پیری
رندی میں خیالِ ارجمندی پھر کیا

اختتام: اے دل تجھے شوق محو شان باقی ہے
زائل ہے یقین تیرا گمان باقی ہے
سنتا ہے اب عشق جاوے گا کہاں
جب تک رگ و پست و استخواں باقی ہے

اختتام کی رباعی نمبر ۲۶۹ پر بھی ہے۔
ترقیمہ: بفضلے تباریخ چاردہم ماہ جمادی الثانی ۱۲۶۷ھ روز پنجشنبہ بہ حسن انصرام رسید۔ ترقیمہ کے بعد قریب آدھا صفحہ خالی ہے۔ پھر دوسرے صفحے پر دو رباعیاں ہیں۔ آخری رباعی یہ ہے جس پر مخطوطہ ختم ہوتا ہے۔

دیر و کعبہ میں سناکد ہو گئی
کفر و اسلام میں حد ہو گئی
کونسی جانب کو جاویں ناصحا
میکدہ کی راہ بھی صد ہو گئی

یہ رباعی نمبر ۳۰۳ پر بھی ہے۔

کتابیاتی حوالے: دیوانِ مکھن لعل کا ایک نسخہ (نمبر ۵۰۲) کتب خانے ہذا میں موجود ہے (جلد و نماحتی فہرست مخطوطات جلد اول۔ یادگار مکھن لعل نمبر (۳۹۴) تاریخ۔ جز قصائد مکھن (۲۷۵)

فارسی ۔ مسدس مکھن لعل (مثنوی نمبر ۱۸۷) کتب خانہ ہذا میں موجود ہے ۔

نوٹ : راجہ مکھن لعل ۔ لعل ۔ مہاراجہ چندولال کی جانب سے حضور میں عرض بیگی تھے ۔ اس خدمت کی وجہ سے "راجہ" کے خطاب سے بھی سرفراز ہوئے ۔ دیوان میں "متوطن شاہ نور" ہے ۔ حیدرآباد کے محلہ مغل پورہ میں کوچہ مکھن لعل اب بھی مشہور ہے ۔ راجہ مکھن لعل ۔ لعل تخلص کرتے تھے ۔ لیکن بعض مقامات پر مکھن بھی استعمال کیئے ہیں ۔ جیسے کہ اس بند میں ہے :

سدا مکھن تیری درگاہِ والا کا بھکاری ہے
جُدائی میں تیرے اُسکے نین سے اشک جاری ہے
بسانِ ماہیٔ بے آب اُس پر بیقراری ہے
جمال اپنا دکھا دو دل میں اُس کے درد کاری ہے
نباشد غیر تو دیگر پناہم یارسول اللہ ﷺ
بکن لطف و کرم بر اشک و آہم یارسول اللہ ﷺ

تصانیف مرزا محمد تقی

اور

دیوانِ زور

در نظم جلد پنجم

زور . تراب علی . میر

مخطوطہ نمبر ۱۱۵۰ داخلہ نمبر ۱۸۶۳۸

فن . شاعری . (دیوان . تاریخی قطعات) دواوین .

کیفیت و خصوصیات } اوراق ۱۲۸ تقطیع ۱۴ × ۲۲½ سمر . مسطر ۱۸ .
کاغذ دیسی . خط نستعلیق .

مندرجات :- مرزا محمد تقی کی تصنیفات کل چھ جلدیں مخطوطات کی شکل میں کتب خانہ ہذا میں موجود ہیں ۔ یعنی (۱۱۴۶ تا ۱۱۵۱) موجود ہیں ۔ چار جلدیں (فارسی کلام) (تاریخی قطعات پر مشتمل ہیں ۔ اور دو جلدیں اردو کلام کی ہیں جن میں ایک جلد یعنی مخطوطہ نمبر ۱۱۵۱ دیوان اور کچھ تاریخی قطعات پر مشتمل ہے ۔

مخطوطہ ہذا کی ابتداء میں میر تراب علی زور کا دیوان بھی شامل کر دیا گیا ہے ۔

"دیوانِ زور" کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

دیوان کے ۵۰ اوراق ہیں جو تصنیفات مرزا محمد تقی سے سائز میں کم یعنی (۲۲x۱۴ سم) ہے اور کاغذ کا رنگ سفیدی مائل ہے۔ تحریر ترچھی ہے۔ اشعار پر سرخ اور کبودی روشنائی سے نمبر ڈالے گئے ہیں۔ حدودی لکیریں کھینچی گئی ہیں۔ دیوان تصحیح شدہ ہے۔ بعض اشعار قلمزد کر دیئے گئے ہیں۔ اوراق پر دوسرے اشعار لکھے گئے ہیں۔ بعض صفحات کے کاغذ کا کچھ حصہ کاٹ کر نکال دیا گیا ہے۔ اور کہیں کاغذ چسپاں بھی کیا گیا ہے۔ مسودہ کی نظر ثانی کی گئی ہے۔ بسم اللہ ردیف الف سرخ روشنائی سے لکھا گیا ہے۔ املا بھی درست کیا گیا ہے۔ بخط مصنف معلوم ہوتا ہے۔

دیوان ردیف وار ہے۔ ابتداء میں خمسہ بر غزل بسمل۔ خمسہ بر غزل داغ ہے۔ بعض غزلوں میں دکن کی خشک سالی کا بیان اور بارش کے لئے دعا۔ آصف جاہ کی مدح، جلسہ سالگرہ آصف آصف سادس میر محبوب علی خاں والئ دکن کی صحت یابی وغیرہ کا بیان ہے۔ قطعہ جشن نوروز۔ قطعہ مہاراجہ کشن پرساد، رباعیات۔ طرحی غزلیں۔ تین فارسی غزلیں۔ سلام، نادعلی اور نعتیہ غزل۔ اور آصف جاہ سادس کے سلام پر مخمس کے فارم میں تضمین کے دس بند بھی شامل ہیں۔

آخر میں "حال صاحب دیوان" کے عنوان سے (زور کے) حالاتِ زندگی بھی شامل ہیں

زور ایک غزل میں اس دیوان کو "انتخاب" لکھتے ہیں۔ اس کا مصرعہ یہ ہے ؎

اس انتخاب کو ہم انتخاب سمجھے ہیں۔

ایک شعر میں نام اور تخلص آیا ہے۔ وہ یہ ہے ؎

تراب نام ہے میرا علی کا ہوں واصف
ہے زور میرا تخلص ہے مجھ سے زر خائف

ابتداء:۔ دلربائے عجبے شوخی ونازے عجبے
رخ روشن عجبے آئینہ سازی عجبے

اختتام:۔ ہوا بوڑھا جیسے تم گوستے تھے یہ کہہ کر
یا خدا زور کی برباد جوانی ہو جائے۔

نوٹ:۔ حال صاحب دیوان از جلد دوم تزک محبوبیہ دفتر ہفتم۔ تذکرہ شعرائے موجودہ دکن مطبوعہ سنہ ۱۳۲۱ ہجری۔ مولفہ غلام صمدانی خاں گوہر حیدرآبادی شاگرد حضرت میر کاظم علی خاں شعلہ مرحوم بن شہید مغفور یعنی امیر الشعراء حضرت میر احمد علی خاں موسوی مغفور صفحہ ۲۰۷ (زور حیدرآبادی)

میر تراب علی نام ہے مولد و مسکن حیدرآباد دکن سنہ ۱۲۵۴ ہجری میں پیدا ہوئے۔ آپ کے جد اعلیٰ حکیم سید محمد یٰسین خاں مرحوم نواب الف خاں مغفور والی کرنول کے سرکار میں بخطاب خانی اور تین سو روپے ماہوار سے ممتاز رہے اور آپ کے والد سید مہدی علی خاں مرحوم بعہد نواب ناصر الدولہ بہادر آصفجاہ رابع وزارت مہاراجہ چندو لعل بہادر شاداں حیدرآباد آئے اور خطاب خانی پائے چار سو منصب کی بھی اجرائی ہوئی۔ آپ کو کتب متداولہ فارسی سیاق وسباق وغیرہ میں اچھی لیاقت ہے حضرت امیر الشعراء امیر احمد خاں شہید دہلوی سے تلمذ تھا۔ قریب ایک دیوان کے کلام جمع ہے۔ شعر خوب کہتے ہیں۔ مگر اب سنہ ۱۳۲۰ھ میں ۲۷ سالہ ملازمت کے بعد وظیفہ ہو گیا۔ نہایت ہی خوش اخلاق اور بامذاق آدمی ہیں۔ بذلہ سنجی لطیفہ گوئی میں یکتا ہیں۔

یہ دیوان غیر مطبوعہ ہے۔

تصنیفات مرزا محمد تقی

از

کمال الدین ۔ مرزا ۔ محمد تقی

دیوان زور کے بعد تاریخی قطعات تقی شروع ہوتے ہیں۔ اس بیاض کا طول دیوان زور سے زیادہ ہے۔ یعنی (۱۱ × ۲۲½) سم۔ کاغذ کا رنگ بادامی ہے۔ تحریر سیدھی اور جلی ہے۔ درمیان میں کہیں کہیں اوراق کاٹ دیئے گئے ہیں۔ ورق نمبر ۵۹ کے بعد کئی اوراق معرا ہیں۔ آخر میں ۱۹ اوراق پر قطعات مندرج ہیں۔ کتابت بقلم مصنف۔

تاریخی قطعات کے تفصیلی عنوانات خط جلی میں دیئے گئے ہیں۔ سنہ تاریخ، عیسوی ہجری اور فصلی میں دی گئی ہے۔ تاریخیں حروف المہملہ۔ حروف المعجمہ اور صنعت زبر و بینہ میں دی گئی ہیں۔ اس میں زیادہ تر شادی بیاہ سہرے کی تاریخیں ہیں۔ اس کے علاوہ تاریخ طبع تارہ زہرا، تاریخ طبع شرح کلام غالب۔ ریاض مرثیہ۔ دیوان داغ ترجمہ تحفۃ الاحباب۔ دیوان منتشرات قصائد۔ تقریرات۔ عطائے خطابات۔ تولد اور رحلت وغیرہ کے ہیں۔ چند تاریخی ناموں کو بخط المنفرد سرورق پر لکھا گیا ہے۔ قطعات تاریخ سلسلہ وار مندرجہ ذیل ہے۔ بعض قطعات مٹا دیئے گئے ہیں۔ صرف عنوان ہے۔

۱۔ تاریخی قطعات ۔ قصیدہ، در تعریف افسر الملک بہادر۔

۲۔ تواریخ مولود دختر شفیق احباب میر سخاوت علی ۱۳۴۳ف ۱۳۴۳ سنہ ہجری۔

۳۔ تاریخی قطعہ شادی میر اکبر علی خاں (چوتھی شادی) ۱۳۴۲ سنہ ہجری۔

۴۔ تاریخی قطعہ شادی میرزا ہد علی صاحب سنہ ۱۹۲۳ء
۵۔ تاریخی قطعہ شادی سید علی۔ داماد اختر جنگ سنہ ۱۳۴۱ھ
۶۔ تاریخی قطعہ شادی تفضل حسین سنہ ۱۳۴۰ھ
۷۔ تاریخ قطعہ تندرستی۔ سید باقر کاشف موسوی سنہ ۱۹۲۲ء فی الحروف المعجمہ۔
۸۔ تاریخی قطعہ شادی۔ مکرمی شہید سنہ ۱۳۴۰ھ
۹۔ تاریخی قطعہ سال اتمام طبع "نالۂ زہرا" مصنفہ سیدہ النساء بیگم مرحومہ صبیۂ جناب مولوی حکیم
داد علی شریف مرحوم سنہ ۱۳۴۰ھ
۱۰۔ تاریخی قطعہ شادی۔ مظفر حسین سنہ ۱۳۴۰ھ
۱۱۔ تاریخی قطعہ سال نظم مرثیہ مسرور بہ نام "خیبریہ" سنہ ۱۳۴۰ھ

مرثیہ مسرور کا ہے لاجواب ؛؛ اے تقی ہے قابل مدح وثنا
مصرع اول میں ہے تاریخ اور ۔ میں نے "حال فاتح خیبر" کہا
ایک قطعہ سنہ ۱۹۲۱ء۔ سنہ ۱۳۳۹ھ کا ہے

۱۲۔ تاریخی قطعہ اضافہ۔ مہر سپہر۔ کمال صاحب سنہ ۱۳۴۲ ہجری
۱۳۔ تاریخی قطعہ شادی۔ سید اعظم الدین حسین بلگرامی سنہ ۱۳۴۲ھ
۱۴۔ قصیدہ سال ماموری مولوی سید حسین صاحب بلگرامی۔ عہدہ محاسبی سرکار عالی سنہ ۱۳۲۶ھ در صنعت زبر و بینہ
۱۵۔ جگہ چھوڑ دی گئی ہے صرف سنہ ۱۳۲۶ھ لکھا گیا ہے۔
۱۶۔ تاریخی قطعہ طبع مقال مولوی اصغر حسین صاحب ناجی سنہ ۱۹۰۹ء فی الحروف المہملہ۔ تاریخ ابتدائی
طبع "نظم ناجی" ہوگئی مطبوعہ طبع سنہ ۱۹۰۹ء تاریخ ختم طبع در صنعت زبر و بینہ۔

۱۷۔ تاریخی قطعہ ملاقات حرماں ۱۳۲۷ف

۱۸۔ تاریخی قطعہ چوتھی شادی شاعر ماہر مکرمی فوق بن فائق ۔ ۱۳۳۷ھ/فی المعجمہ ۔ ۱۹۱۸ء فی المہملہ

۱۹۔ تاریخی قطعہ شادی سید تہور حسین دلبند مولوی سید کاظم حسین مشہدی ۱۹۱۸ء فی الحروف المعجمہ فی الحروف المہملہ

۲۰۔ تاریخی قطعہ صدر المہام صرف خاص تلاوت جنگ ۱۳۳۶ھ

۲۱۔ تاریخی قطعہ شادی میر جلیل حیدر علی خاں عیش ۱۳۳۵ھ

۲۲۔ تاریخی قطعہ شادی جوہر نقوی ۱۳۳۵ھ در صنعت زبر و بینہ

۲۳۔ تاریخی قطعہ حصول خطاب نواب حبیب یار جنگ بہادر ۱۹۱۷ء ۱۳۳۵ھ در صنعت زبر و بینہ

۲۴۔ تاریخی قطعہ شادی نواب سید علی خاں پسر حکیم سید علی خاں حیدر نواز جنگ ۱۹۱۷ء بسنہ ۱۳۳۵ھ

۲۵۔ تاریخی قطعہ خطاب جعفر علی شہریار جنگ ۱۳۲۳ھ اور ایک قطعہ میں ۱۳۱۵ فصلی ہے۔

۲۶۔ تاریخی قطعہ خطاب "ابوالحامد رضی الدین محمد" نواب عماد جنگ ۱۹۰۵ء اور یہ لکھا گیا ہے کہ "یہ مصرعہ تاریخ تولد میر کاظم علی خاں موسوی شعلہ مرحوم سے ہے۔ ۱۳۲۳ھ

یعنی "ابوالمحامد رضی الدین محمد" ۱۲۹۰ھ

۲۷۔ تاریخی قطعہ دُعا گوئی۔ چہل سالہ سالگرہ سرکار آصف جاہ سادس ۱۹۰۵ء ۱۳۲۳ھ

۲۸۔ تاریخی قطعہ صحت یابی ۔ دانش ۱۳۲۵ف فی الحروف المہملہ ۱۹۱۵ء فی الحروف المعجمہ ۱۳۳۳ھ

۲۹۔ تاریخی قطعہ ماموری سلطان آقا محمد علی خاں مددگار مالگزاری سرکار عالی ۱۹۰۵ء ۱۳۲۳ھ (المذنب تقی ۱۳۳۳ف) تاریخ فصلی کا شعر یہ ہے ؎

اگر مطلوب ہے تاریخ فصلی سال بیساختہ تقیؔ کہدو ۔۔ کہ مبارک ہوئی ہے یہ حدیث

۱۳۴۳

نوٹ: تاریخ نہیں نکلتی)

۳۰. تاریخی قطعہ اضافہ نواب میر باسط علی خاں بہادر ۱۹۱۴ء درصنعت زبر و بینہ
۳۱. تاریخی قطعہ شادی خسرو بیگ معجمہ تاریخ کا مصرعہ سنہ ۱۳۳۲ھ برحاشیہ
۳۲. تاریخی قطعہ شادی میر ابوالقاسم فرزند میر تہنیت علی صاحب سنہ ۱۳۳۲ھ
۳۳. تاریخی قطعہ شادی میر صادق حسین خاں موسوی سنہ ۱۳۳۲ھ ھوالباعث الاول درصنعت زبر و بینہ سنہ ۱۲۲۳ف
۳۴. تاریخی قطعہ شادی مہدی علی خاں فرزند شہریار جنگ سنہ ۱۳۳۲ھ
۳۵. تاریخی قطعہ مولود شاہزادہ جناب میر تراب علی خاں بہادر سنہ ۱۹۱۳ء ۱۳۳۲ھ
۳۶. تحریر مادہ گئی ہے صرف سنہ ۱۳۲۲ف زبر و بینہ سنہ ۱۳۳۲ھ (معجمہ سال) ہے.
۳۷. تاریخی قطعہ شادی نواب قربان علی خاں فی الحروف المعجلہ سنہ ۱۹۱۳ء . فی الحروف المہملہ سنہ ۱۳۲۴ رومی
۳۸. تاریخی قطعہ شادی موسوی میر سرفراز حسین معتمد مدارالمہام حیدرآباد نواب سالار جنگ بہادر سنہ ۱۳۳۱ھ
درصنعت زبر و بینہ.
۳۹. تاریخی قطعہ منصب دیوانی یوسف علی خاں نواب مختار بہ عہد مقتدر سالار سابع. آصف سابع سنہ ۱۳۳۰ھ
۴۰. تاریخی قطعہ ماموری بر صدارت مواسی سرکار عالی مولوی محمد حبیب الدین صاحب درصنعت زبر و بینہ سنہ ۱۳۳۰ھ
۴۱. تاریخی قطعہ واپسی آقا سید باقر صاحب از کربلا معلیٰ سنہ ۱۳۳۰ھ تاریخ معجمہ. تاریخ فارسی سنہ ۱۳۳۰ھ
سنہ ۱۹۱۲ء . نیچے یہ تحریر ہے.
(اخلاص کیش مرزا محمد تقی سنہ ۱۹۱۲ء)
۴۲. تاریخ قطعہ شادی . خورشید . سنہ ۱۳۱۸ف
۴۳. تاریخی قطعہ.

فرزند حسین ہو فخر عالم : برلائی خدا ہر ایک امید

ہو فضل و کمال میں یگانہ ؛ اوصاف تمام قابل دید

x

ایضاً سال بہجت بنیان ۱۳۲۷ھ فی الحروف المعجمہ

۴۴۔ تاریخی قطعہ زیارت کربلا سید ابوتراب صاحب ۱۳۱۲ھ

۴۵۔ تاریخی قطعہ خطاب راجہ سری پرشاد احقر ۱۳۱۲ھ

۴۶۔ تاریخی قطعہ شرح کلام غالب ۱۳۱۲ھ (حضرت والہ کی شرح)

۴۷۔ تاریخی قطعہ مراجعت۔ سید ابوالفضل صاحب ۱۳۱۲ھ ۱۳۰۴ف

۴۸۔ قصیدہ وظیفہ جوش

طرفہ تاریخ ہے مصنف سے ؛ سنہ تصنیف کا وظیفہ جوش

طبع کا سال اے تقی میں نے ؛ کہدیا بے بہا وظیفہ جوش

۱۳۲۳ھ سال فصلی ۱۳۲۱

۴۹۔ تاریخی قطعہ مولود مسعود سید ہادی حسین۔ دلبند مولوی سید مہدی حسین ۱۹۱۱ء فی الحروف المعجمہ

دو اوراق معرا ہیں۔

۵۰۔ تاریخی قطعہ صحت یابی۔ مظفر جنگ بہادر ۱۹۱۳ء فی الحروف المعجمہ ۱۹۱۳ء فی الحروف المہملہ

ھو الحافظ النافع ۱۹۱۳ء زبر د بینہ

۵۱۔ تاریخی قطعہ ماموری مکرمی مولوی عبدالحق صاحب۔ مددگار تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی ۱۳۳۰ھ ہجری۔

۵۲۔ تاریخی قطعہ منصب نرسنگ راجہ ۱۳۳۰ھ

۵۳ تاریخی قطعہ تولد دختر آصف جاہ بمقام اجمیر سنہ ۱۳۳۰ھ

۵۴ تاریخی قطعہ ترقی و ماموری دیوانی کشن پرشاد شاد سنہ ۱۳۱۰ف

۵۵ تاریخی قطعہ ترقی معتمدی عبدالرحیم سنہ ۱۳۲۰ھ

۵۶ تاریخی قطعہ قبضۂ مکان (بحکم عدالت) میر سجاد علی اثر سنہ ۱۳۲۰ھ

۵۷ تاریخی قطعہ رحلت بخشی صاحب سنہ ۱۳۲۵ھ رکن مجلس عالیہ سنہ ۱۹۰۷ء

۵۸ تاریخی قطعہ تقرر عہدہ ناظم اول فوجداری سید ہاشم بلگرامی سنہ ۱۹۰۷ء

چار قطعات سنہ ۱۳۲۵ھ سنہ ۱۳۱۶ف در صنعت زیر و بینہ وغیرہ میں ہیں۔

۵۹ تاریخی قطعہ انتخاب رکن مجلس رنگیا نایڈو سنہ ۱۳۲۵ھ

۶۰۔ قصیدہ نواب مہدی حسین خاں بے نظیر جنگ۔ ایک مصرعہ میں عارف شاہ کو عہدۂ وزارت ملنے کا ذکر ہے۔ وہ یہ ہے۔ سنہ ۱۳۱۵ھ

مصرعہ "جن سے عارف شاہ وزیر ہوئے"

۶۱۔ تاریخی قطعہ خطاب رانی جانکا بائی سنہ ۱۳۲۳ھ۔ منجانب بندگان عالی

۶۲۔ تاریخی قطعہ خطاب لیاقت جنگ۔ منجانب آصف جاہ سنہ ۱۳۱۵ف

۶۳۔ تاریخی قطعہ شادی بے نظیر جنگ سنہ ۱۳۲۳ھ

۶۴ تاریخی قطعہ شادی میر شائق حسین خاں سفیر۔ سنہ ۱۳۲۳ھ

("دیوان سفیر" کتب خانہ ہذا میں موجود ہے۔ مخطوطہ نمبر ۲۷۸۲ جدید۔ دیکھئے جلد اول فہرست مخطوطات)

۶۵ تاریخی قطعہ شادی دوست سید مرتضیٰ سنہ ۱۳۲۳ھ

۶۶۔ تاریخی قطعہ شادی سید محمد ضامن کنتوری ۱۳۲۲ھ

۶۷۔ تاریخی قطعہ شادی مولوی حکیم میر نادر علی رعد ۱۳۲۲ھ

۶۸ تاریخی قطعہ شادی نواب رئیس یار جنگ بہادر ۱۳۳۱ھ ۱۹۱۳ء ۱۳۲۲ف
تاریخی نام (ذکر العیش ۱۳۳۱ھ) بخط طغرا لکھا گیا ہے۔ اس قطعہ کے ۱۵ اشعار ہیں
جس میں شادی رد رسوم مہملات و لغویت ایٹ ہوم کے بالکل اتباع شرع
کے ہوئی بیان کیا گیا ہے۔ آخر میں شاعر نے دعوت نہ ملنے کا گلہ کیا ہے۔

۶۹۔ قصیدہ در مدح نواب فخر الملک (عوض قدر شاعر) اسکا یہ شعر درج ذیل ہے۔

مستحب ہے جائزہ ہی شعر کا ؛ قدر شاعر سنت محمود ہے
ہے دیا حضرت نے حسان کو صلہ ؛ تذکرہ تاریخ میں موجود ہے
منحصر ہے قدر میری آپ پر ؛ اور مانع خیر کا مفقود ہے

۷۰ تاریخی قطعہ جناب نواب غازی جنگ بہادر ۱۳۲۹ھ ۱۹۱۱ء

۷۱ تاریخی قطعہ سال بہبود و گرفتاران دزدان و بد معاشان بر آمد اسباب و اشیاء مسروقہ
۱۳۲۹ھ۔ اس میں جناب سعد جنگ عدل پرور کی مدح کی گئی ہے۔

۷۲ تاریخی قطعہ شادی میر حُر علی ۱۳۲۹ھ

۷۳ تاریخی قطعات۔ تاریخی نام "شمس الشموس" ۱۳۳۵ھ مندرجہ ذیل قطعات ہیں۔
(الف) تاریخی قطعہ تعین ممدوح تقی منجانب محمد ولی الدین خاں بہادر معین المہام عدالت
و امور عالیہ ۱۹۱۷ء
(ب) تاریخی قطعہ ماموری ظفر انتساب شمس فلک نواب افخم محمد لطیف الدین خاں بہادر

معین المہام فوج ۱۹۱۷ء

ت : قصیدہ در شان آصف جاہ. مندرجہ ذیل اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ شاعر نے یہ قصیدہ

دربار میں پڑھا ہے . ؎

بفیض سخن تم تو معروف ہو ؛ معرّف تمہارا یہی ہے کلام
رکھو سر پہ دستار باندھو کمر ؛ قصیدہ پڑھو چل کے بعد از سلام
وہ دیکھیں گے تم کو بچشمِ کرم ؛ عنایت نہایت رہے گی مدام

....

....

وہ سال تقریر پڑھو یے بدل ؛ کہ آواز اَخسنتُ ہو وقف عام
مورخ زمانہ کے قائل ہوں سب ؛ کہ مشکل ہے تاریخ میں التزام

تاریخ قصیدہ

تقی گشت در بینات وزیر
رقم نام و تاریخ "شمس الشموس"
۱۳۳۵ھ

گدرا بندہ ہواخواہ قدیم مداح و دعاگوئی ولی ابوالمکارم مرزا محمد تقی ۱۳۲۶ف

فی الحروف المعجمہ .

۷۴ . تاریخی قطعہ عطائے خطاب راجہ بہادر نرسنگ راج ۱۳۲۳ھ بموقع جشن چہل سالہ

۷۵ . تاریخی قطعہ عطائے خطاب راجہ للیتا پرساد بہادر ۱۹۰۵ء (عنوان دیدیا گیا ہے .

قطعہ کے لئے جگہ چھوڑی گئی ہے۔ لیکن لکھا نہیں گیا)

۷۶ ۔ تاریخی قطعات شادی سید ابوالفضل حفظا اللہ دلبند آقا سید بدیع الزماں موسوی زاد ۱۳۲۳ھ

۷۷ ۔ قصیدہ شادی مولوی شمس الدین خاں صاحب ۱۹۱۲ء ۱۳۳۹ھ۔ ایک مصرعہ پر فٹ نوٹ کا نشان لگایا گیا ہے۔ وہ یہ ہے۔

مؔ ہوئی تکمیل فرمائش حسن کی

(یہ تھی میر حسن علی صاحب یعنی فرزند ڈاکٹر میر احمد علی صاحب موسوی مرحوم)

۷۸ ۔ قصیدہ (طویل) بتقریب عروسی مسعود صبیّہ نواب سید حیدر علی خاں ۱۳۴۲ھ ۱۳۲۲ف عروس اکبر علی خاں۔

۷۹ ۔ قصیدہ شادی نور چشم نواب نیّر جنگ بہادر ۱۹۱۷ء ۱۳۳۵ھ

۸۰ ۔ قصیدہ شادی ۱۳۳۲ف۔ عنوان کی جگہ خالی ہے۔

۸۱ ۔ تاریخی قطعہ طبع تاریخ۔ یہ ہے۔

لکھی راجہ صاحب نے تاریخ وہ ؛ کہ ہر شخص جس کا تہ اگر ہوا
بدیہہ تقی سال اتمام طبع ؛ چھپی نیک تاریخ یں نے کہا
۱۳۱۱ھ

۸۲ ۔ تاریخی قطعہ شادی تصدق حسین ۱۳۱۱ھ

۸۳ ۔ تاریخی قطعہ سال دیوانی امیر عالی گوہر قدردان اہل جوہر وزیر خامس آصفجاہ سادس نواب اقبال الدولہ سر وقار الامرا بہادر ۱۳۱۱ھ

۸۴ . سہرا بتقریب شادی دلبند نواب شہاب جنگ مختار الدولہ افتخار الملک بہادر سنہ ۱۹۱۸ء . (یہ سہرا در "صنعت توشیع" ہے .

۸۵ . سہرا مبارک آقا سید محمود . دلبند جناب نواب تیر جنگ بہادر، در صنعت زیر و بینہ سنہ ۱۳۳۵ھ

۸۶ . سہرا مبارک سید علی بن آقا سید نعمت اللہ موسوی سنہ ۱۹۱۵ء سنہ ۱۳۳۴ھ

۸۷ . سہرا مبارک مولوی مسعود شہید میر مہدی علی طباطبائی سنہ ۱۳۴۰ھ

۸۸ . تاریخی قطعہ طبع پہلا دیوان "ریاض رحیمیں" یہ قطعہ (قصیدہ) طویل ہے اور اس میں دیوان کی بہت خوبیاں بیان کی گئی ہیں اور تعریفی خطوط کا ذکر بھی ہے . شاعر نے اپنے فن تاریخ گوئی کی بھی تعریف کی ہے . ملاحظہ ہو ؎

کہ تاریخیں ہزاروں کہہ چکے ہو ؛ کہ اس فن میں ہے تم کو دست طولیٰ

۸۹ . تاریخی قطعہ ماموری . مولوی نمازی الدین صاحب، بر نظامت عدالت دار القضاء طبع زاد دعا گو میرزا محمد تقی سنہ ۱۹۲۵ء . اس کے نیچے عبارت یہ ہے

طبع زاد خیر خواہ واتقی جملہ احباب ابو المکارم کمال الدین مرزا محمد تقی

سنہ ۱۹۲۵ء فی الحروف المعجمہ اصحاب سنہ ۱۹۲۴ء

ھو المغنی القدوس سنہ ۱۳۴۳ھ سرورق ہے .

۹۰ . تاریخی قطعہ حصول خطاب نواب عنایت جنگ بہادر سنہ ۱۳۴۳ھ

۹۱ تاریخی قطعہ ماموری جوہر قابل حاکم عادل نواب عنایت جنگ بہادر سنہ ۱۹۲۶ء

(ھو المغنی السامع سنہ ۱۳۴۴ھ سرورق ہے)

۹۲. تاریخی قطعہ شادی لطف علی سنہ ۱۹۲۶ء سنہ ۱۳۴۴ھ

۹۳. تاریخی قطعہ ملازمت نواب مرزا داغ دہلوی سرکار آصفیہ سنہ ۱۳۰۹ھ

۹۴. تاریخی قطعہ تولد فرزند راجہ صاحب سنہ ۱۳۰۹ھ

۹۵. تاریخی قطعہ شادی محمد کاظم سنہ ۱۳۱۸ھ

۹۶. تاریخی قطعہ تعمیر کوٹھی۔ آقا سید مصطفٰی صاحب موسوی شوستری عرف بڑے صاحب سنہ ۱۳۱۰ھ۔ ۷ اشعار ہیں۔

۹۷. تاریخی قطعہ شادی حکیم کاظم علی صاحب سنہ ۱۳۰۷ھ

۹۸. تاریخی قطعہ شادی مرزا محمد ابوالحسن خاں بہادر سنہ ۱۳۰۷ھ

۹۹. تاریخی قطعہ عطیہ انگوٹھی سعادت علی خاں منجانب آصفجاہ۔ سنہ ۱۳۰۶ھ

۱۰۰. تاریخی قطعہ اور قصیدہ۔ کلیات راجہ باقی سنہ ۱۳۰۶ھ راجہ گردھاری پرشاد

۱۰۱ تاریخی قطعہ خطاب مہدی علی خاں منیر نواز جنگ سنہ ۱۳۰۴ھ

۱۰۲ تاریخی قطعہ بر کلام حکیم مسعود سنہ ۱۳۰۶ھ

۱۰۳ تاریخی قطعہ عطائے خطاب مایہ ناز دکن۔ راجہ گردھاری پرشاد بہادر باقی سنہ ۱۳۱۲ھ

۱۰۴ تاریخی قطعہ حصول شیرینی خطاب۔ مرسلہ عالی جناب راجہ باقی سنہ ۱۳۰۲ھ

۱۰۵ تاریخی قطعہ خطاب راجہ مرلی منوہر منجانب آصف دکن سنہ ۱۳۱۳ھ

۱۰۶ تاریخی قطعہ خدمت سید محمد سنہ ۱۳۱۲ھ

۱۰۷ تاریخی قطعہ شادی خورشید علی سنہ ۱۳۱۲ھ

۱۰۸ تاریخی قطعہ شادی فرزند راجہ راؤ رنبا سنہ ۱۳۱۲ھ

۱۰۹ . تاریخی قطعہ طبع دیوان داغ دہلوی سنہ ۱۳۰۶ھ

۱۱۰ . تاریخی قطعہ طبع دیوان میر تہور علی انوار سنہ ۱۳۰۶ھ

۱۱۱ . قصیدہ در تہنیت و مدح سالگرہ سراسر نشاط برای سعید ازلی میر جنید علی سلمہ اللہ نور چشم میر عبد العلی خاں نبیرہ میر جنید علی خاں سنہ ۱۳۲۰ھ . در صنعت بہزاد دادا کے نام کی وضاحت اس شعر میں کی گئی ہے . ع

اپنے دادا سے یہ مشابہ ؛ نام اس کا رکھا ہے دادا کا

۱۱۲ . تاریخی قطعہ شادی سید علی رضا سنہ ۱۳۲۵ھ سنہ ۱۳۱۶ف

۱۱۳ تاریخی قطعہ انتظام شاہ منصب مہری پرشاد سنہ ۱۳۲۴ھ

۱۱۴ تاریخی قطعہ شادی مولوی سید مہدی حسن فرزند نواب عماد الملک بہادر سنہ ۱۹۰۹ء سنہ ۱۳۲۷ھ "خیر خواہ واقعی ابو المکارم کمال الدین مرزا محمد تقی"

۱۱۵ . تاریخی قطعہ مجلس شریف درود برائے اعلیٰ حضرت . در منزل جناب نواب سالار جنگ بہادر سنہ ۱۹۱۲ء سنہ ۱۳۳۰ھ

۱۱۶ تاریخی قطعہ تہنیت رونق بخشی اعلیٰ حضرت بدولتخانہ نواب عماد الملک بہادر سنہ ۱۹۱۲ء سنہ ۱۳۳۰ھ

۱۱۷ . تاریخی قطعہ ماموری سید مہدی حسین صاحب بلگرامی سنہ ۱۹۱۲ء

۱۱۸ تاریخی قطعہ مولود صبیہ مرزا نظام شاہ لبیب سنہ ۱۳۳۴ھ

نوٹ دیا گیا ہے . . (منہ تخلص والد جناب لبیب است)

۱۱۹ تاریخی قطعہ شادی . سید مرتضیٰ بن سید محمد علی سنہ ۱۹۲۶ء سنہ ۱۳۴۴ھ

۱۲۰ . تاریخی قطعہ تقرر محمد علی سلطان بر معتمدی مالگزاری سرکار عالی ۱۳۳۵ف سنہ ۱۳۴۵ھ

۱۲۱ تاریخی قطعہ شادی مظفر حسین سنہ ۱۳۴۵ھ

۱۲۲ . اس قطعہ کے بعد کئی اوراق معرا ہیں. اس کے بعد پھر مظفر حسین کا قطعہ آیا ہے.

۱۲۳ . تاریخی قطعہ طبع تحفۃ الاحباب ترجمہ از سید تصدق حسین صاحب مولوی کنتوری سنہ ۱۳۴۵ھ

۱۲۳ . تاریخی قطعہ رحلت عزیزہ بی بی اور مبارک حسن سنہ ۱۳۴۵ھ

۱۲۴ . قصیدہ چہل سالہ سالگرہ. ایک شعر میں یہ قصیدہ شاہ تک پہنچنے کی اطلاع ہے. وہ یہ ہے. ؎

شادؔ نے کی ہے معترفی تقی ؛ شکر ہے اپنے شاہ تک پہنچا

۱۲۵ . قصیدہ. سال ماہوری سید عباس حسین اول تعلقدار نلگنڈہ. بحکم خاص آصفجاہ سنہ ۱۳۴۰ھ ۱۹۲۲ء

۱۲۶ . تاریخ قطعہ شادی. نواب سید اکبر علی خاں بہادر دلبند نواب سید غلام پنجتن خاں بہادر سنہ ۱۳۴۲ھ ۱۹۲۳ء. پہلے پنسل سے خوش خط لکھا گیا ہے. اس کے بعد پن سے جلی خط میں لکھا گیا ہے.

۱۲۷ . تاریخی قطعہ شادی اسد اللہ بیگ صاحب دلبند مولوی احمد اللہ بیگ شمسی سنہ ۱۳۴۱ھ

۱۲۸ . قصیدہ در تعریف "دیوان مسرور" مال تعلقہ سنہ ۱۳۴۱ھ

۱۲۹ . حسب خواہش رقعہ منظوم تحریر شد

۱۳۰ . تاریخی قطعہ شادی مولوی میر رضا علی صاحب نبیرہ مرزا ہمدم سنہ ۱۳۴۲ھ. قطعہ کی طوالت کا ایک شعر میں ذکر کیا گیا ہے. وہ یہ ہے. ؎

مختصر کیجیے قطعہ تاریخ ؛ ابھی سہرا ابھی تو ستانا ہے۔
عقد جائز رضا علی کا ہے۔

۱۳۱ ۔ تاریخی قطعہ شادی سید اختر حسین صاحب ۱۳۴۲ھ۔ ۱۱ اشعار ہیں۔ شاعر نے آخر میں دعوت نہ ملنے کا گلہ کیا ہے۔

۱۳۲ ۔ تاریخ قطعہ تولد فرزند احسان حسین ۱۳۲۰ھ۔

۱۳۳ ۔ تاریخی قطعہ آمد رشید حیدر آباد ۱۳۲۰ھ (پیارے صاحب رشید)

۱۳۴ ۔ تاریخی قطعہ مددگاری لطیف احمد ۱۳۱۹ف ۱۳۲۸ھ

۱۳۵ ۔ تاریخی قطعات شادی سعد جنگ بہادر ۱۹۰۹ء ۱۳۲۶ھ

۱۳۶ ۔ تاریخی قطعات تسمیہ خوانی محمد عبدالعلی دلبند محمد عبدالواحد بن مولانا محمد عبدالعلی مرحوم ۱۳۲۰ھ

۱۳۷ ۔ "یہ تاریخ بدیہہ برسر عام کہہ دی گئی۔ اور منصفان جوہر پسند کو مطبوع طبع ہوئی" تحریر ہے۔ قطعہ یہ ہے۔

ہوئے جب بزم میں کچھ منتخب لوگ ؛ یگانوں نے ہی بیگانہ سمجھا
تقی میں نے کہی فی الفور تاریخ ؛ بھی دیکھی گئی تخصیص بیجا
۱۳۲۰ھ

۱۳۸ ۔ تاریخی قطعہ وزارت دیوانی شاد۔ وزیر اعظم ۱۳۲۰ھ

۱۳۹ ۔ تاریخی قطعہ شادی راجہ صاحب ۱۳۲۰ھ

۱۴۰ ۔ تاریخی قطعہ شادی تصدق حسین ۱۳۲۰ھ بشارت حسین ۱۳۲۱ھ

۱۴۱ ۔ تاریخی قطعہ عطائے خطاب نیّر جنگ بہادر اور اختر جنگ بہادر ۱۳۱۶ھ

۱۴۲ ۔ تاریخی قطعہ شادی مولوی سید زین العابدین ۱۳۱۷ھ ۱۸۹۸ء
(یہ تاریخ دوبار لکھی گئی ہے ۔)

۱۴۳ ۔ تاریخی قطعہ رحلت۔ نواب صوفی ۱۳۲۳ھ۔ فضل اللہ شاہ ۱۳۱۴ھ

۱۴۴ ۔ تاریخی قطعہ موت ۔ اصیل مرغ ۱۳۱۳ھ

۱۴۵ ۔ تاریخی قطعات رحلت۔ خیرات علی ۱۳۱۹ھ، خیر النساء ۱۳۲۳ھ
چراغ علی ۱۳۱۲ھ

۱۴۶ ۔ تاریخی قطعہ قتل شہرت حسین ۱۳۲۱ھ (تاریخ ولادت ۱۲۸۴ھ قطعہ
کے اوپر بائیں بازو نوٹ کے طور پر لکھی گئی ہے ۔

۱۴۷ ۔ تاریخی قطعہ رحلت داغ دہلوی ۱۳۲۲ھ

۱۴۸ ۔ تاریخی قطعہ قصہ عبرت خودکشی اسد ۱۳۲۵ھ

۱۴۹ ۔ تاریخی قطعہ موت رسم کا ٹٹو ۱۳۱۰ف ۱۳۱۹ھ

۱۵۰ ۔ تاریخی قطعہ شادی جناب جوش صاحب ۱۳۲۳ف ۱۳۳۱ھ

۱۵۱ ۔ تاریخی قطعہ شادی مرزا اسمٰعیل خاں ۱۳۳۱ھ ۱۹۱۳ء

۱۵۲ ۔ تاریخی قطعہ سالگرہ آصفجاہ سابع ۱۳۳۲ھ

۱۵۳ ۔ تاریخی قطعہ رحلت میر عاشق حسین ۱۳۴۳ھ

۱۵۴ ۔ تاریخی قطعہ شادی میر تہنیت علی صاحب ۱۳۳۲ھ

۱۵۵ ۔ تاریخی قطعہ رحلت زوجہ داغ ۱۳۱۶ھ

۱۵۶ ۔ تاریخی قطعہ رحلت سید محمد علی خاں خلف نواب مہدی یار جنگ ۱۳۳۰ھ

۱۵۷ ۔ تاریخی قطعات رحلت نواب میر جعفر علی خاں ثریا یار جنگ اور فرزند نواب عسکر جنگ آفتاب الدولہ منیر الملک ۱۳۳۰ھ

۱۵۸ ۔ تاریخی قطعہ رحلت رشید لکھنوی ۱۳۳۶ھ

۱۵۹ ۔ تاریخی قطعہ آمد ۔ امیر ۔ اسیر ۔ ۱۳۱۸ھ

۱۶۰ ۔ تاریخی قطعات رحلت اسیر ۱۳۱۸ھ، نواب جعفر علی خاں ۱۳۲۲ھ شمس الامراء امیر اعظم ۔ نواب خورشید جاہ ۱۳۲۰ھ ۔ میرزا عطا علی صاحب ۱۳۲۷ھ ؎

کاش دس سال اور یہ جیتے
نام ہی سال فوت ہو جاتا

میرزا عطا علی کے اعداد ۱۳۳۷ ہوتے ہیں ۔

۱۶۱ ۔ تاریخی قطعہ رحلت غلام عابد ۱۳۱۸ھ

آغاز :۔ تو رہے شاد گھر ترا آباد ؛ دوست خوش ہوں عدو برباد
کٹ گیا ہے گلا عدو کا ترے ؛ تجھکو دیتے ہیں ہم مبارکباد

اختتام :۔ ہمیشہ اذکار نیک ہوں گے ؛ رہیگا دنیا میں نام عابد
صدایہ رضواں کی اے تقی ہے ؛ جناں کو چل او غلام عابد
۱۳۱۸ھ

نوٹ :- کمال الدین مرزا محمد تقی نام۔ جد مادری حضرت شاہ نعمت اللہ ولی کرمانیؒ ہیں۔ اور جد پدری ایک بزرگ قاسم نام گذرے ہیں۔ جن کی شہرت کرامات کے ساتھ تمام ایران میں ہے۔ تقی علم عروض و قافیہ، رمل، نجوم، انشاء، تاریخ، سیر، صرف نحو وغیرہ تمام علوم سنداولہ میں دخل رکھتے تھے۔ فارسی، عربی، خطوط اسلامیہ مثل نسخ و نستعلیق و ثلث و ریحان و رقاع و شکستہ وغیرہ سے واقف تھے۔ علاقہ دیوانی میں منصب پاتے تھے۔ نواب عماد الملک بہادر ڈائرکٹر تعلیمات نے انہیں کتب خانہ آصفیہ پر مامور فرمایا۔ اردو فارسی دونوں میں شعر کہتے تھے۔ اردو کلام میں حضرت شعلہ سے تلمذ تھا۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے۔ خمخانہ جاوید ص ۱۱۸ جلد سوم۔ تزک محبوبیہ جلد دوم دفتر ہفتم۔

تصانیف مرزا محمد تقی

(جلد ششم)

مخطوطہ نمبر ۱۱۵۱ داخلہ نمبر ۱۸۶۳۸

مضمون۔ دیوان۔ دواوین۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق ۷۶ تقطیع ۳۲x۱۹سمر مسطر ۱۰ مکمل
کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق۔

کتابت۔ نام کاتب۔ (بقلم مصنف) مقام — سنہ تصنیف —

مندرجات۔ دیوان میں پہلے فہرست غزلیات دیدی گئی ہے۔ فہرست دو اوراق پر مشتمل ہے اور اعداد سلسلہ وار نہیں ڈالے گئے ہیں۔ اس کے بعد ایک ورق بادامی رنگ کا ہے جس میں فارسی قصیدہ (صحت یابی) سنہ ۱۳۱۳ھ کا ہے۔ اس کے بعد (واقع بارہ دری مختار الملک مرحوم مطبوعہ مطبع رحمانی) تحریر درج ہے۔ دیوانِ اُردو کی ابتداء ہوتی ہے۔ الف کی ردیف کے بعد صفحہ نمبر ۱۹ سے ۳۰ تک معرا ہیں۔ "ر" "ل" "م" اور "ن" کی ردیف کے درمیانی اوراق معرا ہیں۔ پھر صفحہ نمبر ۶۸ سے ۹۰ تک معرا ہیں اس کے بعد "ی" کی ردیف ہے۔ کل ۴۶ غزلیں ہیں۔ بعض غزلیں ادھوری ہیں مکمل کرنے کے لئے آدھے آدھے صفحات چھوڑدیے گئے ہیں۔ اور نیچے مقطع لکھا گیا ہے

لیکن غزل مکمل نہیں لکھی گئی ہے۔ اشعار پر کہیں چلیپا لگایا گیا ہے اور کہیں صاد کا نشان ہے۔ بعض غزلوں میں شعلہ (استادِ شاعر) شاداں۔ شاد آصف سادس وغیرہ کی ثنا خوانی ہے۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل قطعات ہیں قطعات سے پہلے عنوانات دیے گئے ہیں۔ قطعات پر تاریخیں فصلی، ہجری، اور عیسوی میں لکھی گئی ہیں۔ تاریخیں حروف مہملہ، حروف معجمہ۔ صنعت زبر و بینہ میں ہیں۔ چند قطعات مخطوطہ نمبر ۱۱۰۵ (جلد پنجم) میں موجود ہیں۔

۱ ۔ قطعہ۔ شادی اور سہرا سید محمود نور چشم نواب نیر جنگ ۱۹۱۷ء ۱۳۳۵ھ ۱۳۲۶ف

۲ ۔ قطعہ۔ ماموری عدالت و امور عامہ۔ محمد ولی الدین خاں بہادر معین المہام ۱۹۱۷ء

۳ ۔ قطعہ۔ ماموری۔ ظفر انتساب شمس فلک شجاعت آیۂ الطاف یزدان نواب افخم محمد لطف الدین خاں بہادر معین المہام فوج دام لطفہٗ ۱۹۱۷ء

۴ ۔ قصیدہ در شان آصف جاہ (مخطوطہ نمبر ۱۱۰۵ میں بھی آیا ہے)

۵ ۔ قطعہ شادی سید لائق علی خاں ۱۹۱۷ء

۶ ۔ قطعہ۔ شادی جوہر نقوی ۱۹۱۷ء

۷ ۔ قطعہ عطائے خطاب غیاث الدین خاں اظہر جنگ بہادر ۱۹۱۷ء

۸ ۔ قطعہ۔ طبع اربعین۔ مولوی حکیم سید نظر حسن صاحب ۱۹۲۲ء

۹ ۔ قطعہ۔ خطاب نواب فصیح الدین خاں بہادر ۱۹۲۴ء

۱۰ ۔ قطعہ حصول خطاب مایہ دانش، ذوالقدر جنگ بہادر ۱۸۹۵ء

۱۱ ۔ قطعہ شادی سید محمد ضامن کنتوری

۱۲ - قطعہ فارسی حسب فرمائش آقا سید نور الدین موسوی ۱۳۴۱ھ

۱۳ - قطعہ فارسی ۔ سال رود شعرائی منتخب ۔ نواب بہرام صولت بہرام الدولہ بہادر ۱۹۲۲ء

ابتداء ۔ دیکھتا یار میں کس آنکھ سے جلوا ترا
محو نظارہ رہا صورت موسیٰ ترا

اختتام دیوان :۔ مت بے دین کو تھی خوف خدا ہو کیوں کر
کعبۂ دل کے یہی لوگ ہیں ڈھانے والے

اختتام :۔ جو نواب بہرام صولت نمود ؛ سنہ ۳ تن منتخب شاعر ذی ہنر
ز القاب شان گفت تقی ؛ فرید ادیب و شدید و شرر
۱۳۴۱ھ

خزینۂ سخن

تجلی ۔ تجلی علی ۔ شاہ

مخطوطہ نمبر: ۱۶۱۹ داخلہ نمبر: ۲۴۳۳۶

فن شاعری: قصائد (دو دادین)۔

کیفیت و خصوصیات: اوراق (۳۳۶)، تقطیع (۲۵×۱۴) سمر، سطر (۱۴) کاغذ (دیسی)، خط (نستعلیق)، جدول۔ سرخ لکیروں کا پہلا درق خوبصورت نقش۔

مندرجات: اس مجموعہ میں متعدد شعراء کے قصائد و رباعیات تاریخی اعتبار سے ہیں جن کو تجلی نے ترتیب دے کر شامل کیا ہے اور یہ قصیدے حیدر آباد کے مشہور و معروف وزیر نواب ارسطو جاہ کی تعریف میں ہیں۔ یہ مخطوطہ بڑا نادر و نایاب ہے۔ ابتداء میں مطلع، لوح اور مطلع جدول بھی ہے۔ پوری کتاب پر لال روشنائی سے جدول کھینچی گئی ہے۔ لوح کی ابتداء میں لال روشنائی سے "یا علی" لکھا گیا ہے۔ ابتداء میں دیباچے کے بعد تاریخیں ہیں۔ اس کے بعد میر عباس علی خاں تخلص احسان کی تاریخ سے آغاز کیا گیا ہے

تجلی نے مختلف شعراء کے قصائد کے علاوہ تاریخیں بھی جمع کی ہیں۔ نواب موصوف کا اردو اور فارسی کلام نمونتہً دیا گیا ہے اور مرتب کا کلام (اردو فارسی) بھی شامل ہے۔ اختتام سے قبل "ارسطو جاہ" کی تعریف میں ۱۲۱۲ھ درج ہے۔ فارسی شعراء کے نام یہ ہیں:

غلام علی ارشد۔ عباس علی احسان۔ بشیر محمد خاں ایمان۔ انور الدولہ انور۔

شاہ تجلی علی تجلی۔ اسد علی خاں تمنا۔ محمد تقی۔ تقی۔ تولہ رام۔ تولہ۔ صادق علی تاثیر۔ ثابت۔
میر حسن علی خاں جولاں۔ جعفری۔ حیا۔ سید حسین۔ حسینی۔ حکیم۔ خسرو۔ خاص۔ دل۔ سید
امتیاز خاں۔ ذکا۔ ذکی۔ رضا۔ رسا۔ ریاض۔ رفیق۔ زائر۔ ۔ زماں۔ سیاح۔
سکندر۔ سخن۔ میر حسین۔ ساقی۔ محمد خلیل خاں۔ سحر۔ سید محمد۔ سداننّد۔ سلام اللہ۔
